تنظیم المدارس (اہلِ سنّت) پاکستان کے جدید نصاب کے عین مطابق

برائے طالبات

نورانی گائیڈ

حل شدہ پرچہ جات

عامہ 2

سوالیہ پرچہ کے ساتھ

مفتی محمد احمد نورانی دامت برکاتہم عالیہ

شبیر برادرز اردو بازار لاہور

H-M-HASNAIN-ASADI

درس نظامی کے طلباء وطالبات کے لیے

خوشخبری

الحمدللہ نورانی گائیڈز اپڈیٹ کردی گئی ہیں

2014 سے 2020 تک کے تمام حل شدہ پرچہ جات

برائے طالبات

نورانی گائیڈ

PDF

Read Online

Download PDF

پیشکش

حافظ محمد حسنین اسدی +923145879123

ترتیب

﴿درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2016ء﴾

☆ پہلا پرچہ: قرآن مجید (ترجمہ)	۵	☆ دوسرا پرچہ: حدیثِ نبوی	۹
☆ تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ	۱۴	☆ چوتھا پرچہ: صرف	۱۸
☆ پانچواں پرچہ: عربی ادب	۲۳	☆ چھٹا پرچہ: انگلش وریاضی	۲۸

﴿درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2017ء﴾

☆ پہلا پرچہ: قرآن مجید (ترجمہ)	۳۶	☆ دوسرا پرچہ: حدیثِ نبوی	۴۰
☆ تیسرا پرچہ: صرف	۴۴	☆ چوتھا پرچہ: نحو	۴۸
☆ پانچواں پرچہ: عربی ادب	۵۲	☆ چھٹا پرچہ: انگلش وریاضی	۵۷

﴿درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2018ء﴾

☆ پہلا پرچہ: قرآن مجید (ترجمہ)	۶۵	☆ دوسرا پرچہ: حدیثِ نبوی	۶۹
☆ تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ	۷۳	☆ چوتھا پرچہ: صرف	۷۹
☆ پانچواں پرچہ: نحو	۸۴	☆ چھٹا پرچہ: عربی	۸۹

﴿درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2019ء﴾

☆ پہلا پرچہ: قرآن مجید (ترجمہ)	۹۸	☆ دوسرا پرچہ: حدیثِ نبوی	۱۰۳
☆ تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ	۱۰۸	☆ چوتھا پرچہ: صرف	۱۱۲
☆ پانچواں پرچہ: نحو	۱۱۷	☆ چھٹا پرچہ: عربی	۱۲۴

﴿درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2020ء﴾

☆ پہلا پرچہ: قرآن مجید (ترجمہ)	۱۳۱	☆ دوسرا پرچہ: حدیثِ نبوی	۱۳۵
☆ تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ	۱۴۰	☆ چوتھا پرچہ: صرف	۱۴۵
☆ پانچواں پرچہ: نحو	۱۴۹	☆ چھٹا پرچہ: عربی ادب	۱۵۳

H-M-HASNAIN-ASADI

عرضِ ناشر

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّيۡ وَنُسَلِّمُ عَلٰى رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ!

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَارَسُوۡلَ اللّٰهِ وَعَلٰى اٰلِكَ وَاَصۡحَابِكَ يَا حَبِيۡبَ اللّٰهِ

ہمارے ادارہ کے قیام کے بنیادی مقاصد میں سے ایک یہ بھی تھا کہ قرآن کریم کے تراجم وتفاسیر، کتب احادیث نبوی کے تراجم وشروحات، کتب فقہ کے تراجم وشروحات، کتب درس نظامی کے تراجم وشروحات اور بالخصوص نصاب تنظیم المدارس (اہل سنت) پاکستان کے تراجم وشروحات کو معیاری طباعت اور مناسب داموں میں خواص وعوام اور طلباء وطالبات کی خدمت میں پیش کیا جائے۔ مختصر عرصہ کی مخلصانہ سعی سے اس مقصد میں ہم کس حد تک کامیاب ہوئے ہیں؟ یہ بات ہم قارئین پر چھوڑتے ہیں۔ تاہم بطور فخر نہیں بلکہ تحدیث نعمت کے طور پر ہم اس حقیقت کا اظہار ضرور کریں گے کہ وطن عزیز پاکستان کا کوئی جامعہ، کوئی لائبریری، کوئی مدرسہ اور کوئی ادارہ ایسا نہیں ہے جہاں ہماری مطبوعات موجود نہ ہوں۔ فالحمد للہ علی ذلک

علوم وفنون کی اشاعت کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ طلباء وطالبات کی آسانی اور امتحان میں کامیابی کے لیے تنظیم المدارس (اہل سنت) پاکستان کے سابقہ پرچہ جات حل کر کے پیش کیے جائیں۔ اس وقت ہم "نورانی گائیڈ (حل شدہ پرچہ جات)" کے نام سے تمام درجات کی طالبات کے لیے علمی تحفہ پیش کر رہے ہیں، جو ہمارے قلمی معاون جناب مفتی محمد احمد نورانی صاحب کے قلم کا شاہکار ہے۔ نصابی کتب کا درس لینے کے بعد اس حل شدہ پرچہ جات کا مطالعہ سونے پر سہاگہ کے مترادف ہے اور یقینی کامیابی کا ضامن ہے۔ اس کے مطالعہ سے ایک طرف تنظیم المدارس کے پرچہ جات کا خاکہ سامنے آئے گا اور دوسری طرف ان کے حل کرنے کی عملی مشق حاصل ہوگی۔ اگر آپ ہماری اس کاوش کے حوالے سے اپنی قیمتی آراء دینا پسند کریں، تو ہم ان آراء کا احترام کریں گے۔

آپ کا مخلص: شبیر حسین

﴿درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2014ء﴾

پہلا پرچہ: قرآن مجید (ترجمہ)

سوال 1: (الف) ذیل کے اجزاء کا بامحاورہ اردو ترجمہ خوشخط لکھیں؟

(۱) وَاعۡتَصِمُوۡا بِحَبۡلِ اللّٰهِ جَمِيۡعًا وَّلَا تَفَرَّقُوۡا وَاذۡكُرُوۡا نِعۡمَتَ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ اِذۡ كُنۡتُمۡ اَعۡدَآءً فَاَلَّفَ بَيۡنَ قُلُوۡبِكُمۡ فَاَصۡبَحۡتُمۡ بِنِعۡمَتِهٖۤ اِخۡوَانًا ۚ وَكُنۡتُمۡ عَلٰى شَفَا حُفۡرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنۡقَذَكُمۡ مِّنۡهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمۡ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُوۡنَ ○ وَلۡتَكُنۡ مِّنۡكُمۡ اُمَّةٌ يَّدۡعُوۡنَ اِلَى الۡخَيۡرِ وَيَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ ؕ وَاُولٰۤئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ○

(۲) وَمَا كَانَ لِمُؤۡمِنٍ اَنۡ يَّقۡتُلَ مُؤۡمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنۡ قَتَلَ مُؤۡمِنًا خَطَـًٔا فَتَحۡرِيۡرُ رَقَبَةٍ مُّؤۡمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهۡلِهٖۤ اِلَّاۤ اَنۡ يَّصَّدَّقُوۡا ؕ فَاِنۡ كَانَ مِنۡ قَوۡمٍ عَدُوٍّ لَّكُمۡ وَهُوَ مُؤۡمِنٌ فَتَحۡرِيۡرُ رَقَبَةٍ مُّؤۡمِنَةٍ ؕ وَاِنۡ كَانَ مِنۡ قَوۡمٍۢ بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَهُمۡ مِّيۡثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهۡلِهٖ وَتَحۡرِيۡرُ رَقَبَةٍ مُّؤۡمِنَةٍ ۚ فَمَنۡ لَّمۡ يَجِدۡ فَصِيَامُ شَهۡرَيۡنِ مُتَتَابِعَيۡنِ تَوۡبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيۡمًا حَكِيۡمًا ○

(۳) وَّبِكُفۡرِهِمۡ وَقَوۡلِهِمۡ عَلٰى مَرۡيَمَ بُهۡتَانًا عَظِيۡمًا ○ وَّقَوۡلِهِمۡ اِنَّا قَتَلۡنَا الۡمَسِيۡحَ عِيۡسَى ابۡنَ مَرۡيَمَ رَسُوۡلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوۡهُ وَمَا صَلَبُوۡهُ وَلٰـكِنۡ شُبِّهَ لَهُمۡ ؕ وَاِنَّ الَّذِيۡنَ اخۡتَلَفُوۡا فِيۡهِ لَفِىۡ شَكٍّ مِّنۡهُ ؕ مَا لَهُمۡ بِهٖ مِنۡ عِلۡمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوۡهُ يَقِيۡنًا ○ بَلۡ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيۡهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيۡزًا حَكِيۡمًا ○

(ب) درج ذیل الفاظ قرآنیہ کے معانی لکھیں؟

H-M-HASNAIN-ASADI

اَبْنَاءَ هُمْ، مُوَلِّيْهَا، اَلْجُوْعُ، خُطُوَاتِ الشَّيْطٰنِ، وَقُوْدُ النَّارِ،
مُحَرَّرًا، عَاقِرٌ، حَنِيْفًا، طَوْعًا، فَتَيٰتِكُمْ، مُحْضَرًا، اَمَدًا بَعِيْدًا۔

جواب (الف) ترجمہ آیات قرآنیہ:

(۱) اور تم سب کے سب اللہ کی رسی (دین) کو مضبوطی کے ساتھ پکڑلو، تم فرقوں میں پڑو اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کو یاد کرو جو اس نے تم پر کی۔ جب تم باہم دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں محبت ڈال دی تو تم اس نعمت کی وجہ سے بھائی بھائی بن گئے۔ تم جہنم کے گڑھے کے کنارے پر پہنچ چکے تھے تو اس نے تمہیں اس سے بچالیا۔ اس طرح اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی نشانیاں بیان کرتا ہے تا کہ تم ہدایت یافتہ ہو جاؤ۔ تم میں سے ایک جماعت ایسی ہونی چاہیے جو نیکی کی دعوت دے، نیکی کا حکم کرے اور برائی سے منع کرے، اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

(۲) مسلمان کی یہ شان نہیں ہے کہ وہ کسی مسلمان کو قتل کرے مگر غلطی سے جس شخص نے کسی مومن کو غلطی سے قتل کر دیا تو اس کے ذمہ غلام کو آزاد کرنا اور مقتول کے ورثاء کو پوری دیت پیش کرنا ہے، مگر جب کہ ورثاء (اسے معاف کر دیں)۔ پھر اگر وہ اس قوم سے متعلق ہو جس سے تمہاری عداوت ہو تو صرف ایک مسلمان غلام آزاد کرنا ہے، اور اگر وہ (مقتول) ایسی قوم سے متعلق ہو جس سے تمہارا عہد و پیمان ہو تو ورثاء کے لیے پوری دیت پیش کرنا ہو گی اور مسلمان غلام آزاد کرنا ہو گا۔ جو شخص اس کی طاقت نہ رکھے تو وہ مسلسل دو مہینوں کے روزے رکھے اور اللہ تعالیٰ سے توبہ بجا لائے۔ بیشک اللہ تعالیٰ جاننے والا حکمت والا ہے۔

(۳) اور اس لیے کہ انہوں نے کفر کیا اور مریم پر انہوں نے بہت بڑا بہتان باندھا۔ اور ان کا یہ بات کہنا کہ بیشک ہم نے مسیح عیسیٰ بن مریم جو رسول اللہ ہیں، کو قتل کر دیا۔ انہوں نے آپ کو نہ قتل کیا اور نہ صولی پر چڑھایا لیکن ان میں سے ان کے لیے ایک شبیہ بنا دیا گیا۔ بیشک وہ لوگ جو اس بارے میں اختلاف کا شکار ہیں پس وہ شک کا شکار ہیں۔ نہیں ہے ان کی سمجھ میں سوائے گمان کی پیروی کے۔ انہوں نے یقیناً انہیں (حضرت

عیسیٰ علیہ السلام کو) قتل نہیں کیا بلکہ اللہ تعالیٰ نے اسے اپنی طرف اٹھا لیا تھا اور اللہ تعالیٰ کامل حکمت والا ہے۔

(ب) الفاظ قرآنیہ کے معانی:

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اَبْنَاءَ هُمْ	ان کے بیٹے	مُوَلِّيْهَا	اس طرف منہ کرنے والا
اَلْجُوْعُ	بھوک	خُطُوَاتِ الشَّيْطٰنِ	شیطان کے پیچھے
وَقُوْدُ النَّارِ	آگ کی جلن	مُحَرَّرًا	آزاد
عَاقِرٌ	بانجھ	حَنِيْفًا	جدا، محتاط
طَوْعًا	خوشی	فَتَيٰتِكُمْ	تمہاری کنیزیں، بیٹیاں
مُحْضَرًا	حاضر، موجود	اَمَدًا بَعِيْدًا	دور کی گمراہی، دور کا زمانہ

سوال 2: درج ذیل آیات کا اردو میں ترجمہ کریں؟

(۱) ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ وَّغَرَّهُمْ فِىْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ۝

(۲) رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا۝

(۳) وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِىْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِيْهَا وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا۝

جواب: آیات قرآنیہ کا ترجمہ:

(۱) یہ جرأت انہیں اس لیے ہوئی کہ انہوں نے کہا کہ ہمیں آگ نہیں چھوئے گی مگر چند گنتی کے دن۔ اور ان کے دین میں انہیں فریب دیا اس جھوٹ نے جو وہ باندھتے تھے۔

(۲) رسول خوشخبری سنانے والے اور ڈر سنانے والے ہیں تا کہ رسولوں کے بعد اللہ تعالیٰ کے پاس لوگوں کا کوئی عذر باقی نہ رہے۔ اور اللہ تعالیٰ غالب و حکمت والا ہے۔

H.M.HASNAIN ACADEMY

(۳) اور تم بیوقوف لوگوں کو اپنا وہ مال نہ دو جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے گزر اوقات کے لیے دیا۔ اور تم انہیں کھلاؤ، پہناؤ اور ان سے نرم لہجہ میں بات کرو۔

سوال 3: درج ذیل اجزاء قرآنیہ کا با محاورہ ترجمہ کریں؟

(۱) یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا یَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ط وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ج

(۲) یَسْتَفْتُوْنَكَ ط قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْكُمْ فِی الْكَلٰلَةِ ط اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَیْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗٓ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ج

(۳) فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَیْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ط وَالّٰتِیْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِی الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ج

جواب: اجزاء قرآنیہ کا با محاورہ ترجمہ:

(۱) اے ایمان والو! تم اغیار کو اپنے راز دان نہ بناؤ، وہ تمہاری برائی بیان کرنے میں کمی نہیں کرتے، ان کی دلی خواہش ہے کہ تمہیں ایذا پہنچے۔

(۲) (اے محبوب!) وہ لوگ آپ سے فتویٰ لیتے ہیں۔ آپ فرمادیں کہ کلالہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ تمہیں فتویٰ دیتا ہے۔ اگر ایسا شخص ہلاک ہوجائے نہ اس کی اولاد ہو اور اس کی ایک بہن ہو تو مال وراثت کا نصف اسے ملے گا۔

(۳) نیک بخت عورتیں ادب والیاں ہیں خاوند کے پیچھے حفاظت کرتی ہیں جس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے حفاظت کرنے کا حکم دیا۔ جن عورتوں کی نافرمانی کا تمہیں خوف ہو تو تم انہیں نصیحت کرو، ان سے علیحدگی اختیار کرو اور انہیں مارو۔

سوال 4: (الف) درج ذیل آیات کا اس طرح ترجمہ کریں کہ مفہوم واضح ہوجائے:

(۱) هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِیَّا رَبَّهٗ ج قَالَ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ج اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ o

(۲) اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ط وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِیْهِ اخْتِلَافًا كَثِیْرًا o

(ب) درج ذیل الفاظ قرآنیہ کے معانی لکھیں؟

تَنْكِیْلًا، كِفْلٌ، مُقِیْتًا، فَحَیُّوْا، اَلسَّبْتِ، غُلْفٌ، مَصَصْنَاهُمْ، سَعِیْرًا، رِبِّیُّوْنَ، قَرْحٌ، بُشْرٰی، وُجُوْهٌ۔

جواب: (الف) آیات مبارکہ کا ترجمہ:

(۱) یہاں سے حضرت زکریا علیہ السلام نے اپنے رب کو پکارا، انہوں نے کہا: اے میرے پروردگار! تو اپنی طرف سے مجھے ستھری اولاد عطا فرما۔ بیشک تو ہی دعا کو سننے والا ہے۔

(۲) لوگ قرآن کریم میں کیوں غور وفکر نہیں کرتے؟ اگر یہ اللہ تعالیٰ کے غیر کی طرف سے ہوتا تو لوگ اس میں کثیر اختلافات پاتے۔

(ب) الفاظ قرآنیہ کے معانی:

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
تَنْكِیْلًا	سخت عذاب	كِفْلٌ	حصہ
مُقِیْتًا	قدرت والا	اَلسَّبْتِ	ہفتہ کا دن
فَحَیُّوْا	تم جواب دو	غلف	پردہ
وَمَصَصْنَاهُمْ	ہم نے انہیں بیان کیا	نَقِیْرًا	تل برابر
سَعِیْرًا	بھڑکتی ہوئی آگ	رِبِّیُّوْنَ	اللہ والے، رب والے
قَرْحٌ	زخم	بُشْرٰی	خوشخبری
وُجُوْهٌ	چہرے		

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

﴿درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2014ء﴾

دوسرا پرچہ: حدیثِ نبوی

سوال 1: درج ذیل احادیث کا ترجمہ وتشریح اختصار سے بیان کریں؟

(۱) اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ ۔

(۲) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِیْہِمَا کَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ: اَلصِّحَّۃ والفراغ ۔

(۳) صدقہ کی فضیلت پر حدیث لکھیں؟

(۴) ولو فرسن شاۃ سے کیا مراد ہے؟

(۵) من دل علی خیر فلہ مثل اجر فاعلہ ۔

جواب: احادیث مبارکہ کا ترجمہ اور مختصر تشریح:

(۱) ترجمہ: بیشک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

تشریح: انسان کو اس کی نیت کے مطابق ثواب دیا جاتا ہے۔ اگر اس کی نیت اچھی ہے تو حسن نیت کا ثواب علیحدہ اور نیک کام کا ثواب الگ دیا جاتا ہے۔ اگر نیت بد ہو تو جب تک اس کام کو انجام نہ دیا جائے' وہ شخص اس کی سزا کا حقدار نہیں ہوگا۔ روایات مختلف ہیں، کسی روایت میں لفظ "نیت" کو واحد اور کسی میں بطور جمع لایا گیا ہے۔ جس طرح زیر مطالعہ حدیث میں ہے۔

(۲) ترجمہ: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو نعمتیں ایسی ہیں جن میں عموماً لوگ گھاٹے میں رہتے ہیں، وہ یہ ہیں (۱) صحت، (۲) فراغت۔

تشریح: اس حدیث میں کہا گیا ہے کہ دو نعمتوں میں انسان فائدہ اٹھانے کی بجائے نقصان میں رہتا ہے۔ ایک صحت وتندرستی ہے۔ اس حالت میں اللہ تعالیٰ کی نعمت کا شکر ادا کرتے ہوئے نیک اعمال کرنے چاہئیں لیکن عموماً انسان اس سے محروم رہتا ہے۔ یہی

حالت دوسری یعنی فراغت وفراست کی ہے۔

(۳) فضیلت صدقہ پر حدیث:

عن عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول: اتقوا النار ولو بشق تمرۃ (متفق علیہ) ۔ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ تم آگ سے بچو اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا دے کر۔

(۴) ولو فرسن شاۃ کا مفہوم:

حدیث کے ان الفاظ میں اللہ کی راہ میں صدقہ کرنے کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ انسان کو اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کے حصول کے لیے کوشاں رہنا چاہیے اور اس کا بہترین ذریعہ صدقہ کرنا ہے۔ وہ صدقہ بھی خواہ معمولی چیز یعنی بکری کا پاوا ہی کیوں نہ ہو۔ اس عبارت سے مراد بکری کی بھنی ہوئی کھری ہے۔

(۵) ترجمہ: جس شخص نے نیکی کی رہنمائی کی اسے اس پر عمل کرنے والے کی مثل ثواب ملتا ہے۔

تشریح: کسی بھی نیک کام کی کسی کو ترغیب وتلقین اور رہنمائی کرنا باعث اجر ہے۔ جیسے رہنمائی کی گئی ہو وہ اس تلقین پر عمل پیرا ہو تو ملقن ورہنمائی کرنے والے کو اس کے ثواب کے برابر اجر دیا جاتا ہے۔

سوال 2: درج ذیل کا ترجمہ وتشریح اور قرب الٰہی کے مراحل بیان کریں؟

عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: اذا تقرب العبد الی شبرا تقربت الیہ ذراعا واذا تقرب الی ذراعا تقربت منہ باعا واذا اتانی یمشی اتیتہ ھرولۃ ۔

جواب، ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے یوں نقل کیا جب بندہ ایک بالشت میری طرف بڑھتا ہے تو میں ایک ہاتھ اس کی طرف بڑھتا ہوں، جب وہ ایک ہاتھ میری طرف بڑھتا ہے تو میں دو ہاتھ اس

HM-HASNAIN-ASADI

کی طرف بڑھتا ہوں اور جب وہ میری طرف چل کر آتا ہے تو میں دوڑتا ہوا اس کی طرف جاتا ہوں۔

قرب خداوندی کے مراحل:

اس روایت میں قرب خداوندی کے حصول کے تین مراحل بیان کیے گئے ہیں۔(۱) جب بندہ نوافل وعبادت وغیرہ کے باعث ایک بالشت اللہ تعالیٰ کی طرف بڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک ہاتھ کے مساوی قرب عطا کیا جاتا ہے۔(۲) اگر بندہ ایک ہاتھ بڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے دو ہاتھ کا قرب عطا کیا جاتا ہے۔(۳) اگر انسان یہ قرب پیدل چل کر حاصل کرنے کی سعی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس سے بھی زیادہ سرعت کے ساتھ قرب عطا کیا جاتا ہے۔

یہ حدیث قدسی کا ایک حصہ ہے جبکہ دوسرا حصہ میں اس کا نتیجہ یوں بیان کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ عبادت وریاضت کے ذریعے بندہ جب میرا قرب حاصل کر لیتا ہے تو میں اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے، میں اس کے کان بن جاتا ہوں جن سے وہ سنتا ہے اور میں اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں جن سے وہ پکڑتا ہے۔

سوال 3: درج ذیل حدیث کا ترجمہ وتشریح اور اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اہمیت حدیث کی روشنی میں اجاگر کریں؟

عن ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: کل امتی یدخلون الجنۃ الامن ابی، قیل ومن یأبی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم؟ قال من اطاعنی دخل الجنۃ ومن عصانی فقد ابی ۔

جواب، ترجمہ حدیث: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری تمام امت جنت میں جائے گی مگر جس نے انکار کیا۔ عرض کیا گیا: کس نے انکار کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم؟ آپ نے جواب دیا: جس نے میری اطاعت کی وہ جنت میں داخل ہوگا اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے انکار کیا۔

تشریح اور اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اہمیت:

اس حدیث مبارکہ میں امت اجابت کو جنتی قرار دیا گیا ہے اور یہی امت اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حامل ہے اور یہی جنت میں داخل ہوگی۔ امت دعوت جنت میں داخل نہیں ہوگی کیونکہ وہ نافرمان ہے۔ اس سے اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اہمیت واضح ہوجاتی ہے۔

اس سلسلے میں ایک مشہور روایت ہے کہ حضرت ابوایاس سلمہ بن عمرو بن اکوع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں بائیں ہاتھ سے کھانا کھایا۔ آپ نے اسے فرمایا: تم دائیں ہاتھ سے کھانا کھاؤ، اس نے کہا میں دائیں ہاتھ سے کھانا نہیں کھا سکتا۔ آپ نے فرمایا: تجھے اس کی طاقت ہی نہ ہو یعنی تو دائیں ہاتھ سے کھانا نہ کھا سکے۔ اس نے یہ سب کچھ تکبر وغرور کی وجہ سے کیا تھا تو اس کے بعد اس کا دایاں ہاتھ منہ تک نہ پہنچ سکا۔

سوال 4: حدیث کی روشنی میں امر بالمعروف والنھی عن المنکر کی اہمیت بیان کریں، نیز ایمان کے ساتھ تعلق کو واضح کریں؟

عن ابی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول: من رأی منکم منکرا فلیغیر بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ، فان لم یستطع فبقلبہ وذلک اضعف الایمان ۔

جواب: امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی اہمیت اور ایمان کے ساتھ اس کا تعلق:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق امر بالمعروف والنھی عن المنکر کے تین درجات ہیں: (۱) جب کسی برائی کو دیکھے تو اسے اپنے ہاتھ کی قوت سے روکنے کی کوشش کرے۔(۲) اگر ہاتھ سے روکنے کی طاقت نہ ہو تو اسے اپنی زبان سے روکنے کی کوشش کرے۔(۳) اگر زبان سے روکنے کی بھی قوت حاصل نہ ہو تو اپنے دل سے برا سمجھے۔ یہ ایمان کا ادنیٰ درجہ ہے۔

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا ایمان کے ساتھ گہرا تعلق ہے۔ نیک اعمال اور امور

H-M-HASNAIN ASADI

خیر سے ایمان مضبوط ہوتا ہے اوران کے ارتکاب سے ایمان کمزور ہوتا ہے۔ایمان کے کامل ہونے کا تقاضا یہ ہے کہ نیک امور اور اعمال خیر کو اپنایا جائے اور امور بد کو نظرانداز کیا جائے۔

سوال5: وعن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: المسلم اخوالمسلم لایظلمه ولایسلمه . من کان فی حاجة اخیه کان اللہ فی حاجته ومن فرج کربة فرج اللہ تعالیٰ عنه کربة من کرب یوم القیامة، ومن ستره اللہ تعالیٰ یوم القیامة .

مذکورہ حدیث کی روشنی میں تعلقات اور باہمی معاملات پر مختصر مگر جامع نوٹ لکھیں؟

جواب: حدیث مذکورہ کی روشنی میں تعلقات اور باہمی معاملات پر مضمون:

مذکورہ حدیث میں خوبصورت پیرائے میں تعلقات اور باہمی معاملات کو بیان کیا گیا ہے جس کا خلاصہ اوراہم پہلو ذیل میں پیش کیے جاتے ہیں:

☆-کلمہ گو مسلمان باہم بھائی بھائی ہوتے ہیں جو ظلم وستم سے احتراز کرتے ہیں اور معاونت وامداد کا رشتہ قائم کرتے ہیں۔

☆- جو مسلمان، اپنے مسلمان بھائی کی معاونت کے لیے وقت لگاتا ہے یا مالی تعاون کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی معاونت کرتا ہے اوراس کے معاملات سدھار دیتا ہے۔

☆- جو مسلمان اپنے بھائی کی پریشانی دور کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پریشانی دور کرے گا۔ قیامت کے دن کی پریشانی دنیاوی پریشانی سے کئی درجے زیادہ پریشان کن اور بھاری ہوگی۔

☆-جب مسلمان اپنے مسلمان بھائی کا عیب دیکھ کر اس پر پردہ ڈالے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے عیوب پر پردہ ڈالے گا۔

سوال6: عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم ابغض الحلال الی اللہ الطلاق .

حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں اور طلاق کی اقسام تفصیلات بیان کریں؟

جواب، ترجمہ حدیث: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حلال چیزوں میں سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بری چیز طلاق ہے۔

اقسام طلاق: طلاق کی تین اقسام ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

(۱) طلاق احسن:

شوہر اپنی بیوی کو ایسے طہر میں ایک طلاق رجعی دے کہ اس میں وطی نہ کی ہو اور پھر اسے عدت مکمل ہونے تک چھوڑ دے۔

(۲) طلاق حسن:

غیر موطوءہ کو طلاق دی خواہ حیض کے دنوں میں دی ہو یا موطوءہ کو تین طہر میں تین طلاقیں دیں بشرطیکہ ان طہروں میں وطی کی ہو نہ حیض میں یا تین مہینے میں تین طلاقیں اوراس عورت کو دیں جسے حیض نہ آیا ہو۔

(۳) طلاق بدعی:

ایک طہر میں دو یا تین طلاقیں دے، تین بار یا دو بار یا ایک ہی بار تین طلاقیں دے۔

سوال7: عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم: الایمان بضع وسبعون اوبضع وستون شعبة فافضلها قول لا اله الا اللہ وادناها اماطة الاذیٰ عن الطریق والحیاء شعبة من الایمان .

حدیث شریف کا ترجمہ کریں۔شرم وحیا ایمان کا حصہ ہے، اس پر جامع مضمون سپرد قلم کریں؟

جواب، ترجمہ: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان کے تہتر یا تریسٹھ شعبے ہیں، ان میں سے افضل لا اله الا اللہ اور ادنیٰ درجے کا شعبہ راستے سے تکلیف دے چیز کو دور کرنا ہے۔شرم وحیاء بھی ایمان کا حصہ ہے۔

شرم وحیاء ایمان کا حصہ ہے: شرم وحیاء یعنی برائی سے اجتناب واحتراز بھی ایمان

H-M-HASNAIN-ASADI

کا حصہ ہے۔ ایمان کے متعدد شعبہ جات ہیں، ان کی تعداد تریسٹھ سے لے کر تہتر تک بیان کیے گئے ہیں۔ افضل شعبہ کلمہ طیبہ اور ادنیٰ درجہ نقصان دہ چیز کو راستہ سے دور کرنا ہے۔ گویا افضل وظیفہ بھی ایمان ہے اور معمولی نیکی کرنا بھی ایمان کا حصہ ہے۔ گناہ یا برائی سے گھن آنا شرم وحیاء ہے اور شرم وحیاء کو ایمان کا حصہ قرار دیا گیا ہے جس میں شرم وحیاء کا مادہ نہ ہو وہ کامل ایماندار بھی نہیں ہوسکتا۔ اس مضمون میں کوئی ایک روایت میں یوں بیان کیا گیا ہے کہ جس میں حیاء نہ ہو وہ جو دل میں آئے کرتا پھرے۔ اس سے معلوم ہوا کہ شرم وحیاء اور ایمان کا باہم چولی دامن کا تعلق ہے جو کبھی منقطع نہیں ہوسکتا۔

☆☆☆☆☆

﴿درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2014ء﴾

تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ

حصہ اوّل: عقائد

سوال 1: (الف) عقیدہ توحید کسے کہتے ہیں؟ مفصل طور پر تحریر کریں؟

(ب) حلول، اتحاد اور محال کی تعریفات زینت قرطاس فرمائیں؟

جواب: (الف) عقیدہ توحید کی وضاحت:

اللہ تعالیٰ اپنی ذات، صفات، افعال اور اسماء میں اکیلا ہے، ان کے تقاضوں میں یکتا ہے اور اس کا کوئی ہمسر نہیں ہے۔ وہ ازلی وابدی اور قدیم ہے۔ اس کے علاوہ ہر چیز غیر مستقل وحادث ہے۔ وہ حی (زندہ) ہے اور ہر چیز کو زندگی اور وجود بخشنے والا ہے۔ اس کا نہ کوئی باپ ہے نہ بیٹا اور نہ وہ کسی کا باپ ہے اور نہ بیٹا۔ وہ واحد، بے نیاز اور لاشریک ہے۔ وہ ہر ممکن چیز پر قادر ہے۔ وہ محالات، عیوب اور نقائص سے پاک ومنزہ ہے۔ لفظ اللہ اس کا ذاتی نام ہے جبکہ باقی تمام اسماء صفاتی ہیں۔ وہ ہر چیز کا خالق ومالک ہے۔ وہی ہر چیز کا رازق ہے۔ وہ اونگھ، نیند اور دیگر عیوب سے پاک ہے۔

(ب) حلول، اتحاد اور محال کی تعریفات:

(۱) حلول: ایک چیز کا دوسری میں داخل ہونا اور اس کا حصہ قرار پانا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی صفت نہیں ہوسکتا کہ وہ کسی میں داخل ہو کر اس کا خصہ قرار پاتا ہے۔

(۲) اتحاد: دو مختلف ذاتوں کا ایک ہونا۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ غیر کا اتحاد ممتنع ہے۔

(۳) محال: وہ چیز جس کا خارج میں پایا جانا ناممکن ہو مثلاً اللہ تعالیٰ کے لیے عیوب ونقائص ثابت کرنا ناممکن (محال) ہے۔

سوال 2: (الف) نبی اور رسول کا معنیٰ اس انداز سے تحریر کریں کہ دونوں میں فرق

H.M-HASNAIN-ASADI

واضح ہو جائے؟

(ب) انبیاء علیہم السلام کے علم کے بارے میں اہل اسلام کا عقیدہ زینت قرطاس فرمائیں؟

(ج) معجزہ اور کرامت کی تعریف کرتے ہوئے ایک مثال بھی تحریر کریں؟

جواب: (الف) نبی اور رسول کا معنی: لفظ ''نبی'' کا معنی ہے (اللہ تعالیٰ کی ذات اور اسلامی عقائد کے حوالے سے) لوگوں کو مطلع کرنے والا۔ لفظ ''رسول'' کا معنی ہے اللہ تعالیٰ کا پیغام لوگوں کو پہنچانے والا۔ الغرض نبی پہلے رسول کی شریعت کے مطابق چلنے کے لیے اپنی قوم کو ہدایات جاری کرتا ہے جبکہ رسول نئی شریعت لے کر آتا ہے جس کے مطابق خود بھی زندگی گزارتا ہے اور اپنی قوم کو بھی اس کے مطابق زندگی گزارنے کی ہدایات جاری کرتا ہے۔

(ب) انبیاء کرام علیہم السلام اللہ تعالیٰ کے بلاواسطہ تلامذہ ہوتے ہیں اور اسی سے علمی فیضان حاصل کرتے ہیں۔ ان کا اپنا ذاتی علم نہیں ہوتا بلکہ وہی ہوتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے انہیں عنایت کیا جاتا ہے۔ البتہ عطاء الٰہی سے انہیں ہر چیز کا علم حاصل ہو سکتا ہے۔ یہی اہل اسلام کا عقیدہ ہے۔

(ج) معجزہ اور کرامت کی تعریفات اور مثالیں: معجزہ اور کرامت کی تعریفات اور مثالیں درج ذیل ہیں:

(۱) معجزہ: ایسا خلاف عقل عمل ہے جو نبی سے صادر ہو مثلاً حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے قریب الغروب آفتاب کا عصر کے وقت پر واپس آنا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نماز عصر ادا کرنا پھر حسب معمول اس کا غروب ہونا۔

(۲) کرامت: غیر نبی سے ایسا عمل صادر ہونا جو عقل کے خلاف ہو مثلاً آصف بن برخیا کا حضرت سلمان علیہ السلام کے حکم کی تعمیل میں آنکھ جھپکنے سے قبل تخت بلقیس لا کر پیش کر دینا۔

سوال 3: (الف) صحابی کی تعریف کرتے ہوئے اہل سنت کا صحابہ کرام کے بارے

میں عقیدہ واضح کریں؟

(ب) شیخین سے کیا مراد ہے؟ نیز شیخین کی توہین کا حکم بیان کریں؟

جواب: (الف) صحابی کی تعریف اور صحابہ کے بارے میں اہل سنت کا عقیدہ:

صحابی: وہ شخص ہے جس نے حالت ایمان میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت میں بیٹھنے کا شرف حاصل کیا ہو اور ایمان کی حالت میں وہ دنیا سے رخصت ہوا ہو۔

صحابہ کے بارے میں عقیدہ: اہل سنت کا عقیدہ ہے کہ تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قابل احترام، جنتی، کامل الایمان ہیں۔ قیامت کی گھبراہٹ انہیں پریشان نہیں کرے گی، سب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پکے شیدائی و عشاق تھے۔ غیر صحابی خواہ کتنا ہی مقام حاصل کر لے لیکن کسی صحابی کے مقام کو ہرگز حاصل نہیں کر سکتا۔ ان کا گستاخ گمراہ، بددین اور جہنم کا حقدار ہے۔

(ب) شیخین سے مراد: (۱) اہل سیر کے مطابق صحابہ میں سے شیخین سے مراد حضرت صدیق اکبر اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں۔ ان کی توہین کرنا قریب الکفر، بدعقیدگی اور جہنم کی سزا کا حقدار ہونا ہے۔

(۲) فقہاء احناف کے نزدیک حضرت امام ابوحنیفہ اور حضرت امام ابو یوسف رحمہما اللہ تعالیٰ مراد ہیں۔

(۳) محدثین کے نزدیک حضرت امام بخاری اور حضرت امام مسلم رحمہما اللہ تعالیٰ مراد ہیں۔

حصہ دوم: فقہ

سوال 4: (الف) نماز کی کتنی اور کون کون سی شرائط ہیں؟ وضاحت فرمائیں؟

(ب) کس عمر میں بچے کو نماز سکھائی جائے؟ علماء احناف کا موقف واضح کریں۔

(ج) استقبال قبلہ میں نیت، کعبہ کو سجدہ کرنا ہو تو نماز کا کیا حکم ہوگا؟

جواب: (الف) شرائط: نماز کی چھ شرائط ہیں جو درج ذیل ہیں:

H-M-HASNAIN-ACADI

(۱) طہارت (۲) ستر عورت (۳) استقبال قبلہ (۴) وقت (۵) نیت (۶) تکبیر تحریمہ۔

(ب) بچے کو نمازی بنانے کا حکم: آئمہ احناف کا موقف ہے کہ جب بچہ کی عمر سات سال مکمل ہو جائے تو گھر کا سربراہ اسے نمازی بنانے کی تلقین کرے جب عمر دس سال کی پوری ہو جائے تو اسے مار کر بھی نماز پڑھائی جاسکتی ہے۔

(ج) استقبال قبلہ کے وقت نیت کعبہ کو سجدہ کرنے کا شرعی حکم: استقبال قبلہ سے جہت قبلہ مراد ہے اور کعبہ کو سجدہ کرنا ہرگز مقصود نہیں ہے۔ سجدہ صرف اللہ تعالیٰ کے لیے اور غیر اللہ کو سجدہ کرنا گمراہی یا کفر ہے۔ لہٰذا کعبہ کو سجدہ کرنا حرام ہے اور ایسی نماز مردود ہو گی۔ علم ہونے کے باوجود کوئی شخص کعبہ کو سجدہ کرتا ہے تو یہ کفر ہے اور اس کی نماز مردود ہو گی۔

سوال 5: (الف) وضو کے کتنے اور کون کون سے فرائض ہیں؟

(ب) وضو توڑنے والی چیزیں زینت قرطاس فرمائیں؟

جواب: (الف) فرائض وضو: فرائض وضو چار ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) چہرہ دھونا (۲) دونوں ہاتھوں کا کہنیوں سمیت دھونا (۳) چوتھائی سر کا مسح کرنا (۴) دونوں پاؤں دھونا۔

(ب) وضو توڑنے والی چیزیں: آٹھ چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، وہ درج ذیل ہیں:

(۱) سبیلین سے کسی چیز کا خارج ہونا مثلاً پانی، پیشاب یا پاخانہ اور پیپ وغیرہ۔

(۲) جسم کے کسی بھی حصہ سے خون، پیپ یا زرد پانی کا نکل کر بہہ جانا۔

(۳) آنکھ، کان، پستان، ناف وغیرہ سے دانہ بہہ کر پانی کی شکل میں بہہ جانے سے۔

(۴) کھانے یا پانی یا صفراء کی منہ بھرتے آنے سے اور بہتے ہوئے خون کی قے سے بھی۔

(۵) غشی، بے ہوشی یا پاگل پن کی وجہ سے۔

(۶) بالغ کا عین نماز میں قہقہہ لگا کر ہنسنا بشرطیکہ وہ نماز رکوع و سجود والی ہو۔

(۷) لیٹ کر یا ٹیک لگا کر یا بیٹھ کر نیند آنے سے۔

(۸) منہ سے ایسا خون برآمد ہو جو تھوک پر غالب ہو۔

سوال 6: (الف) بہتا پانی، ماء مستعمل اور دہ دردہ کی تعریفات لکھیں؟

(ب) کن باتوں سے کنواں ناپاک ہو جاتا ہے؟ تحریر کریں۔

جواب: (الف) بہتا پانی، ماء مستعمل اور دہ دردہ کی تعریفات:

(۱) بہتا پانی: وہ پانی ہے جس میں تنکا پھینکا جائے تو وہ اسے بہالے جائے۔ وہ پاک ہے اور پاک کرنے والا ہے۔

(۲) ماء مستعمل: وہ پانی ہے جو عبادت مقصودہ یا طہارت کے لیے استعمال میں لایا جاچکا ہو مثلاً وضو وغیرہ کے لیے۔

(۳) دہ دردہ: وہ بڑے حوض جو عموماً مساجد میں تیار کیے جاتے ہیں یا بڑے تالاب یا جنگل کے گڑھے جن کی لمبائی اور چوڑائی دس ہاتھ ہو۔

(ب) جب کنویں میں بڑا جانور گر کر مر جائے مثلاً آدمی، گائے یا بھینس وغیرہ یا چھوٹا جانور کنویں میں گر کر مر جائے پھر وہ پھول جائے یا پھٹ جائے مثلاً چڑیا اور چوہا وغیرہ۔ ان صورتوں میں کنواں ناپاک ہو جاتا ہے۔

سوال 7: (الف) تیمم کے فرائض اور مکمل طریقہ لکھیں؟

(ب) نجاست غلیظہ و خفیفہ کی تعریفات اور حکم تحریر کریں؟

جواب: (الف) تیمم کے فرائض اور اس کا مکمل طریقہ:

تیمم کے فرائض: تیمم کے تین فرائض ہیں: (۱) نیت کرنا (۲) پاک جگہ پر ایک ضرب لگا کر چہرے کا مسح کرنا (۳) دوسری ضرب لگا کر دونوں ہاتھوں کا کہنیوں سمیت مسح کرنا۔

H-M-HASNAIN ASADI

تیمم کا مکمل طریقہ: جب پانی ایک میل دور ہو یا اس پر دشمن کا قبضہ ہو یا اس کے استعمال کی قدرت نہ ہو تو تیمم کرنے کی اجازت ہے۔ تیمم ایسی چیز سے کیا جائے گا جو پاک ہو اور وہ مٹی کی جنس سے ہو۔ مثلاً حصول طہارت کی نیت کرتے ہوئے پاک مٹی پر ایک ضرب لگا کر چہرے کا مسح کیا جائے اور دوسری ضرب لگا کر دونوں ہاتھوں کا کہنیوں سمیت مسح کیا جائے گا۔ تیمم، وضو کا خلیفہ ہے لہٰذا نماز، طواف، قرآن کو چھو کر تلاوت کرنے اور سجدہ تلاوت کرنے کے لیے تیمم کیا جاسکتا ہے۔

(ب) اقسام نجاست: اقسام نجاست دو ہیں۔ ان کی تعریفات اور حکم درج ذیل ہیں:

(۱) نجاست غلیظہ: وہ ہے جس کا حکم سخت ہو۔ اس کا حکم یہ ہے کہ جسم یا کپڑے کو ایک درہم کی مقدار سے زیادہ لگ جائے تو اس کا صاف کرنا فرض ہے اور اس کے ساتھ نماز ادا کی تو نماز نہیں ہوگی۔ اگر وہ درہم کے برابر ہو تو اس کا صاف کرنا واجب ہے اور اگر نماز ادا کی تو اس کا اعادہ واجب ہے۔

(۲) نجاست خفیفہ: وہ ہے جس کا حکم سخت نہ ہو۔ اس کا حکم یہ ہے کہ کپڑے کے کسی حصہ یا جسم کے کسی عضو کو لگ جائے تو چوتھائی سے کم حصہ تک معاف ہے مثلاً دامن کو لگی ہو یا ہاتھ کو لگی ہو۔ اگر چوتھائی حصہ کو لگی ہو تو اس کے صاف کیے بغیر نماز درست نہیں ہوگی۔

سوال 8: (الف) کتنے سفر پر نماز قصر کا حکم ہے؟ نیز قصر کا معنی تحریر کریں؟
(ب) شرائط جمعہ تحریر فرماتے ہوئے مصر اور فنائے مصر کا مقصد بیان کریں؟

جواب: (الف) قصر کا معنی اور نماز قصر کا شرعی سفر:

قصر کا معنی: لفظ ''قصر'' کا معنی ہے کم کرنا، چونکہ دوران شرعی سفر چار رکعت والے فرائض کم کر کے دو، دو ادا کیے جاتے ہیں اس لیے اس نماز کو قصر کہا جاتا ہے۔

سفر شرعی کا تعین: وہ سفر جس پر سفر کے احکام نافذ ہوتے ہیں یعنی شرعی سفر کے حامل ہونے کی وجہ سے مسافر پر روزہ کے افطار اور نماز کے قصر کا حکم نافذ ہوتا ہے، وہ ساڑھے ستاون میل کا سفر ہے۔

(ب) شرائط جمعہ: شرائط جمعہ چھ ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) مصر (۲) سلطان وقت یا اس کا نائب قائم کرے (۳) وقت ظہر (۴) خطبہ جمعہ (۵) جماعت یعنی امام کے علاوہ کم از کم تین آدمیوں کا ہونا (۶) اذن عام۔

مصر اور فنائے مصر کا مقصد: نماز جمعہ کی شرائط میں ایک شرط مصر یا قصبہ ہونا بھی ہے۔ اس سے مراد ایسی آبادی ہے جہاں بازار ہوں، ضلع ہو یا حاکم مقرر ہو جو لوگوں کو انصاف مہیا کرتا ہو۔ شہر کے اردگرد آبادیوں کو فنائے مصر کہا جاتا ہے جہاں قبرستان، اڈہ یا سٹیشن ہو۔ ان میں جمعہ جائز ہے البتہ چھوٹے دیہاتوں میں جمعہ جائز نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

﴿درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2014ء﴾

چوتھا پرچہ: صرف

سوال 1: (۱) اسماء مشتقہ کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟

(۲) ششم اقسام سے کیا مراد ہے؟ ہر قسم کی ایک مثال لکھیں؟

(۳) مضاعف اور مہموز کی اقسام مع تعریفات و امثلہ لکھیں؟

جواب: (۱) اسماء مشتقہ کی اقسام:

اسم مشتق وہ ہے جو دوسرے کلمہ سے بنایا گیا ہو مثلاً ضارب۔ اسماء مشتقہ کل چھ ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) اسم فاعل جیسے ضَارِبٌ۔ (۲) اسم مفعول جیسے مَضْرُوْبٌ۔ (۳) صفت مشبہ جیسے مَا اَحْسَنَهٗ وَاَحْسِنْ بِهٖ۔ (۴) اسم ظرف جیسے مَضْرِبٌ۔ (۵) اسم آلہ جیسے مِضْرَبٌ۔ (۶) اسم تفضیل اَضْرَبُ۔

(۲) ششم اقسام: حروف اصلیہ اور زائدہ کے اعتبار سے کلمہ کی چھ اقسام ہیں جنہیں اہل صرف ششم اقسام کہتے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کی تعریف اور مثال درج ذیل ہے:

(۱) ثلاثی مجرد: وہ اسم یا فعل ہے جس میں تین حروف اصلی ہوں اور زائدہ نہ ہو مثلاً رَجُلٌ، ضَرَبَ۔

(۲) ثلاثی مزید فیہ: وہ اسم یا فعل ہے جس میں کوئی حرف زائد بھی ہو مثلاً حِمَارٌ، اِجْتَنَبَ۔

(۳) رباعی مجرد: وہ اسم یا فعل ہے جس میں چار حروف اصلیہ ہوں زائدہ نہ ہو مثلاً جَعْفَرٌ، بَعْثَرَ۔

(۴) رباعی مزید فیہ: وہ اسم یا فعل ہے جس میں چار حروف اصلیہ کے علاوہ زائد حروف بھی ہوں مثلاً قِرْطَاسٌ، تَدَحْرَجَ۔

(۵) خماسی مجرد: وہ اسم جامد ہے جس میں پانچ حروف اصلی ہوں اور کوئی زائد حرف نہ ہو مثلاً سَفَرْجَلٌ۔

(۶) خماسی مزید فیہ: وہ اسم جامد ہے جس میں پانچ حروف اصلی کے علاوہ زائد حرف بھی ہو مثلاً خَنْدَرِیْسٌ۔

(۳) مضاعف اور مہموز کی اقسام، تعریفات اور مثالیں:

مضاعف: وہ اسم یا فعل ہے جس کے اصلی حروف کی جگہ میں ایک جنس کے دو حروف ہوں مثلاً مَدٌّ، مَدَّ۔

مضاعف کی دو اقسام ہیں:

(۱) مضاعف ثلاثی: وہ اسم یا فعل ہے جس میں عین اور لام کلمہ کی جگہ ایک جنس کے دو حرف ہوں مثلاً مَدٌّ مَدَّ۔

(۲) مضاعف رباعی: وہ کلمہ ہے جس کے چار حروف میں فاء اور لام اول یا عین اور لام ثانی ایک جنس کے ہوں مثلاً صَرْصَرٌ، صَرْصَرَ۔

مہموز اور اس کی اقسام: مہموز وہ کلمہ ہے جس کے فاء، عین یا لام کی جگہ میں ہمزہ ہو مثلاً اَمَرَ، اَمْرٌ۔

مہموز کی تین اقسام ہیں، ان میں سے ہر ایک کی تعریف اور مثال درج ذیل ہیں:

(۱) مہموز الفاء: جس کے فاء کلمہ کی جگہ میں ہمزہ ہو مثلاً اَمْرٌ، اَمَرَ۔

(۲) مہموز العین: جس کے عین کلمہ کی جگہ میں ہمزہ ہو مثلاً سَأَلَ، سُؤَالٌ۔

(۳) مہموز اللام: جس کے لام کلمہ کی جگہ میں ہمزہ ہو مثلاً قَرَءَ، قَرْءٌ۔

سوال 2: (۱) فعل مضارع معلوم مؤکد با نون تاکید ثقیلہ کی گردان مع صیغے و ترجمہ تحریر کریں؟

(۲) فعل امر حاضر معروف کی گردان مع ترجمہ لکھیں؟

ILM-HASNAIN-ASADI

جواب: (۱) گردان فعل مضارع معروف مؤکد بانون ثقیلہ، مع صیغے وترجمہ:

گردان	ترجمہ	صیغے
لَیَضْرِبَنَّ	ضرور بضرور مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک شخص	صیغہ واحد مذکر غائب
لَیَضْرِبَانِّ	ضرور بضرور مارتے ہیں یا ماریں گے وہ دو شخص	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
لَیَضْرِبُنَّ	ضرور بضرور مارتے ہیں یا ماریں گے وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
لَتَضْرِبَنَّ	ضرور بضرور مارتی ہے یا مارے گی وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
لَتَضْرِبَانِّ	ضرور بضرور مارتی ہیں یا ماریں گی وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
لَیَضْرِبْنَانِّ	ضرور بضرور مارتی ہیں یا ماریں گی وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
لَتَضْرِبَنَّ	ضرور بضرور مارتا ہے یا مارے گا تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لَتَضْرِبَانِّ	ضرور بضرور مارتے ہو یا مارو گے تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
لَتَضْرِبُنَّ	ضرور بضرور مارتے ہو یا مارو گے تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
لَتَضْرِبِنَّ	ضرور بضرور مارتی ہے یا مارے گی تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
لَتَضْرِبَانِّ	ضرور بضرور مارتی ہو یا مارو گی تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
لَتَضْرِبْنَانِّ	ضرور بضرور مارتی ہو یا مارو گی تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
لَاَضْرِبَنَّ	ضرور بضرور مارتا ہوں یا ماروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	صیغہ واحد متکلم
لَنَضْرِبَنَّ	ضرور بضرور مارتے ہیں یا ماریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں	صیغہ جمع متکلم

(۲) گردان فعل امر حاضر معروف مع ترجمہ:

گردان	ترجمہ
اِضْرِبْ	مار تو ایک مرد
اِضْرِبَا	مارو تم دو مرد

اِضْرِبُوْا	مارو تم سب مرد
اِضْرِبِیْ	مار تو ایک عورت
اِضْرِبَا	مارو تم دو عورتیں
اِضْرِبْنَ	مارو تم سب عورتیں

سوال 3: درج ذیل کون سے صیغے ہیں، کس سے بنے ہیں اور کیسے بنے ہیں؟

ضَرَبْتُمْ، لِیَضْرِبْنَ، ضُرَبَاءُ، مَضَارِیْبُ، لَیَضْرِبُنَّ .

جواب: صیغے اور ان کی بناوٹ:

(۱) ضَرَبْتُمْ: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل ماضی معروف ثلاثی مجرد صحیح ہے۔ یہ ضَرَبْتَ سے بنا ہے۔ واؤ ضمیر بارز مرفوع متصل علامت جمع مذکر اور ضمیر فاعل آخر میں لائے اور ماقبل کو واؤ کی مناسبت سے ضمہ دیا تو ضَرَبْتُوْ بن گیا۔ واؤ سے قبل میم شوی مضمومہ کا اضافہ کیا تا کہ حالت اشباع میں صیغہ واحد متکلم کے ساتھ مشابہت لازم نہ آئے تو ضَرَبْتُمُوْ ہو گیا پھر واؤ کو حذف کر دیا اور میم کو ساکن کر دیا تو ضَرَبْتُمْ بن گیا۔

(۲) لِیَضْرِبْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب فعل مضارع معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔ اسے صیغہ واحد مؤنث غائب تَضْرِبُ سے بناتے ہیں۔ تاء حرف مضارع کو حذف کر کے اس کی جگہ یاء لائے جو غائب کے ابتدائی صیغوں میں موجود تھی۔ اس کے آخر میں نون مفتوحہ جو کہ ضمیر جمع مؤنث غائب اور فاعل ہے، کو لے آئے اور نون جمع مؤنث کے تقاضا سے لام کلمہ کو ساکن کر دیا لام مؤکدہ شروع میں لے آئے تو لِیَضْرِبْنَ ہو گیا۔

(۳) ضُرَبَاءُ: صیغہ جمع مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد ہے۔ اسے ضَارِبٌ سے بناتے ہیں۔ فاء کلمہ کو ضمہ دیا اور الف وحدان کو گرا دیا، عین کلمہ کو فتحہ دیا پھر آخر میں الف ممدودہ علامت جمع تکسیر لائے اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیا جبکہ منع صرف ہونے کی وجہ سے تنوین کو حذف کر دیا اور اعراب کا اجراء ہمزہ پر کیا کیونکہ وسط کلمہ محل اعراب نہیں ہوتا۔ تو اس طرح

H-M-HASNAIN-ASADI

ضُوَيْبَاءُ ہوگیا۔

(۴) مَضَارِيْبُ : صیغہ جمع مذکر و مؤنث مکسر اسم مفعول (مارے ہوئے سب مرد یا سب عورتیں) اسے مَضْرُوْبٌ یا مَضْرُوْبَةٌ سے بناتے ہیں۔ پہلے حرف کو اپنی حالت پر چھوڑا، دوسرے کو فتح دیا اور تیسری جگہ الف جمع اقصیٰ کا لائے اور الف کے بعد والے حرف کو کسرہ دیا۔ تاء ضدیت اور تنوین تمکن کو منع صرف ہونے کی وجہ سے حذف کر دیا تو مَضَارِوْبُ ہوگیا۔ واؤ ساکن مظہر اور اس کا ماقبل مکسور ہونے کی وجہ سے واؤ کو یاء سے بدل دیا تو مَضَارِيْبُ ہوگیا۔

(۵) لَيَضْرِبُنَّ : صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معروف لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ معروف۔ اسے يَضْرِبُ سے بناتے ہیں۔ شروع میں لام تاکید مفتوحہ لائے، آخر میں واؤ علامت جمع مذکر اور ضمیر مرفوع متصل لائے پھر نون مشددہ لانے کی وجہ سے واؤ کو التقاء ساکنین کی وجہ سے حذف کر دیا گیا اور اس سے ماقبل کا ضمہ حذف واؤ کو ظاہر کرتا ہے تو اس طرح لَيَضْرِبُنَّ بن گیا۔

سوال 4: درج ذیل اصطلاحات صرفیہ کی تعریفات اور مثالیں لکھیں؟

(۱) اسم فاعل (۲) فعل جحد (۳) حروف علت (۴) اجوف (۵) فعل (۶) لفیف (۷) اسم جامد۔

جواب: اصطلاحات صرفیہ کی تعریفات اور مثالیں:

(۱) اسم فاعل: وہ اسم ہے جو کام کرنے والے کی ذات کو ظاہر کرے مثلاً ضَارِبٌ ۔

(۲) فعل جحد: وہ فعل ہے جس کا انکار ماضی کو ظاہر کرے مثلاً لَمْ يَضْرِبْ ۔ اس نے نہیں مارا۔

(۳) حروف علت: وہ حروف ہیں جو مختلف حروف میں تبدیل ہو جاتے ہیں وہ تین ہیں: (۱) واؤ (۲) الف (۳) یاء۔ مثلاً قَالَ، قَوْلٌ، وَقَى، وَقْيٌ، دَعَا، دَعْوٌ ۔

(۴) اجوف: وہ کلمہ ہے جس کے عین کلمہ کی جگہ میں حرف علت ہو۔ اگر واؤ ہو تو اجوف واوی ہوگا مثلاً قَوْلٌ، قَالَ ۔ اگر یاء ہو تو اجوف یائی ہوگی مثلاً بَيْعٌ، بَاعَ ۔

(۵) فعل: وہ کلمہ ہے جو خود اپنا معنی بتائے اور تینوں زمانوں میں اس میں کوئی زمانہ بھی پایا جائے مثلاً ضَرَبَ ۔ (اس نے مارا) يَضْرِبُ (وہ ایک مرد مارتا ہے یا مارے گا)

(۶) لفیف: وہ اسم یا فعل ہے جس کے دو حروف اصلیہ کے مقابل میں حروف علت ہوں۔ اس کی دو اقسام ہیں:

(۱) لفیف مقرون: وہ اسم یا فعل ہے جس میں دو حروف متصل ہوں مثلاً طَيٌّ، طَوَى ۔

(۲) لفیف مفروق: وہ اسم یا فعل جس میں دو حروف علت متفرق ہوں مثلاً وَقْيٌ، وَقَى ۔

(۷) اسم جامد: وہ کلمہ ہے جو نہ خود کسی سے بنا ہو اور نہ اس سے کوئی لفظ بنایا جائے مثلاً رَجُلٌ (ایک آدمی)

سوال 5: (۱) مطرد اور شاذ کس کی قسمیں ہیں؟ ہر ایک کے کتنے ابواب ہیں؟ ہر ایک باب کی ایک ایک مثال لکھیں؟

(۲) تفعیل، افعیلال، فعنلۃ، افعنلال اور افعال کی علامات لکھیں اور مثال دیں؟

جواب: (۱) مطرد اور شاذ فعل ثلاثی مجرد کی دو اقسام ہیں: (۱) مطرد (۲) شاذ

(۱) مطرد: جس کے ابواب کثیر الاستعمال ہوں۔ وہ ابواب تعداد میں پانچ ہیں۔ ان کے ابواب کی مثالیں درج ذیل ہیں:

(۱) فَعَلَ يَفْعِلُ جیسے ضَرَبَ يَضْرِبُ ۔

(۲) فَعَلَ يَفْعُلُ جیسے نَصَرَ يَنْصُرُ ۔

(۳) فَعِلَ يَفْعَلُ جیسے سَمِعَ يَسْمَعُ ۔

(۴) فَعَلَ يَفْعَلُ جیسے فَتَحَ يَفْتَحُ ۔

(۵) فَعُلَ يَفْعُلُ جیسے كَرُمَ يَكْرُمُ ۔

شاذ: جو قلیل الاستعمال ہوا۔ اس کے کل تین ابواب ہیں جن کی مثالیں درج ذیل

H-M-HASNAIN-ASADI

ہیں:

(۱) فَعِلَ یَفْعِلُ جیسے حَسِبَ یَحْسِبُ ۔

(۲) فَعِلَ یَفْعُلُ جیسے فَضِلَ یَفْضُلُ ۔

(۳) فَعُلَ یَفْعَلُ جیسے کَادَ یَکَادُ ۔

(۲) ابواب کی علامات اور مثالیں: ابواب کی باترتیب علامات اور مثالیں درج ذیل ہیں:

(۱) تَفْعِیْلٌ: اس کی علامت عین کلمہ مشدد ہوتا ہے اور ماضی میں فاء کلمہ سے قبل تاء زائدہ نہیں ہوتی مثلاً صَرَّفَ یُصَرِّفُ تَصْرِیْفًا ۔

(۲) اِفْعِیْلَالٌ: اس میں تکرار لام ہوتا ہے جبکہ لام اول سے قبل الف زائدہ ہوتا ہے جو مصدر میں ماقبل کے کسرہ کے سبب یاء میں تبدیل ہوجاتا ہے مثلاً اِدْھَامَّ یَدْھَامُّ اِدْھِیْمَامًا ۔

(۳) فَعْنَلَۃٌ: اس کی علامت عین کلمہ کے بعد نون زائدہ ہوتا ہے مثلاً قَلْنَسَ یُقَلْنِسُ قَلْنَسَۃً ۔

(۴) اِفْعِنْلَالٌ: اس فعل میں پانچ حروف اصلیہ ہوتے ہیں جبکہ عین کلمہ کے بعد نون زائد ہوتا ہے مثلاً اِحْرَنْجَمَ، یَحْرَنْجِمُ، اِحْرِنْجَامًا ۔

(۵) افعال: اس کے ماضی اور امر کے آغاز کا ہمزہ قطعی ہوتا ہے اور فعل مضارع معروف میں بھی مضارع کی علامات مضموم ہوتی ہیں مثلاً اَکْرَمَ یُکْرِمُ اِکْرَامًا ۔

سوال 6: (۱) کل ابواب کتنے ہیں؟ ہر قسم کے ابواب کی فقط تعداد لکھیں؟

(۲) اِسْلِنْقَاءٌ اور تَقَلْنُسٌ اصل میں کیا تھے، پھر کیسے بنے؟ وضاحت کریں۔

جواب: (۱) کل ابواب کی تعداد: ابواب کی تفصیل درج ذیل ہے:

ثلاثی مجرد مطرد کے پانچ ابواب ہیں اور شاذ کے تین ابواب ہیں۔ ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی مجرد کے کل سات ابواب ہیں۔ ملحق برباعی مزید فیہ کی تین اقسام ہیں۔ ملحق بتَدَحْرَجَ کے کل آٹھ ابواب ہیں۔ ملحق بہ اِحْرَنْجَمَ کے دو ابواب ہیں اور ملحق بہ اِقْشَعَرَّ کا

ایک باب ہے۔ ثلاثی مزید فیہ ملحق باہمزہ وصل کے کل نو ابواب ہیں اور بے ہمزہ وصل کے کل پانچ ابواب ہیں۔ رباعی مجرد کا ایک باب ہے۔ رباعی مزید فیہ بے ہمزہ وصل کا ایک باب ہے اور باہمزہ وصل کے دو ابواب ہیں۔

(۲) اِسْلِنْقَاءٌ: یہ اصل میں اِسْلِنْقَایٌ تھا، یاء الف کے بعد طرف میں واقع ہوئی اسے ہمزہ سے تبدیل کیا گیا تو اِسْلِنْقَاءٌ ہوگیا۔

تَقَلْنُسٍ: اس میں فاء کلمہ سے قبل تاء اور لام کلمہ کے بعد یاء زائد ہیں۔

سوال 7: درج ذیل کے مختصر مگر جامع جواب قلمبند کریں؟

(۱) مضارع معروف میں علامت مضارع کب مضموم ہوتی ہے؟ اور کب مفتوح؟

(۲) تَتَظَاهَرُوْنَ سے تَظَاهَرُوْنَ کس قاعدہ کے تحت بنا ہے، قاعدہ تحریر کریں؟

(۳) جس باب کا لام کلمہ مشدد ہو اس کے امر میں کتنے طریقے جائز ہیں؟ اور وہ کون سے ہیں تحریر کریں؟

(۴) اِفَّعُّل اور اِفَّاعُل مستقل ابواب ہیں یا نہیں؟ اگر نہیں تو اصل میں کیا تھے اور کیسے بنے؟

(۵) غیر ثلاثی مجرد سے تفضیل کا معنی کیسے حاصل کیا جاسکتا ہے مثالوں سے وضاحت کریں؟

جواب: (۱) قاعدہ: فعل ماضی چار حرفی ہو تو اس کے فعل مضارع معروف میں علامات مضارع مضموم ہوں گی ورنہ مفتوح ہوں گی۔

(۲) قاعدہ: باب تَفَعُّل، تَفَاعُل اور تَفَعْلُل کے مضارع پر تاء زائد داخل ہو تو اسے گرانا جائز ہے۔ اسی قاعدہ کے مطابق تَتَظَاهَرُوْنَ کو تَظَاهَرُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

(۳) جس باب کا لام کلمہ مشدد ہو تو اس کے فعل مضارع مجزوم اور فعل امر میں تین طرح پڑھنا جائز ہے بالادغام، بلاادغام۔ ادغام کی صورت میں فتح اور کسرہ مثلاً لَمْ یَحْمَرَّ، لَمْ یَحْمَرِّ، لَمْ یَحْمَرِرْ، اِحْمَرَّ، اِحْمَرِّ، اِحْمَرِرْ۔ اگر لام کلمہ کا ماقبل مضموم ہو تو اس کے تابع کرتے ہوئے لام کلمہ پر ضمہ پڑھنا بھی جائز ہے مثلاً مُدَّ مُدِّ مُدُّ اُمْدُدْ ۔

H.M-HASNAIN-ASADI

(۴) یہ دونوں ابواب دراصل بے ہمزہ وصل کے باب تَفَعُّل اور تَفَاعُل ہیں۔ جس طرح اِطَّهَّرَ دراصل تَطَهُّرٌ اور اِثَّاقُلٌ دراصل تَثَاقُلٌ تھے۔ لاء کو فاء کلمہ کی جنس کیا پھر تاء کو تاء میں ادغام کیا اور ابتدا سکون سے ممکن نہیں ہے لہٰذا شروع میں ہمزہ وصل لے آئے تو اِطَّهُّرٌ اور اِثَّاقُلٌ ہوگئے۔

(۵) غیر ثلاثی مجرد سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا۔ جس باب سے اسم تفضیل کا معنی لینا مقصود ہو اس کے مصدر کے شروع میں مَابِہٖ یا اَشَدُّ لگاتے ہیں مثلاً مَابِهِ الْاِجْتِنَابُ اور اَشَدُّ اِجْتِنَابًا۔

☆☆☆☆☆

﴿درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2014ء﴾

پانچواں پرچہ: نحو

سوال 1: (الف) درج ذیل اصطلاحات نحویہ کی تعریفات مع امثلہ بیان کریں؟

(۱) جملہ انشائیہ (۲) معرب (۳) مؤنث (۴) مرکب بنائی (۵) مفعول مطلق (۶) اسم تفضیل (۷) غیر منصرف۔

(ب) اقسام اسم متمکن بوجوہ اعراب کی کل تعداد بتا کر صرف چار کی تعریفات اور مثالیں تحریر کریں؟

(ج) تانیث کی علامات مع امثلہ بیان کریں؟

جواب: (الف) اصطلاحات نحویہ کی تعریفات مع امثلہ:

(۱) جملہ انشائیہ: وہ جملہ ہے جس کے قائل کو سچا یا جھوٹا نہ کہا جاسکے، اس کی دس اقسام ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) امر ہو مثلاً اِضْرِبْ۔ (۲) نہی ہو مثلاً لَاتَضْرِبْ۔ (۳) تمنی ہو مثلاً لَيْتَ زَيْدًا حَاضِرٌ۔ (۴) استفہام ہو مثلاً هَلْ ضَرَبَ زَيْدٌ؟ (۵) ترجی ہو لَعَلَّ عَمْرًوا غَائِبٌ۔ (۶) عقود ہو مثلاً بِعْتُ وَاشْتَرَيْتُ۔ (۷) ندا ہو مثلاً يَا اَللّٰهُ۔ (۸) عرض ہو مثلاً اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِيْبَ خَيْرًا۔ (۹) قسم ہو مثلاً وَاللّٰهِ لَاَضْرِبَنَّ زَيْدًا۔ (۱۰) تعجب ہو مثلاً مَا اَحْسَنَهٗ وَاَحْسِنْ بِهٖ۔

(۲) معرب: وہ اسم ہے جس کی آخری حرکت مختلف عاملوں کے باعث تبدیل ہو جائے مثلاً جَاءَ زَيْدٌ، رَأَيْتُ زَيْدًا، مَرَرْتُ بِزَيْدٍ۔

(۳) مؤنث: وہ اسم ہے، جس میں علامات تانیث میں سے کوئی پائی جائے۔

(۴) مرکب بنائی: وہ مرکب غیر مفید ہے جو دو اسموں سے مل کر بنا ہو اور دوسرا اسم کسی حرف کو شامل ہو مثلاً اَحَدَ عَشَرَ سے تِسْعَةَ عَشَرَ تک۔

H-M-HASNAIN-ASADI

(۵) مفعول مطلق: وہ مصدر ہے جس سے قبل فعل ہو اور یہ مصدر اس کے معنی کے ساتھ ہو مثلاً ضَرَبْتُ ضَرْبًا ۔

(۶) اسم تفضیل: وہ اسم ہے جو ایسی ذات کو بتائے جس میں مصدری معنی کی زیادتی دوسروں کی نسبت زیادہ پائی جائے مثلاً اَضْرَبُ ۔

(۷) غیر منصرف: وہ اسم معرب ہے جس میں منع صرف کے دو اسباب یا ایک سبب جو دو کے قائمقام ہو پایا جائے مثلاً اَحْمَدُ ۔ غیر منصرف کے اسباب نو ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) عدل (۲) وصف (۳) تانیث (۴) معرفہ (۵) عجمہ (۶) جمع (۷) ترکیب (۸) وزن فعل (۹) الف نون زائدتان۔

(ب) اعراب کے لحاظ سے اقسام اسم متمکن: اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی سولہ اقسام ہیں جن میں سے چند ایک کی تعریفات اور مثالیں درج ذیل ہیں:

(۱) مفرد منصرف صحیح: وہ اسم ہے جو تثنیہ وجمع نہ ہو، نہ غیر منصرف ہو اور اس کے آخر میں حرف علت نہ ہو۔ اس کا اعراب رفع ضمہ لفظی سے، نصب فتحہ لفظی سے اور جر کسرہ لفظی سے آتا ہے مثلاً جَاءَ زَيْدٌ، رَأَيْتُ زَيْدًا، وَمَرَرْتُ بِزَيْدٍ ۔

(۲) جمع مذکر مکسر: وہ اسم مذکر ہے جس کے واحد میں تبدیلی کر کے جمع بنائی گئی ہو مثلاً رِجَالٌ ۔ اس کے بھی تینوں اعراب لفظی آتے ہیں جیسے جَاءَ رِجَالٌ، رَأَيْتُ رِجَالًا، وَمَرَرْتُ بِرِجَالٍ ۔

(۳) مفرد منصرف جاری مجریٰ صحیح: وہ اسم واحد ہے جس کے آخر میں حرف علت ہو اور اس کا ماقبل ساکن ہو مثلاً دَلْوٌ ۔

(۴) اسماء ستہ مکبرہ: وہ چھ اسماء جو تصغیر کی صورت میں نہ ہوں، وہ چھ اسماء یہ ہیں (۱) اَبٌ (۲) اَخٌ (۳) حَمٌ (۴) هَنٌ (۵) فَمٌ (۶) ذُوْمَالٍ ۔ ان کا اعراب بالحرف آتا ہے۔ یعنی رفع واؤ کے ساتھ، نصب الف کے ساتھ اور جر یاء کے ساتھ مثلاً جَاءَ اَبُوْكَ رَأَيْتُ اَبَاكَ وَمَرَرْتُ بِاَبِيْكَ ۔

(ج) علامات تانیث اور ان کی مثالیں: علامات تانیث چار ہیں: (۱) تاء ملفوظہ مثلاً طَلْحَةُ ۔ (۲) تاء مقدرہ مثلاً اَرْضٌ ۔ (۳) الف مقصورہ آخر میں ہو مثلاً حُبْلٰى (۴) الف ممدود مثلاً حَمْرَاءُ ۔

سوال 2: (الف) افعال ناقصہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟ نیز كَانَ زَيْدٌ قَائِمًا کی ترکیب تحریر کریں؟

(ب) بدل کی اقسام مع تعریفات وامثلہ تحریر کریں؟

(ج) فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریفیں کر کے فعل معروف کا عمل تحریر کریں؟

جواب: (الف) افعال ناقصہ اور ان کی تعداد: افعال ناقصہ کل سترہ ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) كَانَ (۲) صَارَ (۳) ظَلَّ (۴) بَاتَ (۵) اَصْبَحَ (۶) اَضْحٰى ۔ (۷) اَمْسٰى (۸) عَادَ (۹) اٰضَ (۱۰) غَدَا (۱۱) رَاحَ (۱۲) مَازَالَ (۱۳) مَا انْفَكَّ (۱۴) مَا بَرِحَ (۱۵) مَافَتِئَ (۱۶) مَا دَامَ (۱۷) لَيْسَ ۔

كَانَ زَيْدٌ قَائِمًا کی ترکیب: کان فعل از افعال ناقصہ رافع اسم وناصب خبر۔ زید مفرد منصرف صحیح بہ اعراب لفظی مرفوع لفظاً اسمش، قائما مفرد منصرف صحیح بہ اعراب لفظی منصوب لفظاً خبرش، کان فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(ب) اقسام بدل، تعریفات اور مثالیں: بدل وہ تابع ہے جو نسبت میں خود مقصود ہوتا ہے۔ اس کی چار اقسام ہیں جن کی تعریفات اور مثالیں درج ذیل ہیں:

(۱) بَدَلُ الْكُلِّ: وہ بدل ہے جس کا مدلول اور مبدل منہ کا معنیٰ ایک ہی ہوتا ہے مثلاً جَاءَنِیْ زَيْدٌ اَخُوْكَ (میرے پاس زید تیرا بھائی آیا)

(۲) بَدَلُ الْبَعْضِ: جس کا مدلول، مبدل منہ کا جز ہوتا ہے مثلاً ضُرِبَ زَيْدٌ رَأْسُهُ ۔

(۳) بَدَلُ الْاِشْتِمَالِ: وہ بدل جس کا مدلول مبدل منہ سے متعلق ہوتا مثلاً سُلِبَ زَيْدٌ ثَوْبُهُ ۔

H-M-HASNAIN-ASADI

(۴) بدل الغلط: وہ بدل ہے جو غلطی کے بعد دوسرے لفظ کے ساتھ ذکر کیا جائے مثلاً مَرَرْتُ بِرَجُلٍ حِمَارٍ ۔

(ج) فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریفات مع عمل فعل معروف:

فعل معروف: یہ وہ فعل ہے جس کی نسبت فاعل کی طرف ہو۔ اس طریقہ سے کہ وہ اس کے ساتھ قائم ہو اور اس پر واقع نہ ہو مثلاً قَامَ زَيْدٌ، ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًوا ۔

عمل فعل معروف: فعل معروف خواہ لازم ہو یا متعدی اپنے فاعل کو رفع دیتا ہے اور چھ اسماء کو نصب دیتا ہے۔ وہ چھ اسماء یہ ہیں: (۱) مفعول مطلق مثلاً قَامَ زَيْدٌ قِيَامًا (۲) مفعول فیہ جیسے صُمْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ (۳) مفعول معہ جیسے جَاءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ (۴) مفعول لہ جیسے اِكْرَامًا لِزَيْدٍ، ضَرَبْتُهُ تَادِيْبًا (۵) حال جیسے جَاءَ زَيْدٌ رَاكِبًا (۶) تمیز جیسے طَلَبَ زَيْدٌ نَفْسًا ۔

فعل مجہول: یہ وہ فعل ہے جس کا فاعل معلوم نہ ہو اور اس کی نسبت نائب فاعل کی طرف ہو۔

عمل فعل مجہول: فعل مجہول اپنے نائب فاعل کو رفع دیتا ہے اور چھ مفعولات کو نصب دیتا ہے مثلاً ضُرِبَ زَيْدٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اَمَامَ الْاَمِيْرِ ضَرْبًا شَدِيْدًا فِيْ دَارِهٖ تَادِيْبًا وَالْخَشْبَةَ ۔

سوال3: (الف) مَا اور لَا مشابہ لَيْسَ کا عمل مع امثلہ تحریر کریں؟

(ب) فعل مضارع کو نصب اور جزم دینے والے حروف تحریر کریں اور درج ذیل مثالوں کا معنی تحریر کریں؟

(۱) لَنْ تَخْرُجَ زَيْنَبُ ۔ (۲) اَنْتِ عَائِشَةُ ۔

(ج) عوامل معنویہ کی اقسام مع امثلہ تحریر کریں؟

جواب: (الف) مَا اور لَا مشابہ لَيْسَ کا عمل اور مثالیں: مَا اور لَا مشابہ لَيْسَ دونوں لَيْسَ والا عمل کرتے ہیں یعنی اپنے اسم کو رفع دیتے ہیں اور خبر کو نصب دیتے ہیں مثلاً مَا زَيْدٌ قَائِمًا، لَا رَجُلٌ اَفْضَلَ مِنْكَ ۔

(ب) فعل مضارع کو نصب اور جزم دینے والے حروف: فعل مضارع کو نصب دینے والے چار حروف ہیں: (۱) اَنْ (۲) لَنْ (۳) كَيْ (۴) اِذَنْ ۔ مثلاً اُرِيْدُ اَنْ تَقُوْمَ ۔

فعل مضارع کو جزم دینے والے پانچ حروف ہیں: (۱) لَمْ (۲) لَمَّا (۳) لامِ امر (۴) لائے نہی (۵) اِنْ شرطیہ ۔ مثلاً لَمْ يَنْصُرْ، لَمَّا يَنْصُرْ، لِيَنْصُرْ، لَا تَنْصُرْ، اِنْ تَنْصُرْ اَنْصُرْ ۔

مثالوں کا ترجمہ: (۱) زینب ہرگز نہیں نکلے گی۔ (۲) آپ عائشہ ہیں۔

(ج) عوامل معنویہ کی اقسام اور امثلہ: عوام معنویہ کا مطلب ہے کہ عامل لفظوں میں نہیں ہیں۔ عوامل معنویہ کی دو اقسام ہیں:

(۱) ابتداء: عامل لفظی سے خالی ہونا مبتداء اور خبر کو رفع دیتا ہے مثلاً زَيْدٌ قَائِمٌ (زید کھڑا ہے) اس مثال میں زید مبتداء ہے اور قائم خبر ہے اور دونوں ابتداء یعنی عامل لفظی سے خالی ہونے کی وجہ سے مرفوع ہیں۔

(۲) فعل مضارع کا نواصب وجوازم سے خالی ہونا اسے رفع دیتا ہے مثلاً يَضْرِبُ زَيْدٌ، يَضْرِبُ فعل مضارع اور مرفوع ہے ابتداء کی وجہ سے۔

سوال 4: (الف) اسم معرفہ کی تعریف اور اس کی اقسام مع امثلہ تحریر کریں؟

(ب) مرکب منع صرف کی تعریف مع مثال بیان کریں؟ نیز ضمیر مجرور متصل اور ضمیر منصوب متصل کی گردان تحریر کریں؟

(ج) مستثنیٰ کی تعریف اور اس کی اقسام مع امثلہ تحریر کریں؟

جواب: (الف) اسم معرفہ کی تعریف اور اقسام مع امثلہ: اسم معرفہ وہ ہے جو کسی خاص چیز کے لیے وضع کیا گیا ہو۔ اس کی سات اقسام ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) ضمائر مثلاً هُوَ وغیرہ (۲) اعلام مثلاً زید وغیرہ (۳) اسماء اشارات مثلاً ذا وغیرہ (۴) اسماء موصولہ مثلاً اَلَّذِيْ وغیرہ (۵) معرفہ الف لام سے مثلاً اَلرَّجُلُ (۶) نکرہ جب ان پانچ قسموں کی طرف مضاف ہو مثلاً غُلَامُ الَّذِيْنَ، غُلَامُ هٰذَا، غُلَامُ زَيْدٍ، عِنْدِيْ غُلَامُ الرَّجُلِ ۔ (۷) معرفہ بحرف ندا مثلاً يَا رَجُلُ ۔

H-M-HASNAIN ACADEMY

(ب) مرکب منع صرف کی تعریف و مثال: منع صرف وہ مرکب ہے جس میں غیر منصرف کے اسباب میں سے دو پائے جائیں یا ایک پایا جائے جو دو کے قائم مقام ہو مثلاً اَحْمَدُ ۔اس میں وزن فعل اور علم دو سبب پائے گئے ہیں۔

ضمیر مجرور متصل کی گردان: لِیْ، لَنَا، لَكَ، لَكُمَا، لَكُمْ، لَكِ، لَكُمَا، لَكُنَّ، لَهٗ، لَهُمَا، لَهُمْ، لَهَا، لَهُمَا، لَهُنَّ ۔

گردان ضمیر منصوب متصل: اِیَّایَ، اِیَّانَا، اِیَّاكَ، اِیَّاكُمَا، اِیَّاكُمْ، اِیَّاكِ، اِیَّاكُمَا، اِیَّاكُنَّ، اِیَّاهُ، اِیَّاهُمَا، اِیَّاهُمْ، اِیَّاهَا، اِیَّاهُمَا، اِیَّاهُنَّ ۔

(ج) مستثنیٰ کی تعریف، اقسام اور مثالیں:

مستثنیٰ: مستثنیٰ وہ لفظ ہے جو حروف استثناء کے بعد واقع ہو۔حروف استثناء گیارہ ہیں:

(۱) اِلَّا (۲) غَیْرَ (۳) سِوٰی (۴) حَاشَا (۵) خَلَا (۶) عَدَا (۷) مَا خَلَا (۸) مَا عَدَا (۹) لَیْسَ (۱۰) لَایَكُوْنُ (۱۱) سِوَاء ۔

مستثنیٰ کی دو اقسام ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) مستثنیٰ متصل: یہ وہ مستثنیٰ ہے جسے اِلَّا وغیرہ سے متعدد سے خارج کیا جائے مثلاً جَاءَنِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا ۔

(۲) مستثنیٰ منقطع: یہ وہ مستثنیٰ ہے جسے اِلَّا وغیرہ کے بعد ذکر کیا جائے لیکن وہ متعدد سے خارج نہ کیا گیا ہو مثلاً جَاءَنِی الْقَوْمُ اِلَّا حِمَارًا ۔

سوال 5: (الف) اضافت کی اقسام مع امثلہ بیان کریں؟

(ب) منادی کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ حروف ندا کتنے اور کون کون سے ہیں؟

(ج) افعال مقاربہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟ ان کا عمل مع امثلہ تحریر کریں؟

جواب: (الف) اضافت کی تعریف، اقسام اور امثلہ: حرف جر مقدر کے ذریعے ایک اسم کی دوسرے اسم کی طرف نسبت کو اضافت کہا جاتا ہے۔ پہلے اسم کو مضاف اور دوسرے کو مضاف الیہ کہتے ہیں اور مضاف الیہ مجرور ہوتا ہے۔

اضافت کی تین اقسام ہیں:

(۱) اضافت لامی: جس میں حرف جر لام مقدر ہو مثلاً غُلَامُ زَیْدٍ اصل میں غُلَامٌ لِزَیْدٍ تھا۔

(۲) اضافت منی: جس میں حرف جر مِن پوشیدہ ہو مثلاً خَاتَمُ فِضَّةٍ اصل میں خَاتَمٌ مِنْ فِضَّةٍ ۔

(۳) اضافت فوی: جس میں حرف فی مقدر ہو۔

(ب) منادی کی تعریف اور حرف نداء:

منادی: وہ اسم ہے جسے حرف ندا کے ساتھ پکارا جائے مثلاً یَا رَسُوْلَ اللهِ ۔ حروف ندا پانچ ہیں: (۱) یَا (۲) اَیَا (۳) هَیَا (۴) اَیْ (۵) ہمزہ مفتوحہ۔

(ج) فعل مقاربہ کی تعریف، افعال مقاربہ اور مثالیں:

فعل مقاربہ: وہ فعل ہے جس میں قربت کے معنی پائے جائیں۔ وہ تعداد میں چار ہیں:

(۱) عَسٰی مثلاً عَسٰی زَیْدٌ اَنْ یَّخْرُجَ ۔

(۲) كَادَ ۔

(۳) كَرَبَ ۔

(۴) اَوْشَكَ ۔

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

﴿درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2014ء﴾

چھٹا پرچہ: عربی

سوال 1: درج ذیل اجزاء کا ترجمہ کریں؟

(الف) فرعى الغنم وقام بخدمة اسرته وخرج تاجرًا مع عمه ابى طالب الى الشام وهو فى الثالثة عشر من عمره وشهد حلف الفضول للامن والسلام وهو ابن خمس عشرة سنة وكان احسن الناس خلقا واصدقهم حديثًا اعظمهم امانة وابعدهم عن الفواحش والمناكير وشارك الكثيرين فى التجارة وتعامل معهم فعرف للقلب الصادق الامين .

(ب) كان قد بايع رسول الله صلى الله عليه وسلم عدد من رجال الاوس والخزرج ونسائهما بالعقبتين الاولىٰ والثانية وعاهدوه بانهم سيمنعونه ويدفعون عنه فعلمت به قريش فغضبوا ودبروا مؤامرة ليقتلوه فعصمه الله وهاجر الى يثرب مع صاحبه الحفى ورفيقه الوفى ابى بكر الصديق ونزلا بغار ثور واقاما به ثلاثة ايام وفشلت قريش فى الفتك به والقبض عليه وكان امر الله مفعولا .

(ج) باكستان غنية بالمواد الغذائية وخاصة من ماحية الثروة الحيوانية كما ان باكستان مكتفية بذاتها فى مجال الاغذية والحبوب فانها تنتج اجود انواع القمح والرز والعشير والذرة والحمص والعدس والفول والباقلا والفاصوفيا والسكر .

جواب (الف) ترجمہ: پس آپ نے بکریاں چرائیں اور اپنے اہل خانہ کی خدمت کی۔ تیرہ سال کی عمر میں آپ اپنے چچا ابوطالب کے ساتھ تجارت کے لیے شام کی طرف گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے معاہدہ حلف الفضول میں امن وسلامتی کے لیے شرکت کی

(الف) عن ابی موسیٰ عبدالله بن قيس الاشعری رضی الله عنه قال سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الرجل يقاتل شجاعة ويقاتل حمية ويقاتل رءاء أى ذلك فى سبيل الله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قاتل لتكون كلمة الله هى العليا فهو فى سبيل الله ۔

(ب) عن ابی يحيىٰ صهيب بن سنان رضى الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عجبا لأمر المؤمن ان امره كله له خير وليس ذلك لأحد الاللمؤ من ان اصابته سراء شكر فكان خيرا له وان اصابته ضراء صبر فكان خيرا له ۔

(ج) عن ابی سعيد الخدری رضی الله عنه عن النبی صلى الله عليه وسلم قال ان الدنيا حلوة خضرة وان الله مستخلفكم فيها فينظر كيف تعملون فاتقوا النساء فان اول فتنة بنى اسرائيل كانت فى النساء ۔

(د) عن عمر رضی الله عنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لو انكم تتوكلون على الله حق توكله لرزقكم كما يرزق الطير تغدو خماصا وتروح بطانا ۔

(ہ) عن ابن مسعود رضی الله عنه قال صليت مع النبی صلى الله عليه وسلم ليلة

H-M-HASNAIN-ASADI

فأطال القيام حتى هممت بأمر سوء قيل وما هممت به؟ قال هممت أن اجلس وأدعه .

(و) عن ابی هريرة رضی الله عنه عن النبی صلى الله عليه وسلم قال من غدا الى المسجد أو راح أعد الله له فی الجنة نزلا كلما غدا اوراح .

(ز) عن جابر رضی الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أمر بلعق الأصابع والصحفة وقال انكم لاتدرون فی ايها البركة .

جواب: ترجمۃ الاحادیث:

(الف) حضرت ابوموسیٰ عبداللہ بن قیس اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا اس شخص کے بارے جو بہادری سے لڑتا ہے یا لڑتا ہے حمیت کے لیے یا لڑتا ہے دکھلاوے کے لیے کہ ان میں سے کون سا اللہ کی راہ میں (لڑتا) ہے؟ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لڑے تا کہ اللہ کا کلمہ بلند ہو وہی اللہ کی راہ میں (لڑتا) ہے۔

(ب) حضرت ابویحییٰ صہیب بن سنان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عجب ہے مومن کا معاملہ تمام کا تمام بھلائی کے لیے ہے اور نہیں (حاصل ہوتی) یہ کسی ایک کو مگر اس مومن کو کہ اگر پہنچے خوشی اللہ کا شکر بجالائے۔ تو ہو گا یہ اس کے لیے بہتر۔ اگر اسے کوئی تکلیف پہنچے اور صبر کرے تو ہو گا یہ بھی اس کے لیے بہتر۔

(ج) حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا: بے شک دنیا میٹھی اور سرسبز و شاداب ہے اور بے شک اللہ نے تمہیں خلیفہ بنایا ہے اس میں۔ پس وہ دیکھتا ہے کہ کیسے تم عمل کرتے ہو۔ پس ڈرو تم دنیا سے اور ڈرو عورتوں کے معاملہ میں پس بے شک اول فتنہ بنی اسرائیل میں عورتوں کی وجہ سے ہوا۔

(ہ) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی علیہ السلام کے ساتھ ایک رات نماز پڑھی کہ پس لمبا کیا آپ نے قیام حتیٰ کہ میں نے ارادہ کیا برے امر کا۔ کہا گیا کہ کس چیز کا ارادہ کیا؟ کہا: ارادہ کیا میں نے کہ بیٹھ جاؤں اور آپ کو (تنہا) چھوڑ دوں۔

(د) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اگر تم اللہ پر ایسا بھروسہ کرو، جیسا کہ بھروسہ کرنے کا حق ہے، تو وہ رزق دے گا تمہیں جیسے رزق دیتا ہے پرندوں کو کہ وہ صبح جاتے ہیں خالی پیٹ اور شام کو واپس پلٹتے ہیں پیٹ بھرنے کے ساتھ۔

(و) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص صبح کے وقت مسجد کو جاتا ہے یا شام کے وقت میں تو تیار کرتا ہے اللہ اس کے لیے جنت میں مہمانی جب وہ صبح جاتا ہے اور شام جاتا ہے۔

H-M-HASNAIN ASADI

(ز) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انگلیاں اور پیالہ چاٹنے کا حکم دیا اور فرمایا: تم نہیں جانتے اس کے کس حصہ میں برکت ہے۔

سوال نمبر ۲: اعراب لگائیں، ترجمہ کریں، خط کشیدہ صیغے حل کریں؟

عَنْ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَهُوَ قَادِرٌ عَلٰى أَنْ يُّنْفِذَهٗ دَعَاهُ اللهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى عَلٰى رُؤُوْسِ الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُخَيِّرَهٗ مِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ مَا شَاءَ ۔

جواب: اوپر اعراب لگادیے گئے ہیں: ترجمہ: حضرت معاذ بن انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس شخص نے غصہ پیا حالانکہ وہ اس بات پر قادر تھا کہ وہ غصہ نافذ کرے تو اللہ تعالیٰ اسے بلائے گا مخلوق کے سامنے قیامت کے دن کہ اختیار کرلے حور عین سے جس کو چاہے۔

صیغے: ان ینفذ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معروف ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعال۔

حتی یخیرہ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معروف ثلاثی مزید فیہ از باب تفعیل حتیٰ کے بعد اَنْ مقدر ہے، جو فعل مضارع کو نصب دے رہا ہے اور وہ ضمیر معفول ہے۔

سوال نمبر ۳: درج ذیل الفاظ کے معانی تحریر کریں اور وہ ضمیر مفعول ہے۔

(۱) المرض (۲) نفر (۳) الصخرة (۴) الرقیق (۵) الساحر (۶) الاکمه
(۷) وصب (۸) الشوکة (۹) العقوبة (۱۰) السخط (۱۱) ظلال (۱۲) طمانینة (۱۳) ریبة (۱۴) العفاف (۱۵) الغنم ۔

جواب: الفاظ کے معانی: (۱) بیماری (۲) جماعت (۳) چٹان (۴) پتلا (۵) جادوگر (۶) مادرزاد اندھا (۷) دائمی درد (۸) کانٹا (۹) سزا (۱۰) ناراضگی (۱۱) سایہ (۱۲) سکون (۱۳) شک (۱۴) درگزر (۱۵) بکری۔

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

سالانہ امتحان الشھادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال دوم برائے طالبات سال ۱۴۳۷ھ/2017ء

وقت: تین گھنٹے ﴿تیسرا پرچہ: صرف﴾ کل نمبر: ۱۰۰

H-M-HASHAIN-ASADI

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر۱: (الف) حروف اصلی اور زائد میں فرق کرنے اور کلمات کا وزن معلوم کرنے کا طریقہ لکھیں؟ (۱۵)

(ب) اقسام حروف اصلیہ کے اعتبار سے اسم اور فعل کی کتنی اور کون سی قسمیں ہیں ان میں سے کسی دو کی تعریف اور مثال لکھیں؟ (۵×۱۰=۱۵)

سوال نمبر۲: (الف) دوازدہ اقسام کے صرف نام لکھ کر ان میں سے کسی تین کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟ (۶×۱۵=۲۱)

(ب) متکلم مع الغیر کا صیغہ کتنے اور کون کون سے صیغوں کے قائمقام ہوتا ہے؟ (۹)

سوال نمبر۳: (الف) ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل کے کتنے اور کون کون سے ابواب ہیں ہر باب کی علامت بھی قلمبند کریں؟ (۱۰×۵=۱۵)

(ب) باب ضَرَبَ یَضْرِبُ سے اسم مفعول کی صرف گردان (معانی وصیغ کے بغیر) اور باب افعال کی صرف صغیر تحریر کریں؟ (۷×۸=۱۵)

سوال نمبر۴: (الف) درج ذیل کے بارے میں بتائیں کہ یہ کون سے صیغے ہیں؟ (۵×۴=۲۰)

(۱) ضَرَبْتُنَّ (۲) لَمْ تَضْرِبِیْ (۳) لَتَضْرِبِنَّ (۴) لَاتَضْرِبْنَ (۵) ضُرِبَی۔

(ب) درج ذیل صیغوں کے بارے میں بتائیں کہ یہ کس سے اور کیسے بنتے ہیں؟ (۴×۵=۲۰)

(۱) ضَرَبَ (۲) ضَارِبٌ (۳) مَضْرُوْبٌ (۴) اِضْرِبْ۔

☆☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2017ء

﴿تیسرا پرچہ: صرف﴾

سوال نمبر۱: (الف) حروف اصلی اور زائد میں فرق کرنے اور کلمات کا وزن معلوم کرنے کا طریقہ لکھیں؟

جواب: حروف اصلی اور زائد میں فرق کرنے اور کلمات کا وزن معلوم کرنے کے لیے صرفیوں نے فاء، عین اور لام کو معیار قرار دیا ہے یعنی وزن کرتے ہوئے جو حروف فاء، عین اور لام کے مقابلے میں آئیں وہ اصلی اور جو ان کے مقابلے میں نہ آئیں وہ زائد ہیں مثلاً ضَرَبَ بروزن فَعَلَ ہے اور اَضْرَبَ بروزن اَفْعَلَ ہے چونکہ ضَرَبَ کے تمام حروف فاء، عین اور لام کے مقابلے میں ہیں' لہٰذا یہ اصلی ہوئے اور اَضْرَبَ میں ہمزہ فاء، عین اور لام کلمہ کے مقابلے میں نہیں ہے' لہٰذا یہ زائد ہے۔

(ب) اقسام حروف اصلیہ کے اعتبار سے اسم اور فعل کی کتنی اور کون سی قسمیں ہیں ان میں سے کسی دو کی تعریف اور مثال لکھیں؟

جواب: اقسام حروف اصلیہ کے اعتبار سے اسم اور فعل کی سات قسمیں ہیں، جو اس شعر میں مذکور ہیں:

صحیح است ' مثال است ومضاعف

لفیف و ناقص و مہموز و اجوف

(۱) صحیح: وہ اسم یا فعل ہے' جس کے فاء، عین اور لام کے مقابلے میں نہ حرف علت ہو نہ ہمزہ ہو اور نہ دو حروف ایک جنس کے ہوں جیسے: ضَرْبٌ، ضَرَبَ.

(۲) مثال:

وہ اسم یا فعل جس کے فاء کلمہ کے مقابلے میں حرف علت ہو۔ اگر حرف علت واؤ ہو' تو مثال واوی جیسے: وَعْدٌ، وَعَدَ ۔ اگر حرف علت یاء ہو' تو مثال یائی جیسے: یُسْرٌ، یَسَرَ ۔

سوال نمبر۲: (الف) دوازدہ اقسام کے صرف نام لکھ کر ان میں سے کسی تین کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟

جواب: دوازدہ اقسام: دوازدہم کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) فعل ماضی (۲) فعل مضارع (۳) اسم فاعل (۴) اسم مفعول (۵) فعل نفی بلم جحد (۶) فعل نفی (۷) فعل امر (۸) فعل نہی (۹) اسم زمان (۱۰) اسم مکان (۱۱) اسم آلہ (۱۲) اسم تفضیل۔

(۱) فعل ماضی: وہ فعل ہے' جو گزشتہ زمانے پر دلالت کرے جیسے: ضَرَبَ .

H-M-HASNAIN-ASADI

(۲) فعل مضارع: وہ فعل ہے، جو موجودہ اور آئندہ زمانے پر دلالت کرے جیسے: یَضْرِبُ۔

(۳) اسم فاعل: وہ اسم ہے، جو کام کرنے والی ذات پر دلالت کرے جیسے: ضَارِبٌ۔

(ب) متکلم مع الغیر کا صیغہ کتنے اور کون کون سے صیغوں کے قائمقام ہوتا ہے؟

جواب: متکلم مع الغیر کا صیغہ چار صیغوں کے قائم مقام ہوتا ہے یعنی تثنیہ مذکر و مؤنث اور جمع مذکر و جمع مؤنث۔

سوال نمبر۳: (الف) ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل کے کتنے اور کون کون سے ابواب ہیں ہر باب کی علامت بھی قلمبند کریں؟

جواب: ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ کے پانچ ابواب ہیں:

(۱) افعال جیسے: اِکْرَامٌ (عزت کرنا)

علامت: فاء کلمہ سے پہلے ہمزہ قطعی کا زائد ہونا۔

(۲) تَفْعِیْلٌ جیسے: تَصْرِیْفٌ (پھیرنا)

علامت: عین کلمہ کا مشدد ہونا اور ماضی میں فاء کلمہ سے پہلے تاء زائد نہیں ہوتی۔

(۳) مُفَاعَلَةٌ جیسے: مُقَاتَلَةٌ (آپس میں جنگ کرنا)

علامت: فاء کلمہ کے بعد الف کا زائد ہونا اور فاء سے پہلے تاء نہیں ہوتی۔

(۴) تَفَعُّلٌ جیسے: تَقَبُّلٌ (قبول کرنا)

علامت: عین کلمہ کا مشدد ہونا فاء کلمہ سے پہلے تاء کا زائد ہونا۔

(۵) تَفَاعُلٌ جیسے: تَقَابُلٌ (ایک دوسرے کے مقابل ہونا)

علامت: فاء کلمہ کے بعد الف اور فاء سے پہلے تاء زائد ہوتی ہے۔

(ب) باب ضَرَبَ یَضْرِبُ سے اسم مفعول کی صرف گردان (معانی و صیغ کے بغیر) اور باب افعال کی صرف صغیر تحریر کریں؟

گردان اسم مفعول: (ضَرَبَ یَضْرِبُ)

مَضْرُوْبٌ، مَضْرُوْبَانِ، مَضْرُوْبُوْنَ، مَضْرُوْبَةٌ۔

مَضْرُوْبَتَانِ، مَضْرُوْبَاتٌ، مَضَارِیْبُ، مُضَیْرِبٌ۔

مُضَیْرِبَةٌ۔

باب افعال کی صرف صغیر: جواب حل شدہ پرچہ 2015 میں ملاحظہ کریں۔

سوال نمبر۴: (الف) درج ذیل کے بارے میں بتائیں کہ یہ کون سے صیغے ہیں؟

(۱) ضَرَبْتُنَّ (۲) لَمْ تَضْرِبِیْ (۳) لَتَضْرِبِنَّ (۴) لَاتَضْرِبْنَ (۵) ضُرِبْنِیْ۔

H-M-HASNAIN-ASADI

جواب: ضَرَبْتُنَّ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل ماضی معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ۔

(۲) لَمْ تَضْرِبِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل جحد بلم مضارع معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ۔

(۳) لَتَضْرِبِنَّ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل مضارع معروف لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ ثلاثی مجرد صحیح از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ۔

(۴) لاتضربن: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل نہی حاضر معلوم مؤکد بانون تاکید خفیفہ ثلاثی مجرد صحیح از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ۔

(۵) ضُرْبٰی: صیغہ واحد مؤنث اسم تفضیل۔

(ب) درج ذیل صیغوں کے بارے میں بتائیں کہ یہ کس سے اور کیسے بنتے ہیں؟

(۱) ضَرَبَ (۲) ضَارِبٌ (۳) مَضْرُوْبٌ (۴) اِضْرِبْ۔

جواب: (۱) ضَرَبَ: ضَرَبَ کو ضَرْبًا سے بناتے ہیں پہلے حرف کو اپنے حال پر چھوڑا، دوسرے کو فتحہ دیا، تیسرے کو فتح دیا، تنوین تمکن کو حذف کیا کیونکہ یہ اسم کی نشانی ہے اور فعل اسم کی نشانی کو قبول نہیں کرتا، تو ضَرَبَ ہوگیا۔

(۲) ضَارِبٌ: کو یَضْرِبُ فعل مضارع سے اس طرح بناتے ہیں کہ علامت مضارع یاء کو حذف کرنے کے بعد فاء کلمہ کو فتح دیا۔ اس کے بعد الف علامت اسم فاعل لائے، عین کلمہ کو اپنے حال پر چھوڑا اور تنوین تمکن علامت اسمیت اس کے آخر میں لائے تو ضارب ہوگیا۔

(۳) مَضْرُوْبٌ: مَضْرُوْبٌ کو یُضْرَبُ سے بناتے ہیں، علامت مضارع (یاء) کو حذف کرکے اس کی جگہ میم مفتوحہ علامت اسم مفعول لائے، عین کلمہ کو ضمہ دیا، تنوین تمکن آخر میں لائے تو مَضْرُبٌ ہوگیا چونکہ کلام عرب میں یہ وزن موجود نہیں لہٰذا عین کلمہ کے بعد اشباع کیا تاکہ واؤ پیدا ہوجائے تو مَضْرُوْبٌ ہوگیا۔

(۴) اِضْرِبْ: اِضْرِبْ کو تَضْرِبُ سے بناتے ہیں، علامت مضارع کو حذف کیا شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے کیونکہ عین کلمہ مکسور ہے اور آخر کو ساکن کیا تو اِضْرِبْ بن گیا۔ یہ امر حاضر معروف ثلاثی مجرد صیغہ واحد مذکر حاضر ہے۔

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال دوم برائے طالبات سال 1438ھ/

2017ء

وقت: تین گھنٹے ﴿چوتھا پرچہ: نحو﴾ کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر۱: (الف) مرکب مفید کی تعریف اور اس کے دوسرے نام سپرد قلم کریں؟ (۴+۲=۶)

(ب) معنی کے اعتبار سے جمع کی کون سی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی تعریف کریں اور ان کے اوزان قلمبند کریں؟ (۲+۸+۱۴=۲۴)

سوال نمبر۲: (الف) اسمائے ظروف کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ نیز اسمائے ظروف مکان ذکر کریں اور بتائیں کہ وہ کب مبنی ہوتے ہیں؟ (۵+۵+۵=۱۵)

(ب) درج ذیل میں سے جملہ اسمیہ وفعلیہ کی تعیین کریں؟ (۵×۳=۱۵)

هو قائم، صال الكلب، من أبوك، هو ياكل التمر، ضرب زيد عمروا .

سوال نمبر۳: (الف) اعراب کے اعتبار سے مضارع کی کل کتنی قسمیں ہیں؟ ان میں سے کسی دو کی مثالیں دے کر وضاحت کریں؟ (۵+۱۰=۱۵)

(ب) نعیم التحریر میں مذکور لائے نفی جنس کے عمل کی تیسری صورت کی مثالیں دے کر وضاحت کریں؟ (۱۵)

سوال نمبر۴: (الف) درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات وامثلہ تحریر کریں؟ (۴×۵=۲۰)

فاعل، مفعول معه، تابع، مستثنیٰ .

(ب) درج ذیل جملوں کی نحوی ترکیب کریں؟ (۴×۵=۲۰)

زَيْدٌ عَالِمٌ، مَرَرْتُ بِزَيْدٍ، هُنَّ مُسْلِمَاتٌ، اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ .

H-M-HASNAIN-ASADI

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات سال 2017ء

﴿چوتھا پرچہ: نحو﴾

سوال نمبرا: (الف) مرکب مفید کی تعریف اور اس کے دوسرے نام سپرد قلم کریں؟

(ب) معنی کے اعتبار سے جمع کی کون سی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی تعریف کریں اور ان کے اوزان قلمبند کریں؟

جواب: (الف) مرکب مفید کی تعریف: وہ مرکب ہے کہ جب بات کرنے والا بات کہہ کر خاموش ہو جائے تو سننے والے کو کوئی خبر یا طلب معلوم ہو۔

دوسرے نام: جملہ اور کلام۔

(ب) جمع کی اقسام: معنی کے اعتبار سے جمع کی دو قسمیں ہیں:

(ا) جمع قلت (۲) جمع کثرت۔

جمع قلت: وہ جمع ہے، جو دس سے کم پر دلالت کرے، اس کے چار وزن ہیں: (ا) اَفْعُلٌ جیسے: اَكْلُبٌ (۲) اَفْعَالٌ جیسے: اَقْوَالٌ (۳) اَفْعِلَةٌ جیسے: اَعْوِنَةٌ (۴) فِعْلَةٌ جیسے: غِلْمَةٌ۔ اگر جمع مذکر سالم اور جمع مؤنث سالم الف لام کے بغیر ہوں تو وہ بھی جمع قلت میں شمار ہوتے ہیں جیسے: مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمَاتٌ۔

جمع کثرت: وہ ہے، جو دس یا دس سے زائد پر دلالت کرے۔ مذکورہ اوزان کے علاوہ باقی تمام اوزان جمع کثرت کے ہیں مثلاً فعال جیسے: عباد وغیرہ۔

سوال نمبر۲: (الف) اسمائے ظروف کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ نیز اسمائے ظروف مکان ذکر کریں اور بتائیں کہ وہ کب مبنی ہوتے ہیں؟

(ب) درج ذیل میں سے جملہ اسمیہ وفعلیہ کی تعیین کریں؟

هو قائم، صال الكلب، من أبوك، هو ياكل التمر، ضرب زيد عمروا۔

جواب: (الف) اسمائے ظروف کی اقسام: اسمائے ظروف کی دو قسمیں ہیں:

(ا) ظرف زمان (۲) ظرف مکان۔

ظروف مکان: حيث، قدام، تحت، فوق جبکہ یہ مضاف ہوں اور مضاف الیہ محذوف منوی ہو

تب مبنی ہوتے ہیں۔

جملوں کی تعیین: هو قائم، جملہ اسمیہ۔ صال الكلب، جملہ فعلیہ۔ من أبوك؟، جملہ اسمیہ۔ هو ياكل التمر، جملہ اسمیہ۔ ضرب زيد عمروا، جملہ فعلیہ۔

سوال نمبر۳: (الف) اعراب کے اعتبار سے مضارع کی کل کتنی قسمیں ہیں؟ ان میں سے کسی دو کی مثالیں دے کر وضاحت کریں؟

(ب) نعیم التحریر میں مذکور لائے نفی جنس کے عمل کی تیسری صورت کی مثالیں دے کر وضاحت کریں؟

جواب: (الف) مضارع کی اقسام: اعراب کے اعتبار سے مضارع کی کل چار قسمیں ہیں:

حالت رفعہ میں ضمہ۔ حالت نصب میں فتح۔ حالت جزم میں سکون ہو۔ جیسے: هُوَ يَضْرِبُ لَنْ يَضْرِبَ لَمْ يَضْرِبْ ۔ اعراب کی یہ قسم مضارع مفرد صحیح مجرد از ضمائر بارزہ نونہائے جمع مؤنث کے ساتھ خاص ہے۔

حالت رفع میں ثبوت نون، حالت نصب و جزم میں حذف نون جیسے: هُمَا، يَفْعَلَانِ، هُمْ يَفْعَلُوْنَ، اَنْتِ تفْعَلِيْنَ ۔ لَنْ يَّفْعَلَا، لَنْ يَّفْعَلُوْا، لَنْ تَفْعَلِيْ، لَمْ يَفْعَلَا، لَمْ يفعَلُوْا، لَمْ تَفْعَلِيْ ۔

اعراب کی یہ قسم مضارع صحیح با نونہائے تثنیہ و جمع کے ساتھ خاص ہے۔

(ب) لائے نفی جنس کے عمل کی تیسری صورت:

اگر لا کے بعد نکرہ مفرد ہو اور لا ایک اور نکرہ مفرد کے ساتھ مکرر ہو، تو اس میں پانچ وجوہ پڑھنا جائز ہیں:

(۱) لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ (۲) لَاحَوْلٌ وَّلَا قُوَّةٌ اِلَّا بِاللهِ ۔ (۳) لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةٌ اِلَّا بِاللهِ (۴) لَاحَوْلٌ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ (۵) لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةً اِلَّا بِاللهِ.

سوال نمبر۴: (الف) درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟

فاعل، مفعول معه، تابع، مستثنٰى ۔

(ب) درج ذیل جملوں کی نحوی ترکیب کریں؟

زَيْدٌ عَالِمٌ، مَرَرْتُ بِزَيْدٍ، هُنَّ مُسْلِمَاتٌ، اَنَّ زَيْدًا قَائِمٌ ۔

جواب: (الف) فـاعـل: ہر وہ اسم ہے، جس سے پہلے فعل ہو اور وہ اسم اس کی طرف اس طرح منسوب ہو کہ اس کے ساتھ قائم بھی ہو، جیسے: ضرب زيد عمراً میں زید فاعل ہے۔

مفعول معه: وہ اسم ہے، جو واو بمعنی مع کے بعد واقع ہو، جیسے: جاء اکبر روالجبات ۔

تابع: تابع وہ دوسرا لفظ ہے، جو اعراب میں ایک ہی جہت سے پہلے لفظ کے مطابق ہوتا ہے پہلے لفظ کو

H-M-HASNAIN-ASAD

متبوع کہے جیسے: جَاءَ نِیْ، رَجُلٌ عَالِمٌ ۔

مستثنیٰ: وہ لفظ ہے، جو اِلَّا یا اس کے بھائیوں کے بعد مذکور ہو، جیسے: جَاءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدٌ ۔ اِلَّا کے بھائی درج ذیل ہیں:

(ب) جملوں کی ترکیب: زَیْدٌ عَالِمٌ: زَیْدٌ مبتداء اور عَالِمٌ خبر ہے۔ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَرَرْتُ بِزَیْدٍ: مَرَرْتُ فعل وفاعل ۔ (بِ) حرف جار، زَیْدٌ مجرور، جار و مجرور مل کر ظرف لغو۔ فعل وفاعل اور ظرف لغو مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

هُنَّ مُسْلِمَاتٌ: هُنَّ مبتدا، مُسْلِمَاتٌ خبر۔ مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ: اِنَّ حروف شبہ بفعل زَیْدًا، اسم، قَائِمٌ اس کی خبر، اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال دوم برائے طالبات سال 1438ھ/ 2017ء

﴿پانچواں پرچہ: عربی ادب﴾

وقت: تین گھنٹے — کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر۱: (الف) درج ذیل میں سے کسی دو اجزاء کا ترجمہ کریں؟ (۱۵+۱۵=۳۰)

(۱) أبوه سيّدنا عبدالله بن عبدالمطلب وقد توفى قبل مولده وأمه السيدة آمنة بنت وهب وقدتوفيت وهولم يسلخ السابعة من عمره وسماه جده محمدا صلى الله عليه وآله وسلم وسمته أمه أحمد.

(۲) كان سيّدنا رسول الله صلى الله عليه وسلم منقطعا عن الخلق الى الله وقد حزن على ماوجد البشر عليه من الظلم والاثم والعبودية والضلال فانقطع الى ربه منفردًا متقربا اليه فى غار حراء فجاء الملك بأول وحى وعمره أربعون سنة قمرية وستة أشهر وثمانية أيام.

(۳) وشارك ابو بكر رضى الله عنه فى الغزوات النبوية كلها ووهب للاسلام ورسوله جميع ماكان يملكه من نفسه ونفيسه وكان مثالا فى الصدق والأمانة والجود والوفاء والتواضع والقناعة والشرافة والكرامة والشجاعة والثبات على الحق أوما اعتزم عليه من اعمال البر والصلاح.

(ب) درج ذیل میں سے کسی چار اشعار کا ترجمہ کریں؟ (۴×۵=۲۰)

روحى الفداء لمن اخلاقه شهدت — بانه خير مولود من البشر
عمت فضائله كل العباد كما — عم البرية ضوء الشمس والقمر
لولم يكن فيه آيات مبينة — كانت بديهته تغنى عن الخبر
انبئت أن رسول الله أوعدني — والعفو عند رسول الله مأمول
فقد أتيست رسول الله معتذرا — والعذر عند رسول الله مقبول

سوال نمبر۲: (الف) درج ذیل میں سے کسی تین سوالات کے عربی میں جوابات تحریر کریں؟ (۳×۵=۱۵)

H-M-HASNAIN-ASADI

(۱) أين ومتى ولد سيّدنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ؟ (۲) كم طالبة تدرس في مدرسة فاطمة؟ (۳) بما ذا اوصى الوالد ابنته؟ (۴) من فطر الخلق البديع؟ (۵) كيف يعرف رسول الله صلى الله عليه وسلم الصبر والرفق .

(ب) درج ذیل میں سے کسی تین جملوں کی عربی بنائیں؟ (۳×۵=۱۵)

(۱) حکمت بہت بڑی بھلائی ہے۔ (۲) آپ صلی اللہ علیہ وسلم صادق وامین کے لقب سے مشہور تھے۔ (۳) تیرے مدرسے کا کیا نام ہے۔ (۴) حامد، سعید کا دوست ہے۔ (۵) لوگوں کے لیے وہی پسند کرجو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

سوال نمبر۳: (الف) درج ذیل میں سے کسی تین الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں؟ (۳×۵=۱۵)

(۱) المولد (۲) الدال (۳) الجار (۴) تلميذة (۵) الايمان .

(ب) المطالعۃ العربیہ میں مذکور کوئی ایک حدیث شریف عربی میں تحریر کریں؟ (۵)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2017ء

﴿پانچواں پرچہ: عربی ادب﴾

سوال نمبر۱: (الف) درج ذیل اجزاء کا ترجمہ کریں؟

(۱) أبوه سيّدنا عبدالله بن عبدالمطلب وقد توفى قبل مولده وأمه السيدة آمنة بنت وهب وقدتوفيت وهولم يسلخ السابعة من عمره وسماه جده محمدا صلى الله عليه وآله وسلم وسمته أمه أحمد .

(۲) كان سيّدنا رسول الله صلى الله عليه وسلم منقطعا عن الخلق الى الله وقد حزن على ماوجد البشر عليه من الظلم والاثم والعبودية والضلال فانقطع الى ربه منفردا متقربا اليه فى غار حراء فجاء الملك بأول وحى وعمره أربعون سنة قمرية وستة أشهر وثمانية أيام .

(۳) وشارك ابو بكر رضى الله عنه فى الغزوات النبوية كلها ووهب للاسلام ورسوله جميع ما كان يملكه من نفسه ونفيسه وكان مثالا فى الصدق والأمانة والجود

H-M-HASNAIN-ASADI

والوفاء والتواضع والقناعة والشرافة والكرامة والشجاعة والثبات على الحق أوما اعتزم عليه من اعمال البر والصلاح ۔

(ب) درج ذیل اشعار کا ترجمہ کریں؟

۱-روحي الفداء لمن اخلاقه شهدت	بانه خير مولود من البشر
۲-عمت فضائله كل العباد كما	عم البرية ضوء الشمس والقمر
۳-لولم يكن فيه اٰيات مبينة	كانت بديهته تغني عن الخبر
۴-أنبئت أن رسول لاله أوعدني	والعفو عند رسول الله مأمول
۵-فقد أتيست رسول الله معتذرا	والعذر عند رسول الله مقبول

جواب: (الف) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد جناب عبداللہ بن عبدالمطلب ہیں، وہ آپ کی پیدائش سے پہلے ہی وفات پا گئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ آمنہ بنت وھب ہیں، وہ اس وقت وفات پا گئی تھیں جب آپ کی عمر ابھی سات سال کو بھی نہ پہنچی تھی۔ آپ کے دادا نے آپ کا نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم رکھا اور آپ کی والدہ نے آپ کا نام احمد صلی اللہ علیہ وسلم رکھا تھا۔

(۲) ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم مخلوق سے اللہ کی طرف متوجہ ہونے والے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم انسانوں پر ہونے والے ظلم، گناہ، غلامی اور گمراہی پر غمگین تھے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم غار حرا میں اپنے رب کا تقرب حاصل کرنے کے لیے اکیلے تشریف لے جاتے۔ پس جب فرشتہ پہلی وحی لے کر آپ کے پاس آیا تو آپ کی عمر چالیس سال، چھ مہینے اور آٹھ دن تھی۔

(۳) اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تمام غزوات نبویہ میں شریک ہوئے۔ اسلام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے وہ تمام جس کے آپ مالک تھے یعنی اپنی جان اور اپنا سارا مال پیش کر دیا۔ آپ رضی اللہ عنہ صداقت، امانت، وفاداری، تواضع، قناعت، شرافت، کرامت، بہادری اور حق پر ثابت قدمی یا نیکی اور اصلاح کے کاموں میں ضرب المثل تھے۔

جواب (ب): اشعار کا ترجمہ:

۱- میری جان ان پر قربان جن کے اخلاق اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام انسانوں سے بہترین پیدا کیے گئے ہیں۔

۲- آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل تمام کائنات پر اس طرح چھا گئے ہیں جس طرح سورج اور چاند کی روشنی تمام کائنات پر چھا جاتی ہے۔

۳- اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم میں روشن نشانیاں نہ بھی ہوتیں تو آپ کا چہرہ مبارک آپ کی نبوت کی خبر دینے کے لیے کافی تھا۔

H-M-HASNAIN-ASADI

۴- مجھے بتایا گیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دھمکی دی ہے جبکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے تو معافی کی امید کی جاتی ہے۔

۵- پس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس معذرت طلب کرنے آیا' کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس معذرت قبول کر لی جاتی ہے۔

سوال نمبر۲: (الف) درج ذیل میں سے کسی تین سوالات کے عربی میں جوابات تحریر کریں؟

(۱) أین ومتی ولد سیّدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ؟ (۲) کم طالبة تدرس فی مدرسة فاطمة؟ (۳) بما ذا اوصی الوالد ابنته؟ (۴) من فطر الخلق البدیع؟ (۵) کیف یعرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الصبر والرفق .

(ب) درج ذیل میں سے کسی تین جملوں کی عربی بنائیں؟

(۱) حکمت بہت بڑی بھلائی ہے۔(۲) آپ صلی اللہ علیہ وسلم صادق وامین کے لقب سے مشہور تھے۔ (۳) تیرے مدرسے کا کیا نام ہے۔(۴) حامد، سعید کا دوست ہے۔(۵) لوگوں کے لیے وہی پسند کر جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

جواب (الف): عربی میں جواب:

(۱) ولد رسولنا صلی اللہ علیہ وسلم بشعب بنی هاشم بمکة المکرمة فی صبیحة یوم الاثنین الثانی عشر من ربیع الاول لاول عام من حادث اصحاب الفیل ویوافق ذالك العشرین من شهر ابریل سنة ۵۷۱م،

(۲) کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شهیرًا بلقب الصادق والامین .

(۳) اوصی الوالد ابنته بتقوی اللہ والعمل الصالح المستمر

(۴) حامد صدیق سعید

(۵) الرفق زینة والصبر نصف الایمان

(ب) جملوں کی عربی: (۱) الحکمة خیر کثیر (۲) عرّف بلقب الصادق والامین . (۳) ماسم مدرستك (۴) حامد صدیق سعید (۵) احب النّاس ماتحب لغضبك .

سوال نمبر۳: (الف) درج ذیل الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں؟

(۱) المولد (۲) الدال (۳) الجار (۴) تلمیذة (۵) الایمان .

(ب) المطالعة العربیہ میں مذکور کوئی ایک حدیث شریف عربی میں تحریر کریں؟

جواب (الف): عربی جملے: المولد: اخبرنا یا استاد عن مولد الرسول صلی اللہ علیہ وسلم .

H-M-HASNAIN-ASADI

الدال: الدال علی الخیر کفاعله .

الجارُ: التمسوا الجار قبل شراء الدار .

تلمیذة: ساجدة تلمیذة عابدة .

الایمان: الحیاء من الایمان .

(ب) حدیث پاک: الدال علی الخیر کفاعله .

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک) سال دوم

برائے طالبات سال 1438ھ/2017ء

وقت: تین گھنٹے ﴿چھٹا پرچہ: انگلش وریاضی﴾ کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: حصہ اول کے تمام سوال لازمی ہیں جبکہ حصہ دوم کا پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی تین سوال حل کریں۔

﴿حصہ اول...... انگلش﴾

Q. No 1: Write an essay of 100 words on any one of the following. (16)

1. My Best Book. 2. Eid Milad ul Nabi. 3. My Country.

Q. No 2: Translate into Urdu (Any one). (16)

(i) In the fifth and sixth centuries, mankind stood on the verge of choas. It seemed that the civilization which had taken four thousand years to grow had startes crumbling. At this point in time, Allah Almighty raised a prophet from among themselves who was to lift the humanity from their ignorance into the light of faith.

(ii) Patriostism gives people the strength and courage to safeguard the interest of the country and nation. For a patriot the sovereignty, integrity and honour of the country are supreme values on which no compromise can be made. patriots render sacrifice for the preservation and protection of these values.

Q. No 3: Translate into English (any three). (9)

(۱) وہ خط لکھتا ہے (۲) سدرہ نے چائے پی (۳) وہ کتاب پڑھ رہا ہوگا (۴) ہم کہانی سن رہے ہوں

H-M-HASNAIN-ASADI

گے (۵) وہ نماز پڑھ رہے ہوں گے (۶) میں روزہ نہیں کھولوں گا۔

Q. No 4: Change as directed. (any three). (9)

(i) I am writing a letter. (Make passivevoice)

(ii) Will you go to Lahore? (Mark negative)

(iii) You played football. (Change into present indefinite)

(iv) Sajid reads a book. (Change into past indefinite)

(v) He is a doctor. (make interogative)

﴿حصہ دوم...... ریاضی﴾

سوال نمبر ۵: (الف) درج ذیل فیصد کو اعشاریہ میں تبدیل کیجئے جبکہ جواب تین درجہ اعشاریہ تک درست ہو۔ (۱۰)

(۱) 92% (۲) 180%

(ب) درج ذیل اعشاریہ کو فیصد میں تبدیل کیجئے۔ (۱۰)

(۱) 0.065 (۲) 3.41

سوال نمبر ۶: اگر کسی کتاب کا 84% حصہ 420 صفحات پر مشتمل ہو، تو کتاب میں کل کتنے صفحات ہوں گے؟ (۱۰)

سوال نمبر ۷: ایک مثلث کے اضلاع کی لمبائیاں 3 سینٹی میٹر، 4 سینٹی میٹر اور 6 سینٹی میٹر ہیں۔ مثلث کے اضلاع کی لمبائیوں کے درمیان نسبت معلوم کیجئے۔ (۱۰)

سوال نمبر ۸: اگر ایک ہوٹل میں 14 آدمیوں کا 8 دن رہنے کے لیے 22400 روپے خرچ آتا ہو، تو 7 آدمیوں کا 13 دن کے لیے کتنا خرچ آئے گا؟ (۱۰)

سوال نمبر ۹: عبداللہ کی تنخواہ کی سلپ ظاہر کرتی ہے کہ اس نے ہفتہ میں 36 گھنٹے کام کے علاوہ 6 گھنٹے اضافی کام کیا ہے۔ اگر اس کی تنخواہ کی بنیادی شرح 60 روپے فی گھنٹہ اور اضافی وقت کی ادائیگی 60 روپے کا 1.5 گنا ہو، تو عبداللہ کی ماہانہ مجموعی تنخواہ معلوم کیجئے۔ (۱۰)

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات سال 2017ء

﴿چھٹا پرچہ: انگلش و ریاضی﴾

Q. No 1: Write an essay of 100 words on any one of the following.

1. My Best Book. 2. Eid Milad ul Nabi. 3. My Country.

"My Best Book"

I have read many book but the book I like most is the Holy quran. It means the most widely read book. Its author is not a homan being Allah is its author. He sent this book to the Holy Prophet ﷺ through the angle in parts. The companions of the Holy Prophet ﷺ collectes the parts on which verses were written and gave them the shape of a book i.e. Quran afterwards. I daily recite it. So long as i go on veciting it. I feel as if I am talking with Allah. Every aspect of life is discussed in with detail. It is a complete history, a unique philosophy, a towering ethic and a perfect religion.

It is written in Arabic. Its language is vers forceful. I have not seen any book that can teach a man so many subjects as Quran does. It is an everlasting book. It can meet all the challenges in all the times. It is only for the betterment of human beings.

Q. No 2: Translate into Urdu (Any one)

(i) In the fifth and sixth centuries, mankind stood on the verge of choas. It seemed that the civilization which had taken four thousand years to grow had startes crumbling. At this point in

H-M-HASNAIN-ASADI

time, Allah Almighty raised a prophet from among themselves who was to lift the humanity from their ingnorance into the light of faith.

(ii) Patriostism gives people the strength and courage to safeguard the interest of the country and nation. For a patriot the sovereignty, integrity and honour of the country are supreme values on which no compromise can be made. patriots render sacrifice for the preservation and protection of these values.

(۱) پانچویں اور چھٹی صدی میں نوعِ انسانی تباہی کے دہانے پر کھڑی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ تہذیب وتمدن جس نے پروان چڑھنے میں چار ہزار سال لیے تھے ٹکڑے ٹکڑے ہونا شروع ہو گئی تھی۔ وقت کی اس گھڑی میں اللہ قادرِ مطلق نے ان ہی میں سے ایک پیغمبر کو پیدا کیا جس نے انسانیت کو جہالت کے اندھیروں سے نکال کر ایمان کی روشنی سے سربلند کرنا تھا۔

(۲) حب الوطنی لوگوں کو اپنے ملک اور قوم کے مفاد کی حفاظت کرنے کے لیے طاقت اور جرأت عطا کرتی ہے۔ ایک محبِ وطن کے لیے ملک کے اقتدارِ اعلیٰ، وحدت اور وقار برتر اقدار ہیں جن پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جا سکتا۔ محبانِ وطن ان اقدار کو قائم رکھنے اور ان کی حفاظت کیلئے قربانی دیتے ہیں۔

Q. No 3: Translate into English (any three). (9)

(۱) وہ خط لکھتا ہے۔

He writes a latter.

(۲) سدرہ نے چائے پی۔

Sidra took a tea.

(۳) وہ کتاب پڑھ رہا ہوگا۔

He will be reading a book.

(۴) ہم کہانی سن رہے ہوں گے۔

We shall be hearing astory.

(۵) وہ نماز پڑھ رہے ہوں گے۔

They shall be saying prayer.

H-M-HASNAIN-ASADI

Q. No 4: Change as directed. (any three). (9)

(i) I am writing a letter. (Make passive voice)

A letter was written by me.

(ii) Will you go to Lahore? (Mark negative)

Will you not go to Lahore?

(iii) You played football. (Change into present indefinite)

You play foot ball.

(iv) Sajid reads a book. (Change into past indefinite)

Sajid read a book.

(v) He is a doctor. (make interogative)

Is he a doctor?

H-M-HASNAIN-ASADI

﴿حصہ دوم...... ریاضی﴾

سوال نمبر ۵: (الف) درج ذیل فیصد کو اعشاریہ میں تبدیل کیجئے جبکہ جواب تین درجہ اعشاریہ تک درست ہو۔ (۱۰)

(۱) 92% (۲) 180%

(ب) درج ذیل اعشاریہ کو فیصد میں تبدیل کیجئے۔ (۱۰)

(۱) 0.065 (۲) 3.41

جواب: (الف)

(i) 92%

92×1/100

=92/100

=0.92

جواب: 0.92=

(ii) 180%

180×1/100

180/100

18/10

جواب: 1.8=

(ب)

(i) 0.065

=0.065×100/100

=0.065×100%

=6.5%

جواب: 6.5%=

(ii) 3.41

=3.41×100/100

=3.41×100%

=314%

جواب: 314%=

سوال نمبر٦: اگر کسی کتاب کا 84% حصہ 420 صفحات پر مشتمل ہو، تو کتاب میں کل کتنے صفحات ہوں گے؟

صفحات 420=84% فی حصہ میں صفحات

84%=کتاب کا حصہ

(100-84)=بقیہ کتاب کا حصہ کے صفحات

16%

$$\frac{420 \times 16}{84}$$

16×5

صفحات 80

80+420=کتاب کے کل صفحات

صفحات 500

سوال نمبر٧: ایک مثلث کے اضلاع کی لمبائیاں 3 سینٹی میٹر، 4 سینٹی میٹر اور 6 سینٹی میٹر ہیں۔ مثلث کے اضلاع کی لمبائیوں کے درمیان نسبت معلوم کیجئے۔

H-M-HASNAIN-ASADI

3cm = پہلے ضلع کی لمبائی

4cm = دوسرے ضلع کی لمبائی

6cm = تیسرے ضلع کی لمبائی

اضلاع کے درمیان نسبت

3cm:4cm = پہلے اور دوسرے ضلع کے درمیان نسبت

=3:4

3cm:6cm = پہلے اور تیسرے ضلع کے درمیان نسبت

=1:2

1:2 = پہلے اور تیسرے ضلع کے درمیان نسبت

4cm : 6cm = دوسرے اور تیسرے ضلع کے درمیان نسبت

=2 : 3

2 : 3 = دوسرے اور تیسرے ضلع کے درمیان نسبت

H-M-HASNAIN-ASADI

سوال نمبر ۸: اگر ایک ہوٹل میں 14 آدمیوں کا 8 دن رہنے کے لیے 22400 روپے خرچ آتا ہو تو 7 آدمیوں کا 13 دن کے لیے کتنا خرچ آئے گا؟

خرچ	آدمی	دن
22400	14	8
x	7	13

/22400= 13/8 X 7/14

=13/8. 7/14 X 22400

=91/112 X 22400

=20,38,400/112

=18200 روپے

=18200 روپے

سوال نمبر ۹: عبداللہ کی تنخواہ کی سلپ ظاہر کرتی ہے کہ اس نے ہفتہ میں 36 گھنٹے کام کے علاوہ 6 گھنٹے اضافی کام کیا ہے۔ اگر اس کی تنخواہ کی بنیادی شرح 60 روپے فی گھنٹہ اور اضافی وقت کی ادائیگی 60 روپے کا 1.5 گنا ہو تو عبداللہ کی ماہانہ مجموعی تنخواہ معلوم کیجیے۔

36 گھنٹے = ہفتہ میں جتنے گھنٹے کام کیا

روپے60=فی گھنٹہ کے حساب سے تنخواہ

روپے36x60=21600=ایک ہفتہ کی تنخواہ

روپے4x36x60=8640=ایک مہینے کی تنخواہ

گھنٹے6=اضافی وقت ایک ہفتہ میں

روپے60x1.5=90=فی گھنٹہ کے حساب سے اضافی وقت کی تنخواہ

90x4x6=ایک مہینے کی اضافی تنخواہ

=24x90

=2160روپے

2160+8640=ایک مہینے کی مجموعی تنخواہ

=10,800

روپے10,800=مہینے کی مجموعی تنخواہ

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۳۹ھ/2018ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: 100

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1: درج ذیل اجزاء میں سے کوئی سی آٹھ آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں؟ ۱۰×۸=۸۰

۱- رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۝

۲- اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۝

۳- وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ۝

۴- يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ۝

۵- وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ؕ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ۝

۶- اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ۝

۷- وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓئًا مَّرِيْٓئًا۝

۸- وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا۝

۹- اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا۝

۱۰- وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا۝

۱۱- اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا۝

H-M-HASNAIN-ASADI

١٢-وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ لَعَنَهٗ وَ اَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا○

سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل کلمات میں سے دس کے معانی تحریر کریں؟ ١٠×٢=٢٠

بَثَّ، اَلْاَرْحَامُ، حُوْبًا، طِبْنَ، كَبِيْرًا، نِحْلَةً، هُدًى، مُسْتَضْعَفِيْنَ، اَلضَّرَرِ، مُرَاغَمًا، تَنَازَعْتُمْ، فَاٰذُوْهُمَا

☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2018ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید

سوال نمبر 1: درج ذیل آٹھ آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں؟

جواب: آیت نمبر ١ -رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ج اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ○

ترجمہ: اے ہمارے رب! تو ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کر ہدایت دینے کے بعد اور تو ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا کر۔ بے شک تو ہی عطا کرنے والا ہے۔

آیت نمبر٢ -اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ج اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ○

ترجمہ: جب عمران کی بی بی نے عرض کیا: اے میرے رب! میں تیرے لیے منت مانتی ہوں جو میرے پیٹ میں ہے کہ خالص تیری ہی خدمت میں رہے، تو تو مجھ سے قبول کر لے۔ بے شک تو ہی سننے والا اور جاننے والا ہے۔

آیت نمبر٣ -وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ط اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ○

ترجمہ: اور نہ وہ تمہیں حکم دے گا کہ فرشتوں اور پیغمبروں کو خدا ٹھہرالو۔ اور کیا وہ تمہیں حکم دے گا کفر کا بعد اس کے تم مسلمان ہو گئے؟

آیت نمبر٤ -يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ○

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر تم پیروی کرو ایک ایسے گروہ کی جنہیں کتاب دی گئی، تو وہ تمہیں

H-M-HASNAIN-ASADI

الٹے پاؤں لوٹا دیں گے بعد اس کے کہ تم ایمان لے آئے کافروں میں سے۔

آیت نمبر۵-وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَ لِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ط وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ○

ترجمہ: اور یہ فتح اللہ نے نہ کی مگر تمہاری خوشی کے لیے۔ اور اسی لیے کہ اس سے تمہارے دلوں کو چین ملے۔ اور مدد نہیں کسی کے پاس مگر غالب اللہ حکمت والے کے پاس ہے۔

آیت نمبر۶-اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰهُ جَهَنَّمُ ط وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ○

ترجمہ: تو کیا جو اللہ کی مرضی پر چلا وہ اس جیسا ہوگا جس نے اللہ کا غضب اوڑھا، پس اس کا ٹھکانہ جہنم ہے اور کیا بری جگہ پلٹنے کی ہے۔

آیت نمبر۷-وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ط فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا○

ترجمہ: عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے دو۔ پھر اگر وہ اپنے دل کی خوشی سے مہر میں سے تمہیں کچھ دے دیں، تو اسے کھاؤ رچتا پچتا۔

آیت نمبر۸-وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ط اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ط وَسَآءَ سَبِيْلًا○

ترجمہ: اور باپ دادا کی منکوحہ سے نکاح نہ کرو مگر جو ہو گزرا۔ وہ بے شک بے حیائی اور غضب کا کام ہے اور بہت بری راہ ہے۔

آیت نمبر۹-اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ج وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا○

ترجمہ: اللہ ایک ذرہ برابر ظلم نہیں فرماتا اور اگر کوئی نیکی ہو تو اسے دونی کرتا ہے اور اپنے پاس سے بڑا ثواب دیتا ہے۔

آیت نمبر۱۰-وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا○

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو کچھ اللہ نے اتارا ہے، اس کی طرف اور رسول کی طرف آؤ، تو تو منافقوں کو دیکھتا ہے کہ وہ تجھ سے بالکل پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔

H-M-HASNAIN-ASADI

آیت نمبر۱۱۔ اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِیْهِ اخْتِلَافًا كَثِیْرًا٥

ترجمہ: تو کیا تم غور نہیں کرتے قرآن میں اور اگر وہ غیر خدا کی طرف سے ہوتا تو ضرور اس میں اختلاف پاتے۔

آیت نمبر۱۲۔ وَمَنْ یَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِیْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِیْمًا٥

ترجمہ: اور جو کوئی مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کرے تو اس کا بدلہ جہنم ہے کہ مدتوں اس میں رہے۔ اللہ نے اس پر غضب کیا' اس پر لعنت کی اور اس کے لیے تیار کر رکھا بڑا عذاب۔

سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل کلمات کے معانی تحریر کریں؟

بَثَّ، اَلْاَرْحَام، حُوْبًا، طِبْنَ، كَبِیْرًا، نِحْلَةً، هُدًى، مُسْتَضْعَفِیْنَ، اَلضَّرَرِ، مُرَاغَمًا، تَنَازَعْتُمْ، فَاٰذُوْهُمَا

جواب:

الفاظ	معنی
بَثَّ	ٹھہرایا، پھیلایا
اَلْاَرْحَام	پیٹ
حُوْبًا	حق مہر
طِبْنَ	دلی خوشی سے
كَبِیْرًا	بڑا
نِحْلَةً	خوشی سے
هُدًى	راہ دکھانا
مُسْتَضْعَفِیْنَ	کمزور لوگ
اَلضَّرَر	نقصان
تَنَازَعْتُمْ	تم نے جھگڑا کیا
فَاٰذُوْهُمَا	ان لوگوں نے ان دونوں کو اذیت دی

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک سال دوم) برائے طالبات سال ۱۴۳۹ھ/2018ء

دوسرا پرچہ: حدیث نبوی

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: 100

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے پانچ احادیث مبارکہ کا ترجمہ تحریر کریں؟ ۱۰×۵=۵۰

۱-عن ابی حمزة انس بن مالك الانصاری خادم رسول الله صلی الله علیه وسلم قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الله افرح بتوبة عبده من احدکم سقط علی بعیره وقد اضله فی ارض فلاة۔

۲-عن ابی هریرة رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال یقول الله تعالیٰ مالعبدی المؤمن عندی جزاء اذا قبضت صفیه من اهل الدنیا ثم احتسبه الا الجنة۔

۳-عن ابن عباس رضی الله عنهما قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم نعمتان مغبون فیهما کثیر من الناس الصحة والفراغ۔

۴-عن انس رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الله لیرضی عن العبد ان یاکل الاکلة فیحمده علیها او یشرب الشربة فیحمده علیها۔

۵-عن ابی هریرة رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لتؤدن الحقوق الی اهلها یوم القیامة حتی یقاد للشاة الجلحاء من الشاة القرناء۔

۶-وعن ابی موسیٰ رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم المؤمن للمؤمن کالبنیان یشد بعضه بعضا وشکب بین اصابعه۔

۷-وعن ابی الدرداء عویمر رضی الله عنه قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول ابغونی فی الضعفاء فانما تنصرون وترزقون بضعفائکم۔

سوال نمبر 2: عن ابی سعید الخدری رضی الله عنه قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول من رای منکم منکر افلیغیره بیده فان لم یستطع فبلسانه فان لم یستطع فبقلبه وذٰلك اضعف الایمان۔

حدیث مبارک پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کی صرفی تحقیق کریں؟ ۱۰+۱۰+۱۰=۳۰

سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے کوئی سے دس الفاظ کے معانی تحریر کریں؟ ۱۰×۲=۲۰

جیش، شبر، برهان، وعك، خطیئة، النواجذ، ظلال، البنیان، خلق، طرق، الفرس، الاقتصاد

H-M-HASNAIN-ASADI

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2018ء

دوسرا پرچہ: حدیث نبوی

سوال نمبر 1: درج ذیل احادیث مبارکہ کا ترجمہ تحریر کریں؟

حدیث نمبرا-عن ابی حمزة انس بن مالك الانصاری خادم رسول الله صلی الله علیه وسلم قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الله افرح بتوبة عبده من احدکم سقط علی بعیره وقد اضله فی ارض فلاة .

ترجمہ: حضرت ابوحمزہ انس بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم ہیں بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی توبہ سے اس شخص سے زیادہ خوش ہوتا ہے، جو اپنے اونٹ کو پالے جبکہ وہ ایک جنگل میں گم کر چکا ہو۔

حدیث نمبر۲-عن ابی هریرة رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال یقول الله تعالٰی مالعبدی المؤمن عندی جزاء اذا قبضت صفیه من اهل الدنیا ثم احتسبه الا الجنة .

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: جب میں اپنے کسی مومن بندے کی دنیا سے تعلق رکھنے والی محبوب چیز کو قبضے میں لے لیتا ہوں اور پھر وہ اس پر ثواب کی امید رکھتا ہے، تو اس کی جزاء میرے نزدیک صرف جنت ہے۔

حدیث نمبر۳-عن ابن عباس رضی الله عنهما قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم نعمتان مغبون فیهما کثیر من الناس الصحة والفراغ .

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو نعمتوں میں بہت سے لوگ دھوکے کا شکار ہیں ایک صحت اور دوسری فراغت۔

حدیث نمبر۴-عن انس رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الله لیرضی عن العبد ان یاکل الاکلة فیحمده علیها او یشرب الشربة فیحمده علیها .

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ بندے سے راضی ہوجاتا ہے۔ جو ہر لقمہ پر اس کی حمد بیان کرتا ہے یا ہر گھونٹ پانی پر اس کی حمد بیان کرتا ہے۔

حدیث نمبر۵-عن ابی هریرة رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال

H-M-HASNAIN-ASADI

لتؤذن الحقوق الی اھلھا یوم القیامۃ حتی یقاد للشاۃ الجلحاء من الشاۃ القرناء ۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حقداروں کو ان کا حق قیامت کے دن ضرور ملے گا یہاں تک کہ سینگ والی بکری سے بدلہ لے کر بغیر سینگ والی بکری کو دیا جائے گا۔

حدیث نمبر ۶ - وعن ابی موسٰی رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المؤمن للمؤمن کالبنیان یشد بعضہ بعضا وشکب بین اصابعہ ۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مومن دوسرے مومن کے لیے ایک عمارت کی طرح ہے' جس کا ایک حصہ دوسرے کو مضبوط کرتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کر کے یہ بات ارشاد فرمائی۔

حدیث نمبر ۷ - وعن ابی الدرداء عویمر رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ابغونی فی الضعفاء فانما تنصرون وترزقون بضعفائکم ۔

ترجمہ: حضرت ابودرداء عویمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: مجھے کمزور لوگوں میں تلاش کرو، کیونکہ تمہارے کمزور لوگوں کی وجہ سے ہی تمہاری مدد کی جاتی ہے اور تمہیں رزق دیا جاتا ہے۔

سوال نمبر 2: حدیث مبارک پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کی صرفی تحقیق کریں؟

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ رَّاٰی مِنْکُمْ مُّنْکَرًا فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِہٖ وَذٰلِکَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانِ ۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے جو شخص کسی گناہ کو دیکھے تو اسے اپنے ہاتھ کے ذریعے ختم کر دے، اگر وہ اس چیز کی استطاعت نہ رکھتا ہو' تو اپنی زبان کے ذریعے مخالفت کرے اور اگر وہ اس کی استطاعت نہ رکھتا ہو' تو اپنے دل میں اسے برا سمجھے یہ ایمان کا کمزور ترین درجہ ہے۔

صرفی تحقیق

لم یستطع: صیغہ واحد مذکر غائب فعل جحد بلم ثلاثی مزید فیہ از باب استفعال۔ اس کی طاقت نہ رکھے۔

سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے کوئی سے دس الفاظ کے معانی تحریر کریں؟

H-M-HASNAIN-ASADI

جیش، شبر، برھان، وعك، خطیئة، النواجذ، ظلال، البنیان، خلق، طرق، الفرس، الاقتصاد

جواب:

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
جیش	گروہ	ظلال	سایہ
شبر	بالشت	البنیان	دیوار
برھان	دلیل	خلق	پیدا کیا
وعك	بخار زدہ ہونا	طرق	راستے
خطیئة	گناہ	الفرس	گھوڑا
النواجذ	داڑھیں	الاقتصاد	ذریعہ معاش

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۳۹ھ/2018ء

تیسرا پرچہ: صرف

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: 100

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: (الف) شش اقسام کی تعریفات مع امثلہ سپرد قلم کریں؟ ۱۸=۳×۶

(ب) اسم، فعل، حرف اور مرکب میں سے ہر ایک کی تعریفات مع امثلہ لکھیں؟ ۱۲=۳×۴

سوال نمبر 2: (الف) ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل کے کون کونسے ابواب ہیں؟ مع علامات تحریر کریں؟ ۱۵=۳×۵

(ب) باب نَصَرَ یَنْصُرُ سے فعل نفی تاکید بلن ناصبہ معروف کی فقط گردان تحریر کریں؟ ۱۵

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل میں سے پانچ اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ قلمبند کریں؟ ۱۵=۳×۵

مطرد، مهموز، فعل جحد، ناقص، مضاعف، لفیف، اجوف

(ب) اسم مشتق کی کوئی سی پانچ اقسام کی تعریفات و امثلہ لکھیں؟ ۱۵=۳×۵

سوال نمبر 4: (الف) درج ذیل کے بارے میں بتائیں کہ کون سے صیغے ہیں؟ ۲۰=۴×۵

نَاصِرَانِ، سَمِعْتُنَّ، نُفْتَحُ، اِضْرِبْنَّ

(ب) درج ذیل صیغوں کے بارے میں بتائیں کہ یہ کس طرح بنتے ہیں؟ ۲۰=۴×۵

مَفْتُوْحٌ، اِضْرِبِي، يَضْرِبَانِ، سَمِعْنَا

☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2018ء

تیسرا پرچہ: صرف

سوال نمبر 1: (الف) شش اقسام کی تعریفاتِ مع امثلہ سپرد قلم کریں؟

جواب: حروف اصلیہ اور زائدہ کے اعتبار سے کلمہ کی چھ اقسام ہیں جنہیں اہل صرف شش اقسام کہتے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کی تعریف اور مثال درج ذیل ہے:

(i) ثلاثی مجرد: وہ اسم یا فعل ہے، جس میں تین حروف اصلی ہوں مثلاً ضَرَبَ رُجُلٌ۔

(ii) ثلاثی مزید فیہ: وہ اسم یا فعل ہے، جس میں حروف اصلی کے علاوہ کوئی حرف زائدہ بھی ہو، مثلاً اِجْتَنَبَ ، حِمَارٌ۔

(iii) رباعی مجرد: وہ اسم یا فعل ہے، جس میں چار حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائدہ نہ ہو، مثلاً بَعْثَرَ ، جَعْفَرٌ۔

(iv) رباعی مزید فیہ: وہ اسم یا فعل ہے، جس میں چار حروف اصلی کے علاوہ زائد حرف بھی ہو، مثلاً تَدَحْرَجَ قِرْطَاسٌ۔

(v) خماسی مجرد: وہ اسم جامد ہے، جس میں پانچ حروف اصلی ہوں اور زائد حروف نہ ہوں مثلاً سَفَرْجَلٌ۔

(vi) خماسی مزید فیہ: وہ اسم جامد ہے، جس میں پانچ حروف اصلی کے علاوہ زائد حرف بھی ہو، مثلاً خَنْدَرِیْسٌ۔

(ب) اسم، فعل، حرف اور مرکب میں سے ہر ایک کی تعریفات مع امثلہ لکھیں؟

جواب: (i) اسم: وہ کلمہ ہے، جو اپنے معنی پر دلالت کرنے میں مستقل ہو یعنی کسی دوسرے کلمہ سے ملائے بغیر اپنے معنی کو واضح کرتا ہو اور تین زمانوں میں سے کسی ایک کے ساتھ ملا ہوا نہ ہو، مثلاً کاتب۔

(ii) فعل: وہ کلمہ ہے، جو اپنے معنی پر دلالت کرنے میں مستقل ہو اور تین زمانوں میں سے کسی کے ساتھ ملا ہوا ہو، مثلاً ضَرَبَ گزرے ہوئے زمانہ اور یَضْرِبُ زمانہ حال یا استقبال کے لیے آتا ہے۔

(iii) حرف: وہ کلمہ جو اپنے معنیٰ پر دلالت کرنے میں مستقل نہ ہو یعنی کسی دوسرے کلمہ سے ملائے بغیر اپنا معنی واضح نہ کر سکے۔ جیسے: ذَهَبْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَى الْكُوفَةِ، میں مِنْ اور اِلٰی ہیں۔

(iv) مرکب: مرکب وہ لفظ ہے، جو دو یا دو سے زائد کلموں سے مل کر بنا ہو۔ مرکب کی دو قسمیں ہیں (۱) مرکب مفید، (۲) مرکب غیر مفید۔

H-M-HASNAIN-ASADI

سوال نمبر 2: (الف) ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل کے کون کونسے ابواب ہیں؟ مع علامات تحریر کریں؟

جواب: ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل کے پانچ باب ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(i) اِفْعَالٌ جیسے: اِکْرَامٌ (عزت کرنا) اس میں ماضی وامر کے شروع میں ہمزہ قطعی ہوتا ہے اور علامت مضارع معروف میں بھی مضموم ہوتی ہیں۔

(ii) تفعیل جیسے: تَعْرِیْفٌ (پھیرنا) اس میں عین کلمہ مشدد، ماضی میں فا سے پہلے تا زائد نہیں ہوتی اور فعل مضارع معروف میں علامات مضارع مضموم ہوتی ہیں۔

(iii) مُفَاعَلَةٌ جیسے: مُقَاتَلَةٌ (آپس میں جنگ کرنا) اس میں فاء کے بعد الف زائد ہوتا ہے اور فاء سے پہلے تا نہیں ہوتی۔

(iv) تفعل جیسے: تَقَبُّلٌ (قبول کرنا) اس میں عین کلمہ مشدد اور فا سے پہلے تا زائد ہوتی ہے۔

(v) تَفَاعُلٌ جیسے: تَقَابُلٌ (ایک دوسرے کے مقابل ہونا) اس میں فا کے بعد الف اور فاء سے پہلے تا زائد ہوتی ہے۔

نوٹ:- جن ابواب میں مضارع کے شروع میں دو مفتوح تائیں جمع ہو جائیں ان میں سے ایک کو حذف کرنا جائز ہے جیسے تَتَقَبَّلُ کو تَقَبَّلُ اور تَتَظَاهَرُوْنَ کو تَظَاهَرُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

(ب) باب نَصَرَ یَنْصُرُ سے فعل نفی تاکید بلن ناصبہ معروف کی فقط گردان تحریر کریں؟

جواب: گردان فعل نفی تاکید بلن:

لَنْ یَّنْصُرَ	صیغہ واحد مذکر غائب
لَنْ یَّنْصُرَا	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
لَنْ یَّنْصُرُوْا	صیغہ جمع مذکر غائب
لَنْ تَنْصُرَ	صیغہ واحد مؤنث غائب
لَنْ تَنْصُرَا	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
لَنْ یَّنْصُرْنَ	صیغہ جمع مؤنث غائب
لَنْ تَنْصُرَ	صیغہ واحد مذکر حاضر
لَنْ تَنْصُرَا	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
لَنْ تَنْصُرُوْا	صیغہ جمع مذکر حاضر
لَنْ تَنْصُرِیْ	صیغہ واحد مؤنث حاضر

H-M-HASNAIN-ASADI

لَنْ تَنْصُرَا	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
لَنْ تَنْصُرْنَ	صیغہ جمع مؤنث حاضر
لَنْ اَنْصُرَ	صیغہ واحد متکلم
لَنْ نَنْصُرَ	صیغہ جمع متکلم

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل میں سے پانچ اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ قلمبند کریں؟

مطرد، مہموز، فعل جحد، ناقص، مضاعف، لفیف، اجوف

جواب: (i) مطرد:

مطرد کے پانچ ابواب ہیں، جنہیں ام الابواب اور اصول الابواب بھی کہا جاتا ہے۔ اس لیے کہ ان میں ماضی ومضارع کے عین کلمہ کی حرکتیں مختلف ہوتی ہیں۔ نیز یہ اس لیے کہ ان میں ابواب باقی ابواب کی نسبت کثیر الاستعمال ہیں۔

(ii) مہموز:

وہ اسم یا فعل ہے، جس کے حروفِ اصلیہ میں سے کسی ایک کے مقابلے میں ہمزہ ہو۔ اس کی تین قسمیں ہیں: مہموز الفاء جیسے: اَمَرَ، مہموز العین جیسے: سَئَلَ، مہموز اللام جیسے: قَرَاَ

(iii) ناقص:

وہ اسم یا فعل ہے، جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت ہو اس کی دو قسمیں ہیں: ناقص واوی، ناقص یائی۔ جیسے: یَدْعُوْ، یَرْمِیْ

(iv) مضاعف:

وہ اسم یا فعل ہے، جس کے حروف اصلیہ کے مقابلے میں دو حروف ایک جنس کے ہوں، اس کی دو قسمیں ہیں: مضاعف ثلاثی، مضاعف رباعی۔ جیسے: مَدَّ، زَلْزَلَ

(v) لفیف:

وہ اسم یا فعل ہے، جس کے حروف اصلیہ میں سے کسی دو کے مقابلے میں حرفِ علت ہوں اس کی دو قسمیں ہیں: لفیفِ مقرون اور لفیفِ مفروق۔ جیسے: طوی طَیٌّ، وقی وَقْیٌ

(vi) اجوف:

وہ اسم یا فعل ہے، جس کے عین کلِمہ کے مقابلے میں حرف علت ہو۔ اس کی دو قسمیں ہیں: اجوف واوی،

H-M-HASNAIN-ASADI

اجوف یائی۔ جیسے: قَالَ ، بَاعَ

(vii) فعل جحد:

وہ فعل ہے، جو انکارِ ماضی پر دلالت کرے۔ جیسے: لَمْ یَنْصُرْ ۔

(ب) اسم مشتق کی کوئی سی پانچ اقسام کی تعریفات و امثلہ لکھیں؟

جواب: (i) اسم فاعل:

وہ اسم مشتق ہے، جو کام کرنے والے کی ذات پر دلالت کرے جیسے: ضَارِبٌ۔

(ii) اسم مفعول:

وہ اسم مشتق ہے، جو اس ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو، مثلاً: مَضْرُوْبٌ۔

(iii) اسم آلہ:

وہ اسم ہے، جو اس ذات پر دلالت کرے جس کے ذریعے کام کیا جاتا ہے جیسے: مَضْرِبٌ۔

(iv) اسم تفضیل:

وہ اسم مشتق ہے، جو ایک شے سے دوسری شے کے بہتر ہونے پر دلالت کرے مثلاً اَضْرَبُ۔

(v) اسم ظرف:

وہ اسم مشتق ہے، جو کام کرنے کی جگہ یا وقت پر دلالت کرے جیسے: مَضْرِبٌ۔

سوال نمبر 4: (الف) درج ذیل کے بارے میں بتائیں کہ کون سے صیغے ہیں؟

نَاصِرَانِ، سَمِعْتُنَّ، نُفْتَحُ، اِضْرِبْنَ

جواب: (i) نَاصِرَانِ: مدد کرنے والے دو مرد۔ صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد۔

(ii) سَمِعْتُنَّ: سنا تم سب عورتوں نے۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعِلَ یَفْعَلُ۔

(iii) نُفْتَحُ: کھولے جاتے ہیں یا کھولے جائیں، ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد سب عورتیں۔ صیغہ جمع متکلم فعل مضارع مثبت مجہول ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعَلُ۔

(iv) اِضْرِبْنَّ: ضرور بالضرور مار تو ایک عورت۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معلوم موکد با نون تاکید ثقیلہ۔

(ب) درج ذیل صیغوں کے بارے میں بتائیں کہ یہ کس طرح بنتے ہیں؟

مَفْتُوْحٌ، اِضْرِبِیْ، یَضْرِبَانِ، سَمِعْنَا

H-M-HASNAIN-ASADI

جواب: (i) مَفْتُوْحٌ:

مَـفْتُوْحٌ کو یُفْتَحُ سے بناتے ہیں۔ علامت مضارع یا کو حذف کر کے اس کی جگہ میم مفتوحہ علامت اسم مفعول لائے، عین کو ضمہ دیا، عین کلمہ کے بعد واؤ علامت اسم مفعول لائے، تنوین تمکن علامت اسمیت کو آخر میں لائے تو مَفْتُوْحٌ بروزن مَفْعُوْلٌ ہوا۔

(ii) اِضْرِبِیْ:

یہ تَضْرِبِیْنَ سے بنا ہے، علامت مضارع تاء کو حذف کیا، فاء کلمہ ساکن ہونے اور عین کلمہ مکسور ہونے کی وجہ سے شروع میں ہمزہ مکسور اور کا لائے، آخر سے نون اعرابی کو حذف کر دیا تو ''اِضْرِبِیْ'' ہو گیا۔

(iii) یَضْرِبَانِ:

یَضْرِبَانِ کو یَضْرِبُ سے بناتے ہیں۔ الف ضمیر بارز مرفوع متصل جو علامت تثنیہ ہے ماقبل کے فتحہ کے ساتھ لائے اور نون مکسورہ اس فتحہ اعرابی کے عوض جو واحد میں تھا آخر میں لائے تو یَضْرِبَانِ ہو گیا۔

(iv) سَمِعْنَا:

سَمِعْنَا کو سَمِعْتُ سے بناتے ہیں، نون ضمیر بارز مرفوع متصل جو علامت جمع متکلم اور ضمیر فاعل ہے، آخر میں لائے تو سَمِعْتُنَا ہو گیا۔ فعل میں تانیث کی دو علامتوں کا جمع ہونا مطلقاً ناجائز ہے۔ لہٰذا تا کو حذف کر دیا تو سَمِعْنَا ہو گیا۔

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۳۹ھ/2018ء

چوتھا پرچہ: نحو

وقت: تین گھنٹے

کل نمبر: 100

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی تین سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: اسم کی کوئی سی پانچ علامات مع امثلہ لکھیں؟ ۱۰=۲×۵

سوال نمبر 2: (الف) مرکب غیر مفید کی تعریف کریں نیز مرکب غیر مفید کی کوئی دو قسمیں مع امثلہ تحریر کریں؟ ۱۵=۳×۵

(ب) معرب و مبنی میں سے ہر ایک کی تعریف و مثال بیان کریں؟ ۱۰=۵+۵

(ج) فعل مضارع کے معرب ہونے یا نہ ہونے کی وضاحت کریں؟ ۵

سوال نمبر 3: (الف) رباعی و خماسی میں جمع تکسیر کس وزن پر آتی ہے؟ مثالیں دے کر واضح کریں۔ ۵

(ب) جمع کثرت کے کوئی سے پانچ مشہور اوزان مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۰

(ج) درج ذیل اسماء کی تعریفات و اعراب بیان کریں؟ ۱۵=۳×۵

اسم منقوص، اسم مقصور، جمع مذکر سالم

سوال نمبر 4: (الف) حروف جازمہ کون کون سے ہیں؟ مع امثلہ تحریر کریں؟ ۱۰

(ب) اقسام فاعل مع امثلہ سپرد قلم کریں؟ ۹

(ج) فاعل کے لیے فعل کو مذکر یا مؤنث لانا کب ضروری ہے؟ مثالیں دے کر واضح کریں۔ ۱۱

سوال نمبر 5: (الف) حروف غیر عاملہ کی اقسام میں سے کوئی سی دس اقسام کے صرف نام لکھیں؟ ۱۰

(ب) اسماء شرطیہ کتنے اور کون کون سے ہیں اور وہ کیا عمل کرتے ہیں؟ مع امثلہ تحریر کریں۔ ۲۰

☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2018ء

چوتھا پرچہ: نحو

سوال نمبر 1: اسم کی کوئی سی پانچ علامات مع امثلہ لکھیں؟

جواب: اسم کی علامات مندرجہ ذیل ہیں:

(i) شروع میں الف لام ہو جیسے: اَلْحَمْدُ

(ii) شروع میں حرف جر ہو جیسے: بِزَیْدٍ

(iii) آخر میں تنوین ہو جیسے: زَیْدٌ

(iv) مضاعف ہو جیسے: غُلَامُ زَیْدٍ

(v) موصوف ہو جیسے: جَاءَ رَجُلٌ عَالِمٌ

سوال نمبر 2: (الف) مرکب غیر مفید کی تعریف کریں نیز مرکب غیر مفید کی کوئی دو قسمیں مع امثلہ تحریر کریں؟

جواب: مرکب غیر مفید وہ مرکب ہے جب بات کہنے والا خاموش ہو جائے تو سننے والے کو کوئی خبر یا طلب حاصل نہ ہو۔

(i) مرکب اضافی:

اس کی پہلی جز کو مضاف اور دوسری جز کو مضاف الیہ کہتے ہیں۔ مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے جیسے: غُلَامُ زَیْدٍ

(ii) مرکب بنائی:

وہ مرکب غیر مفید ہے کہ دو اسموں کو ایک کیا گیا ہو اور دوسرا اسم کسی حرف کو شامل ہو جیسے: اَحَدَ عَشَرَ سے تِسْعَةَ عَشَرَ تک۔ یہ اصل میں اَحَدٌ وَّ عَشَرٌ اور تِسْعَةٌ وَّعَشَرٌ تھے واؤ کو حذف کر کے دونوں اسموں کو ایک کیا گیا۔

(ب) معرب و مبنی میں سے ہر ایک کی تعریف و مثال بیان کریں؟

جواب: (i) معرب

معرب وہ اسم ہے جو غیر کے ساتھ مرکب ہو اور مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھے جیسے: جَاءَ زَیْدٌ، رَأَیْتُ زَیْدًا، مَرَرْتُ بِزَیْدٍ۔ جَاءَ، رَأَیْتُ اور باء عامل ہیں زَیْدٌ معرب ہے، زبر، زیر، پیش

اعراب ہیں اور دال محل اعراب ہے۔

(ii) مبنی:

وہ کلمہ ہے، جس کے آخر کی حرکت عامل کے بدلنے سے نہ بدلے جیسے: جَاءَ نِی هٰٓؤُلَاءِ ، رَاَیْتُ هٰٓؤُلَاءِ ، مَرَرْتُ بِهٰٓؤُلَاءِ

(ج) فعل مضارع کے معرب ہونے یا نہ ہونے کی وضاحت کریں؟

جواب: تمام حروف مبنی ہیں، افعال میں سے فعل ماضی، امر حاضر معروف اور فعل مضارع کے وہ صیغے جن میں نون تاکید (ثقلیہ وخفیفہ) اور نونِ جمع مؤنث ہو مبنی ہیں۔ فعل مضارع معرب ہے بشرطیکہ نونِ جمع مؤنث اور نون تاکید (ثقلیہ اور خفیفہ) سے خالی ہو۔

سوال نمبر 3: (الف) رباعی وخماسی میں جمع تکسیر کس وزن پر آتی ہے؟ مثالیں دے کر واضح کریں۔

جواب: جمع تکسیر وہ ہے، جس میں واحد کی بناء سلامت نہ رہی ہو، جیسے: رِجَالٌ، مَسَاجِدُ۔ ثلاثی میں جمع تکسیر کے اوزان سماعی ہیں لیکن رباعی اور خماسی میں فَعَالِلُ کے وزن پر آتے ہیں جیسے: جَعْفَرٌ سے جَعَافِرُ (رباعی) جَحْمَرِشُ سے جَحَامِرُ (خماسی)

(ب) جمع کثرت کے کوئی سے پانچ مشہور اوزان مع امثلہ تحریر کریں؟

جواب: جمع کثرت وہ جمع ہے، جو دس یا دس سے زائد چیزوں پر دلالت کرے۔ اس کے پانچ اوزان درج ذیل ہیں:

(i) فِعَالٌ جیسے: عِبَادٌ (ii) فُعَلَاءُ جیسے: عُلَمَاءُ (iii) فَعَلَةٌ جیسے: طَلَبَةٌ

(iv) اَفْعِلَاءُ جیسے: اَنْبِیَاءُ (v) فُعُلٌ جیسے: رُسُلٌ

(ج) درج ذیل اسماء کی تعریفات واعراب بیان کریں؟

اسم منقوص، اسم مقصور، جمع مذکر سالم

جواب: (i) اسم منقوص:

وہ اسم ہے، جس کے آخر میں یا اور اس کا ماقبل مکسور ہو، اور اس کا اعراب رفع ضمہ تقدیری سے، نصب فتح لفظی سے اور رجر کسرہ تقدیری سے آتا ہے۔

جَاءَ الْقَاضِیْ، رَاَیْتُ الْقَاضِیَ، مَرَرْتُ بِالْقَاضِیْ

(ii) اسم مقصور:

وہ اسم ہے، جس کے آخر میں الف مقصورہ ہو اس کے تینوں اعراب تقدیری آتے ہیں جیسے:

جَاءَ مُوْسٰی، رَأَیْتُ مُوْسٰی، مَرَرْتُ بِمُوْسٰی

H-M-HASNAIN-ASADI

(iii) جمع مذکر سالم:

وہ جمع ہے کہ مفرد کے آخر میں واؤ ما قبل مضموم یا یاء ما قبل مکسور اور نون مفتوح لگانے سے بنتی ہے جیسے:
جَاءَ نِیْ مُسْلِمُوْنَ، رَأَیْتُ مُسْلِمِیْنَ، مَرَرْتُ بِمُسْلِمِیْنَ

سوال نمبر 4: (الف) حروف جازمہ کون کون سے ہیں؟ مع امثلہ تحریر کریں؟

جواب: وہ حروف ہیں، جو فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں۔ یہ پانچ حروف ہیں:
(i) لَمْ جیسے: لَمْ یَنْصُرْ
(ii) لَمَّا جیسے: لَمَّا یَنْصُرْ
(iii) لام امر جیسے: لِیَنْصُرْ
(iv) لائے نہی جیسے: لَا تَنْصُرْ
(v) ان شرطیہ جیسے: اِنْ تَنْصُرْ أَنْصُرْ

(ب) اقسام فاعل مع امثلہ سپرد قلم کریں؟

جواب: فاعل کی دو قسمیں ہیں:
(i) مظہر (ظاہر)، (ii) مضمر (پوشیدہ)

(i) فاعل مظہر:

فاعل مظہر جو ظاہر ہو جیسے: ضَرَبَ زَیْدٌ میں زَیْدٌ فاعل مظہر ہے۔

(ii) فاعل مضمر:

فاعل مضمر جو ضمیر ہو جیسے: ضَرَبْتُ میں تا ضمیر ہے۔

(ج) فاعل کے لیے فعل کو مذکر یا مؤنث لانا کب ضروری ہے؟ مثالیں دے کر واضح کریں۔

جواب: اگر فاعل اسم ظاہر مؤنث حقیقی ہو یا مؤنث کی ضمیر ہو تو دونوں صورتوں میں فعل کو مؤنث کے صیغوں سے لازم ضروری ہے جیسے: قَامَتْ هِنْدٌ، هِنْدٌ قَامَتْ یہاں فاعل هِیَ ضمیر ہے جو قَامَتْ میں مستتر ہے۔ اگر فاعل اسم ظاہر مؤنث غیر حقیقی یا جمع مکسر ہو تو فعل کو مذکر یا مؤنث دونوں طرح لا سکتے ہیں جیسے: طَلَعَ الشَّمْسُ وَ طَلَعَتِ الشَّمْسُ: قَالَ الرِّجَالُ وَ قَالَتِ الرِّجَالُ۔

سوال نمبر 5: (الف) حروف غیر عاملہ کی اقسام میں سے کوئی سی دس اقسام کے صرف نام لکھیں؟

جواب: (i) حروف تنبیہ: یہ تین حروف ہیں: اَلَا، اَمَا اور هَا۔
(ii) حروفِ ایجاب: یہ چھ حروف ہیں: نَعَمْ، بَلٰی، اَجَلْ، اِیْ، جَیْرِ، اِنَّ۔
(iii) حروف تفسیر: یہ دو حروف ہیں: اِیْ اور اَنْ۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: نَادَیْنٰهُ اَنْ یّٰاِبْرٰهِیْمَ۔

H-M-HASNAIN-ASADI

(iv) حروفِ مصدر یہ: یہ تین حروف ہیں: مَا، اِنْ، اَنْ۔

(v) حروفِ تحضیض: یہ چار حروف ہیں: اَلَّا، هَلَّا، لَوْلَا اور لَوْمَا۔

(vi) حروف توقع: یہ حرف قَدْ ھے، جو ماضی پر داخل ہو تو کسی بات کے ثبوت اور ماضی کو حال کے قریب کرنے کے لیے آتا ہے۔ مضارع پر قلت کی طرف اشارہ کرنے کے لیے آتا ہے جیسے: قَدْ قَامَ، قَدْ يَقُوْمُ

(vii) حروف استفہام: تین حروف ہیں: مَا، هَمْزه، هَلْ۔

(viii) حروف ردع: یہ حرف كَلَّا ھے، جو روکنے کے معنی پر آتا ہے۔

(ix) تنوین: یہ پانچ ہیں: تنوین تمکن، تنوین تنکیر، تنوین ترنم، تنوین عوض، تنوین مقابلہ۔

(x) نون تاکید: فعل مضارع یا امر کے آخر میں نون ثقلیہ اور خفیفہ تاکید کے لیے آتا ہے جیسے: لَيَضْرِبَنَّ اور اِضْرِبَنَّ۔

(ب) اسماء شرطیہ کتنے اور کون کون سے ہیں اور وہ کیا عمل کرتے ہیں؟ مع امثلہ تحریر کریں؟

جواب: اسمائے شرطیہ جو حرف اِنْ کے معنی میں ہوں یہ نو (9) ہیں:

مَنْ، مَا، اَيْنَ، مَتٰى، اَيٌّ، اَنّٰى، اِذْ مَا، حَيْثُمَا، مَهْمَا۔

یہ اسماء فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں جیسے:

مَنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ، مَا تَفْعَلْ اَفْعَلْ، مَتٰى تَقُمْ اَقُمْ، اَيْنَ تَجْلِسْ اَجْلِسْ، اَيُّ شَيْءٍ تَاْكُلْ اٰكُلْ، اَنّٰى تَكْتُبْ اَكْتُبْ، اِذْ مَا تُسَافِرْ اُسَافِرْ، حَيْثُمَا تَقْصُدْ اَقْصُدْ، مَهْمَا تَقْعُدْ اَقْعُدْ۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۳۹ھ/2018ء

پانچواں پرچہ: عربی ادب

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: 100

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1: (الف) درج ذیل میں سے دو اجزاء کا اردو ترجمہ تحریر کریں؟ ۲۰=۱۰+۱۰

۱-كان قد ارضع في بني سعد بن بكر فقد كان عرب الحواضر يسترضعون اولادهم ويربونهم في البوادي وهوائها الطلق وجوها الصافي ليتقنوا اللسان العربي الافصح .

۲-كان رجلا وقورا نزيها عفيفا في الجاهلية والاسلام ولم يعبد الاوثان ولم يشرب الخمر ابدا وهو اول من شرفهم الله باعتناق الاسلام من شرفاء العرب وسادتهم .

۳-الله سبحانه و تعالى يهدينا لبناء الاسرة الاسلامية على اسس عادلة ومبادئ قويمة من التقوى والامانة والتفاهم والتعاون والرحمة والشفعة والمودة ورعاية الحقوق .

(ب) درج ذیل میں سے کوئی سے چار اشعار کا اردو میں ترجمہ لکھیں؟ ۲۰=۴×۵

۱-يا فاطر الخلق البديع وكافلا	رزق الجميع سحاب جودك هاطل
۲-عظمت صفاتك يا عظيم فحل ان	يحصى الثناء عليك فيها قائل
۳-روحي الفداء لمن اخلاقه شهدت	بانه خير مولود من البشر
۴-عمت فضائله كل العباد كما	عم البرية ضوء الشمس والقمر
۵-ومن يجعل المعروف دون عرضه	يفره ومن لايتقي الشتم يشتم
٦-ومن يجعل المعروف في غير اهله	يكن حمده ذما عليه ويندم

سوال نمبر 2: (الف) درج ذیل میں سے تین جملوں کو درست ترتیب میں تحریر کریں؟ ۱۵=۳×۵

۱-الطاهرة، معناها، الارض، باكستان

۲-التي، هي، كشمير، لباكستان، جزومتمم

H-M-HASNAIN-ASADI

۳-انواع، اقسام، الطائرات، لها

۴-الباکستانية، الجوية، الدولية، الخطوط

۵-الجليل، اليوم، هذا، يا استاذنا، ما

(ب) درج ذیل میں سے صرف تین الفاظ کو مفید جملوں میں استعمال کریں؟ ۱۵=۳×۵

الضلال، رسالة، شهر، اسرة، امتحان

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل جملوں میں سے صرف تین جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں؟ ۱۵=۳×۵

۱-حامد سعید کا دوست ہے۔ ۲-حکمت بہت بڑی بھلائی ہے۔ ۳-نرمی اچھی چیز ہے۔ ۴-آپ صلی اللہ علیہ وسلم صادق وامین کے لقب سے مشہور ہوئے۔ ۵-وزیراعظم سربراہ حکومت ہوتا ہے۔

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر عربی زبان میں ایک مضمون تحریر کریں جو کم از کم پچاس الفاظ پر مشتمل ہو۔ ۱۵

جمهورية باكستان، عالمنا الاسلامي، محمد بن قاسم الثقفي رحمه الله تعالٰى

☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2018ء

پانچواں پرچہ: عربی ادب

سوال نمبر 1: (الف) درج ذیل اجزاء کا اردو ترجمہ تحریر کریں؟

۱-كان قد ارضع في بني سعد بن بكر فقد كان عرب الحواضر يسترضعون اولادهم ويربونهم في البوادي وهوائها الطلق وجوها الصافي ليتقنوا اللسان العربي الافصح .

ترجمہ: آپ کی رضاعت قبیلہ بنی سعد بن بکر میں ہوئی۔ شہری عرب اپنی اولاد کی رضاعت اور تربیت دیہات میں اس کی تروتازہ ہوا اور صاف فضا میں کروایا کرتے تھے تاکہ ان کی فصیح عربی زبان پختہ ہو سکے۔

۲-كان رجلا وقورا نزيها عفيفا في الجاهلية والاسلام ولم يعبد الاوثان ولم يشرب الخمر ابدا وهو اول من شرفهم الله باعتناق الاسلام من شرفاء العرب وسادتهم .

ترجمہ: آپ رضی اللہ عنہ زمانہ جاہلیت اور زمانہ اسلام میں باوقار، سنجیدہ اور پاک دامن رہے۔ آپ نے کبھی بتوں کی پوجا نہ کی اور کبھی شراب نہ پی، وہ پہلے شخص تھے جن کو عرب کے شرفاء اور سرداروں میں اللہ نے پہلے اسلام قبول کرنے کا شرف بخشا۔

H-M-HASNAIN-ASADI

۳- الله سبحانه و تعالىٰ يهدينا لبناء الاسرة الاسلامية على اسس عادلة ومبادئ قويمة من التقوى والامانة والتفاهم والتعاون والرحمة والشفعة والمودة ورعاية الحقوق.

ترجمہ: اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہمیں ہدایت کرتا ہے کہ ہم اسلامی گھرانے کی تعمیر عادلانہ بنیادوں اور تقویٰ کے صحیح اصولوں یعنی امانت، مفاہمت، تعاون، رحم دلی، شفقت، محبت اور حقوق کی حفاظت پر کریں۔

(ب) درج ذیل میں سے کوئی سے چار اشعار کا اردو میں ترجمہ لکھیں؟

۱- يا فاطر الخلق البديع وكافلا رزق الجميع سحاب جودك هاطل

ترجمہ: اے انوکھی مخلوق کے خالق اور سب کے رزق کے ضامن تیری سخاوت کا بادل خوب موسلا دھار برستا ہے۔

۲- عظمت صفاتك يا عظيم فحل ان يحصى الثناء عليك فيها قائل

ترجمہ: اے عظیم تیری صفات عظیم ہیں، پس مشکل ہے تیری تعریف کرنے والا کوئی شخص تیری ثناء کا احاطہ کر سکے۔

۳- روحي الفداء لمن اخلاقه شهدت بانه خير مولود من البشر

ترجمہ: میری جان ان پر قربان جن کے اخلاق یہ گواہی دیتے ہیں کہ آپ کو تمام انسانوں سے بہتر پیدا کیا گیا ہے۔

۴- عمت فضائله كل العباد كما عم البرية ضوء الشمس والقمر

ترجمہ: آپ کے فضائل تمام کائنات پر اس طرح پھیل گئے ہیں جس طرح سورج اور چاند کی روشنی تمام کائنات پر پھیلتی ہے۔

۵- ومن يجعل المعروف دون عرضه يفره ومن لا يتقي الشتم يشتم

ترجمہ: جو شخص اپنی عزت بچانے کی خاطر دوسروں پر احسان کرتا ہے، وہ عزت کو بچا لیتا ہے، جو گالیوں سے نہیں بچے گا، اسے گالیاں دی جائیں گی۔

۶- ومن يجعل المعروف في غير اهله يكن حمده ذما عليه ويندم

ترجمہ: جو شخص نااہل پر احسانات کرے گا اس کی تعریف بھی مذمت بن جائے گی اور وہ شرمندہ ہوگا۔

سوال نمبر 2: (الف) درج ذیل جملوں کو درست ترتیب میں تحریر کریں؟

۱- الطاهرة، معناها، الارض، باكستان

H-M-HASNAIN-ASADI

(ج) باكستان معناها الارض الطاهرة

٢-التى، هى، كشمير، لباكستان، جزومتمم

(ج) كشمير التى هى جزء متمم لباكستان

٣-انواع، اقسام، الطائرات، لها

(ج) والطائرات لها انواع و اقسام

٤-الباكستانية، الجوية، الدولية، الخطوط

(ج) الخطوط الجوية الدولية الباكستان

٥-الجليل، اليوم، هذا، يا استاذنا، ما

(ج) هذا ما نريده اليوم يا استادنا الجليل

(ب) درج ذیل الفاظ کو مفید جملوں میں استعمال کریں؟

الضلال، رسالة، شهر، اسرة، امتحان

جواب: الفاظ	معانی	جملوں میں استعمال
(i) الضلال	گمراہی	الكفر ضلال مبين
(ii) رسالة	خط	هذه ارسالة ممتع
(iii) شهر	مہینہ	تلقيت رسالتك فى شهر الجارى
(iv) اسرة	خاندان	اطلعت البنت على سلامة الاسرة
(v) امتحان	امتحان	هونجح فى الامتحان

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں؟

١-حامد سعید کا دوست ہے۔

(ج) حامد صديق سعيد

٢-حکمت بہت بڑی بھلائی ہے۔

(ج) الحكمت خير كثير

٣-نرمی اچھی چیز ہے۔

(ج) الرفق حسين

٤-آپ صلی اللہ علیہ وسلم صادق وامین کے لقب سے مشہور ہوئے۔

(ج) فعرف النبى صلى الله عليه وسلم بلقب الصادق الامين

H-M-HASNAIN-ASADI

۵-وزیراعظم سربراہ حکومت ہوتا ہے۔

(ج) رئيس الوزراء هو رئيس الحكومة

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر عربی زبان میں ایک مضمون تحریر کریں جو کم از کم پچاس الفاظ پر مشتمل ہو؟

جمهورية باكستان، عالمنا الاسلامى، محمد بن قاسم الثقفى رحمه الله

جواب: (ا) "جمهورية باكستان"

وظهرت باكستان علىٰ خريطة العالم فى الرابع عشر من أغسطس سنة ۱۹۴۷م (۲۷ رمضان/ ۱۳۶۵هج) باكستان الاسلامية وتحتل باكستان موقعاً جغرافيا واستراتجياً هاماً جدامى منطقة عرفت أخيرًا بجنوب آسياً وكانت تعرف بشبه القارة قبل ذلك وتتصل حدود باكستان بعدد من الدول ومنها الهند والصين ودول آسيا المركزية وأفغانستان و ايران ۔ وكان لباكستان جناحان أحدهما باكستان الشرقية والثانى باكستان الغربية ۔ ودستور باكستان دستور جمهورى اسلامى ۔

(۲) محمد بن قاسم الثقفى رحمه الله

فارسل الجاج عبيد الله بن نبهان ثم بديل بن طهفة لانقاذهن فقتلا فاختار محمد بن القاسم بن محمد تمهمة السند وضم اليه ستة آلاف من جنود الشام وجهزه بكل ما احتاج اليه حتى الحنوط والابر والمال والغداء وأقام محمد بن قاسم بمدينة شرازً أياماً حتى وافاه الجاج ۔

بما اعدله ثم اتجه محمد الىٰ مكران ومن هناك الىٰ بنور ففتحها ۔ ثم وصل الىٰ ديبل حيث وافته السفن التى كانت لحمل الجنود والسلاح ۔ ثم أخذ محمد بن قاسم يفتح مدينةً ويمتاز ابن القاسم فى مواهبه القيادية باهما مه الدقيق بالنظم الادارية للمناطق المفتوحة واثارة بواعث الايمان الراسخ فى نفوس جنوده وذٰلك مما ساعد فى انشاء جمهورية باكستان الاسلامية ۔

☆☆☆☆☆

H-M HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۳۹ھ/2018ء

چھٹا پرچہ: انگلش وریاضی

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: حصہ اوّل کے تمام سوال لازمی ہیں جبکہ حصہ دوم کا پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی تین سوال حل کریں۔

حصہ اوّل: انگلش

Q.NO 1: Write an essay of 100 words on any one of the following. 15

1. My Ideal Personality, 2. A Rainy Day, 3. The Holy Quran

Q.NO 2: Translate into Urdu (Any one) 15

(i) Arabia is a land of unparalleled charm and beauty with its trackless deserts of sand dunes in the dazzling rays of a tropical sun. Its starry sky has excited the imagination of poets and travellers. It was in the land that the Holy Prophet (SAW) was born, in the city of Makkah, which is about fifty miles from the Red Sea.

(ii) Patriotism, therefore, is not just a feeling, it is a live spirit that continuously inspires and guides a nation. In the words of S.W.Scott, a man devoid of patriotic spirit, is like the one who: Breathes there the man with soul so dead, Who never to himself hath said, "This is my own, my native land."

Q.NO 3: Translate into English (any two) (2x5=10)

H-M-HASNAIN-ASADI

(۱) وہ روزانہ قرآن پاک پڑھتے ہیں۔

(۲) میں دسویں کلاس میں پڑھتی ہوں۔

(۳) مدینہ میرا پسندیدہ شہر ہے۔

(۴) زاہد نے باغ کی سیر کی۔

(۵) رابعہ کے کپڑے خوبصورت ہیں۔

Q.NO 4: Answer any two the following questions.

(2x5=10)

(i) Why was the Holy Quran sent in Arabic?

(ii) What was the first revelation?

(iii) How will you define patriotism?

(iv) What are the qualities of patriot?

(v) Who was Hazrat Abdullah bin Zubair (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

H-M-HASNAIN-ASADI

حصہ دوم: ریاضی

سوال نمبر 6: (الف) درج ذیل فیصد کو کسروں کی آسان شکل میں لکھیں؟ ۵+۵=۱۰

(i)48%، (ii)75%

(ب) درج ذیل اعشاریہ کو فیصد میں تبدیل کیجیے۔ ۵+۵=۱۰

(i)0.5، (ii)1.25

سوال نمبر 7: اگر 82% گھروں میں ٹیلی وژن ہوں تو کتنے فیصد گھروں میں ٹیلی وژن نہیں ہوگا؟ ۱۰

سوال نمبر 8: راحیل کی آمدنی رؤف کی آمدنی سے 25% زیادہ ہے، رؤف کی آمدنی راحیل کی آمدنی سے کتنے فیصد کم ہے؟ ۱۰

سوال نمبر 9: ہر 6 روپے کے عوض 72 روپے فی درجن کے درمیان نسبت معلوم کیجیے۔ ۱۰

سوال نمبر 10: ایک مثلث کے اضلاع کی لمبائیاں 3 سینٹی میٹر، 4 سینٹی میٹر اور 6 سینٹی میٹر ہیں۔ مثلث کے اضلاع کی لمبائیوں کے درمیان نسبتیں معلوم کیجیے۔ ۱۰

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2018ء

چھٹا پرچہ: انگلش، ریاضی

حصہ اوّل: انگلش

Q.NO 1: Write an essay of 100 words on any one of the following.

1. My Ideal Personality, 2. A Rainy Day, 3. The Holy Quran

(1) "My Ideal Personality"

My ideal personality is the Last Prophet of Allah عزوجل Hazrat Muhammad صلی اللہ علیہ وسلم. He was born in August 571 A.D. in Arabia at Makkah. His صلی اللہ علیہ وسلم was died before He صلی اللہ علیہ وسلم was born. His صلی اللہ علیہ وسلم mother was died when He صلی اللہ علیہ وسلم was sin years old. After His صلی اللہ علیہ وسلم grandfather's death His صلی اللہ علیہ وسلم uncle Abu Talib brought Him صلی اللہ علیہ وسلم up. He صلی اللہ علیہ وسلم used to tend sheep and goats in his bodyhood His صلی اللہ علیہ وسلم fame for honesty and truthfulness spread far and wide. A rich and noble lady named Hazrat Khadija رضی اللہ تعالیٰ عنہا sent him صلی اللہ علیہ وسلم a message of marriage. His صلی اللہ علیہ وسلم agreed and Hazrat Muhammad صلی اللہ علیہ وسلم married Hazrat Khadija رضی اللہ تعالیٰ عنہا. Allah عزوجل accept him صلی اللہ علیہ وسلم as last Prophet at the age of forty. He صلی اللہ علیہ وسلم preached Islam. He advised the people to worship only one Allah عزوجل. The Quresh teared him for this. He صلی اللہ علیہ وسلم did not give up His mission. The persecutions of the Quresh were ever increasing. At Last the

H-M-HASNAIN-ASADI

Holy Prophet صلی اللہ علیہ وسلم had to leave Makkah for Madina Sharib. At the last the conquered Makkah in few years Islam spread the both corners of Arabia. Hazrat Muhammad صلی اللہ علیہ وسلم breathed His Last at the age of sixty three. His صلی اللہ علیہ وسلم followers spread Islam in the world. He صلی اللہ علیہ وسلم was a perfect model of Holy Quran. His صلی اللہ علیہ وسلم teaching change the world. He صلی اللہ علیہ وسلم is the great benefactor of humanity.

(2) A Rainy Day

In 15th July there was very hot day. Every person was close in his house, even birds are in their nests. Childeren was not playing in the street due to very hot day.

Suddenly clouds appeared on sky and air was begin to blowing every where. And then rain start. Childeren came out from their houses in the street. Every person enjoy the rain. Even birds, insects come out from their nests and bills and enjoy the rain. The rain were continue for two hours. After two hours it stop.

After this the birds were charming every where and showing happyness. Trees, Plants were also washed with the rain water and whole dust remove from them and they also enjoy the rain. Rain is the blessing of Allah عزوجل and it bless the every person equally. At the end we enjoyed with the Samosas and tea.

(3) "The Holy Quran"

I have read many books but the book I like most is the Holy Quran. It means the most widely read book. Its author is

H-M HASNAIN-ASADI

not human being. Allah عزوجل is its author. He عزوجل sent this book to the Holy Prophet Hazrat Muhammad صلی اللہ علیہ وسلم through an angel in parts. the companions of the Holy Prophet Hazrat Muhammad صلی اللہ علیہ وسلم collected the parts on which revses were written. Allah عزوجل sent this book in Arabic.

The first revelation is "Read in the name of thy Lord who created, created man from a clot of blood (congealed blood). Read thy Lord is most Bountiful, Who taught the pen, taught man that which he knew not."

It is the last book of Allah عزوجل. Its teachings leads us in every field of life. It completed in twenty three years. It has thirty chapters and one hundred and fourteen Suras. In this Holy book every matter of every person describe in detail. It guides us in every field of life. I like this book very much so I recite it two time & in a day.

Q.NO 2: Translate into Urdu?

(i) Arabia is a land of unparalleled charm and beauty. with its trackless deserts of sand dunes in the dazzling rays of a tropical sun. Its starry sky has excited the imagination of poets and travellers. It was in the land that the Holy Prophet (SAW) was born, in the city of Makkah, which is about fifty miles from the Red Sea.

ترجمہ: انتہائی تند و تیز سورج میں آنکھوں کو چندھیا دینے والی شعاعوں میں ریت کے ٹیلوں کے گمنام راستے والے صحرا کے ساتھ عرب ایک بے مثال و دلکش اور حسن و جمال کی سرزمین ہے۔ اس کے تاروں بھرے آسمان نے شاعروں اور مسافروں کے خیالات کو ابھارا ہے۔

H-M-HASNAIN-ASADI

اسی سرزمین میں مکہ کے شہر میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے۔ جو بحیرہ احمر سے تقریباً پچاس میل دور ہے۔

(ii) Patriotism, therefore, is not just a feeling, it is a live spirit that continuously inspires and guides a nation. In the words of S.W.Scott, a man devoid of patriotic spirit, is like the one who: Breathes there the man with soul so dead, Who never to himself hath said, "This is my own, my native land."

ترجمہ: اس لیے حب الوطنی محض ایک احساس ہی نہیں بلکہ ایک زندہ جوش ولولہ ہے، جو ایک قوم میں مسلسل جوش پیدا کرتا رہتا ہے اور ان کی رہنمائی کرتا ہے۔ S.W.Scott کے الفاظ میں ایک آدمی جو جذبہ حب الوطنی سے محروم ہے اس آدمی کی طرح ہے، جو سانس تو لیتا ہے لیکن اس کی روح اس قدر مردہ ہو چکی ہے کہ اس نے خود سے کبھی یہ نہیں کہا ہے کہ یہ میرا وطن ہے، یہ میری اپنی سرزمین ہے۔

Q.NO 3: Translate into English?

(۱) وہ روزانہ قرآن پاک پڑھتے ہیں۔

They read the Holy Quran daily.

(۲) میں دسویں کلاس میں پڑھتی ہوں۔

I read in tenth calss.

(۳) مدینہ میرا پسندیدہ شہر ہے۔

Madina is my Favourite city.

(۴) زاہد نے باغ کی سیر کی۔

Zahid has walked the garden.

(۵) رابعہ کے کپڑے خوبصورت ہیں۔

Rabia's clothes are beautiful.

Q.NO 4: Answer any two the following questions?

(i) Why was the Holy Quran sent in Arabic?

H-M-HASNAIN-ASADI

(ii) What was the first revelation?

(iii) How will you define patriotism?

(iv) What are the qualities of patriot?

(v) Who was Hazrat Abdullah bin Zubair (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

Answers:

(i) Since it is a lanuage of eloquence, Allah عزوجل sent it in Arabia.

(ii) Read in the name of they Lord who created: created man from a clot of blood (congealed blood). Read they Lord is most Bountiful, Who taught the pen, taught man that which he knew not.

(iii) Patriotism is define as thus: Mean love for the Motherland or devotion to one's country.

(iv) A patriot loves his country and is always willing to sacrifice for it when the need arises.

(v) Hazrat Abdullah Bin Zubair رضی اللہ تعالیٰ عنہ was son of Hazrat Asma رضی اللہ تعالیٰ عنہا

H-M-HASNAIN-ASADI

حصہ دوم: ریاضی

سوال نمبر 6: (الف) درج ذیل فیصد کو کسروں کی آسان شکل میں لکھیں؟

(i) 48%، (ii) 75%

(ب) درج ذیل اعشاریہ کو فیصد میں تبدیل کیجیے؟

(i) 0.5، (ii) 1.25

جواب: حل:

(i) 48%

=48/100

=12/25 جواب

75%

=75/100

=3/4 جواب

(ب) حل:

(i) 0.5

=5/10

=5/10x100%

=50% جواب

(ii) 1.25

=125/100

=125/100x100%

=125% جواب

سوال نمبر 7: اگر 82% گھروں میں ٹیلی وژن ہوں تو کتنے فیصد گھروں میں ٹیلی وژن نہیں ہوگا؟

حل:

82% = گھروں میں ٹیلی وژن فیصد میں

(100-82)% = جن میں ٹیلی وژن موجود نہیں

=18% جواب

سوال نمبر 8: راحیل کی آمدنی رؤف کی آمدنی سے 25% زیادہ ہے۔ رؤف کی آمدنی راحیل کی آمدنی سے کتنے فیصد کم ہے؟

حل:

روپے 100 = فرض کیا رؤف کی آمدنی

روپے 125 = راحیل کی آمدنی

25/125x100 = رؤف کی آمدنی میں کمی فیصد میں

=20% جواب

سوال نمبر 9: ہر 6 روپے کے عوض 72 روپے فی درجن کے درمیان نسبت معلوم کیجیے؟

فرض کیا

روپے 72 = 12 چیزوں کی قیمت

H-M-HASNAIN-ASADI

=72/12

=6:6

جواب 1:1=

سوال نمبر 10: ایک مثلث کے اضلاع کی لمبائیاں 3 سینٹی میٹر، 4 سینٹی میٹر اور 6 سینٹی میٹر ہیں، مثلث کے اضلاع کی لمبائیوں کے درمیان نسبتیں معلوم کیجیے۔

حل:

(i) پہلا ضلع: دوسرا ضلع

3 :4 Ans

(ii) تیسرا ضلع: دوسرا ضلع

6 : 3

2 : 1 Ans

(iii) پہلا ضلع: تیسرا ضلع

4 : 6

2 : 3 Ans

☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید

وقت: تین گھنٹے

کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے صرف آٹھ آیات مبارکہ کا ترجمہ تحریر کریں؟ ۱۰×۸=۸۰

۱-اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ○

۲-قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ؕ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ؕ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ○

۳-وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ○

۴-ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ

۵-وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ○

۶-اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ○

۷-وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ؕ اِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ○

۸-نِ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا○

۹-اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا○

۱۰-فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۖ بِاللّٰهِ اِنْ

H-M-HASNAIN-ASADI

اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا٥

۱۱-هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ جَادَلْتُمْ عَنْهُمْ فِی الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا٥

۱۲-اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اِنٰثًا ج وَاِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ٥ لَّعَنَهُ اللّٰهُ م وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا٥

سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل کلمات میں سے دس کے معانی تحریر کریں؟ ۱۰×۲=۲۰

يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ، امدّام بَعِيْدًا، عَاقِرٌ، اَلْمَهْدُ، كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ، اَنِّیْ مُتَوَفِّيْكَ، رَبّٰنِيّٖنَ، غَلِيْظَ الْقَلْبِ، حُوْبًا كَبِيْرًا، كُلٰلَةً، مُرٰغَمًا، نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا، نُشُوْزًا

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

درجہ عامہ (برائے طالبات) سال دوم 2019ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید

سوال نمبر 1: درج ذیل آیات مبارکہ کا ترجمہ تحریر کریں؟

۱-أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ أُوتُوا نَصِيبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ إِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ
يَتَوَلّٰى فَرِيقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُونَ۝

۲-قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْ اٰيَةً ؕ قَالَ اٰيَتُكَ أَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ إِلَّا رَمْزًا ؕ وَاذْكُرْ
رَّبَّكَ كَثِيرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ۝

۳-وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوا بِالَّذِيْ أُنْزِلَ عَلَى الَّذِينَ اٰمَنُوا وَجْهَ النَّهَارِ
وَاكْفُرُوْا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ۝

۴-ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ أَيْنَ مَا ثُقِفُوْا إِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ
بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ

۵-وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ إِلَّا أَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِيْ أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا
وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِينَ۝

۶-إِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَإِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ ۢ
بَعْدِهٖ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ۝

۷-وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوْا أَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّأَنْفُسِهِمْ ؕ إِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْا
إِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ۝

۸-نِالَّذِينَ يَبْخَلُوْنَ وَيَأْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ
وَأَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِينَ عَذَابًا مُّهِيْنًا۝

۹-أَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ إِبْرٰهِيمَ الْكِتٰبَ
وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا۝

۱۰-فَكَيْفَ إِذَآ أَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۖ بِاللّٰهِ إِنْ
أَرَدْنَآ إِلَّآ إِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا۝

۱۱-هٰٓأَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
أَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا۝

H-M-HASNAIN-ASADI

۱۲- اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اِنٰثًا ۚ وَ اِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ۝ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَ قَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝

جواب: ترجمہ آیات مبارکہ:

۱- کیا تم نے انہیں نہ دیکھا جنہیں کتاب کا ایک حصہ ملا، کتاب اللہ کی طرف بلائے جاتے ہیں کہ وہ ان کا فیصلہ کرے، پھر ان کا ایک گروہ اس سے روگردان ہو کر پھر جاتا ہے۔

۲- عرض کی اے میرے پروردگار! میرے لیے کوئی نشانی کر دے؟ فرمایا: تیری نشانی یہ ہے کہ تین دن تک لوگوں سے بات نہ کرے گا مگر اشارہ سے، اپنے رب کو بہت یاد کر اور کچھ دن رہے اور تڑکے اس کی پاکی بول کر۔

۳- اور کتابیوں کا ایک گروہ بولا، وہ جو ایمان والوں پر اترا، صبح کو اس پر ایمان لاؤ اور شام کو منکر ہو جاؤ شاید وہ پھر جائیں۔

۴- مسلط کر دی گئی ان پر ذلت جہاں ہوں امان نہ پائیں مگر اللہ کی ڈور اور آدمیوں کی ڈور سے اور غضب الٰہی کے سزاوار ہوئے اور ان پر جما دی گئی محتاجی۔

۵- اور وہ کچھ بھی نہ کہتے تھے سوا اس دعا کے کہ اے ہمارے رب! تو بخش دے ہمارے گناہ اور جو زیادتیاں ہم نے اپنے کام میں کیں، اور ہمارے قدم جما دے اور ہمیں ان کافر لوگوں پر مدد دے۔

۶- اگر اللہ تمہاری مدد کرے تو کوئی تم پر غالب نہیں آ سکتا اور اگر چھوڑ دے وہ تمہیں تو کون ہے ایسا جو پھر تمہاری مدد کرے، اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔

۷- اور ہرگز کافر اس گمان میں نہ رہیں کہ وہ جو ہم انہیں ڈھیل دیتے ہیں کچھ ان کے لیے بھلا ہے۔ ہم تو اسی لیے انہیں ڈھیل دیتے ہیں کہ اور گناہ میں بڑھیں ان کے لیے ذلت کا عذاب ہے۔

۸- وہ لوگ جو بخل کریں اور اوروں سے بخل کے لیے کہیں، اور اللہ نے جو انہیں اپنے فضل سے دیا ہے، اسے چھپائیں اور کافروں کے لیے ہم نے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

۹- کیا حسد کرتے ہیں وہ اوپر اس کے جو دیا انہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے، پس بیشک دی ہم نے اولاد ابراہیم کو کتاب اور حکمت اور دیا ہم نے انہیں بڑا ملک۔

۱۰- کیا حال ہو گا جب ان پر کوئی افتاد پڑے، بدلہ اس کا جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا۔ پھر اے محبوب! تمہارے حضور حاضر ہوں، اللہ کی قسم کھائیں کہ ہمارا مقصود تو بھلائی اور میل ہی تھا۔

H-M-HASNAIN-ASADI

۱۱- خبردار! وہ وہی لوگ ہیں، جو دنیا کی زندگی میں تو ان کی طرف سے جھگڑے تو ان کی طرف سے کون جھگڑے گا اللہ سے قیامت کے دن یا کون ان کا وکیل ہوگا۔

۱۲- یہ شرک والے اللہ کے سوا نہیں پوجتے مگر کچھ عورتوں کو اور نہیں پوجتے مگر سرکش شیطان کو جس پر اللہ نے لعنت کی اور بولا قسم ہے میں ضرور تیرے بندوں میں سے کچھ ٹھہرایا ہوا حصہ لوں گا۔

سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل کلمات کے معانی تحریر کریں؟

(۱) يَأْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ، (۲) اَمَدًا بَعِيْدًا، (۳) عَاقِرٌ، (۴) اَلْمَهْدُ، (۵) كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ، (۶) اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ، (۷) رِبِّيِّيْنَ، (۸) غَلِيْظَ الْقَلْبِ، (۹) حُوْبًا كَبِيْرًا، (۱۰) كَلٰلَةً، (۱۱) مُرٰغَمًا، (۱۲) نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا، (۱۳) نُشُوْزًا

جواب: الفاظ کے معانی:

(۱) وہ انصاف کا حکم دیتے ہیں، (۲) دور کی گمراہی، (۳) اپاہج، (۴) گود، (۵) پرندے کی شکل، (۶) بیشک میں پورا کرنے والا ہوں تجھے، (۷) اللہ والے، (۸) سخت دل، (۹) بڑا حق مہر، (۱۰) جس کی نہ اولاد ہو اور نہ آباؤ اجداد، (۱۱) جگہ، (۱۲) مقرر حصہ، (۱۳) زیادتی۔

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشھادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

دوسرا پرچہ: حدیث نبوی

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے پانچ احادیث مبارکہ کا ترجمہ تحریر کریں؟ ۱۰×۵=۵۰

۱-عن ابی عبداللہ جابر بن عبداللہ الانصاری قال کنا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی غزاۃ فقال ان بالمدینۃ لرجالاً ماسرتم مسیرا ولا قطعتم وادیا الا کانوا معکم حبسھم المرض وفی روایۃ الا شرکوکم فی الاجر

۲-عن ابی موسیٰ عبداللہ بن قیس الاشعری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ تعالیٰ یبسط یدہ باللیل لیتوب مسیء النھار ویبسط یدہ بالنھار لیتوب مسیئی اللیل حتی تطلع الشمس من مغربھا: رواہ مسلم

۳-عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال یضحک اللہ سبحانہ و تعالیٰ الی رجلین یقتل احدھما الأخر یدخلان الجنۃ یقاتل ھذا فی سبیل اللہ فیقتل ثم یتوب اللہ علی القاتل فیسلم فیستشھد: متفق علیہ

۴-عن انس رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یتمنین احدکم الموت لضر اصابہ فان کان لابد فاعلا فلیقل اللھم احینی ما کانت الحیاۃ خیر الی وتوفنی اذا کانت الوفاۃ خیر الی

۵-عن ابی خالد حکیم بن حزام قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البیعان بالخیار مالم یتفرقا فان صدقا وبینا بورک لھما فی بیعھما وان کتما وکذبا محقت برکۃ بیعھما: متفق علیہ

۶-عن انس قال کان اخوان علی عھد النبی صلی اللہ علیہ وسلم وکان احدھما یاتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم والآخر یحترف فشکا المحترف اخاہ للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لعلک ترزق بہ: رواہ الترمذی باسناد صحیح علی شرط مسلم

۷-عن انس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیما یرویہ عن ربہ عزوجل قال اذا

H-M-HASNAIN-ASADI

تقرب العبد الی شبرا تقربت الیه ذراعا و اذا تقرب الی ذراعا تقربت الیه باعا و اذا اتانی یمشی اتیته هرولةً

سوال نمبر 2: درج ذیل حدیث مبارک پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کی لغوی تحقیق کریں؟ ۱۰+۱۰+۱۰=۳۰

عن ابی عبدالله طارق بن شهاب البجلی الاحمسی رضی الله عنه ان رجلا سال النبی صلی الله علیه وسلم وقد وضع رجله فی الغرز ای الجهاد افضل؟ قال کلمة حق عند سلطان جائر

سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے کوئی سے دس الفاظ کے معانی تحریر کریں؟ ۱۰×۲=۲۰

خآئنة الاعین، مسلولاً، تقصیر، المئزر، المتنطعون، متبذلة

النواجذ، الصید، کفل، سفینة، الصعب، خشب

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

درجہ عامہ (برائے طالبات) سال دوم 2019ء

دوسرا پرچہ: حدیث نبوی

سوال نمبر 1: درج ذیل احادیث مبارکہ کا ترجمہ تحریر کریں؟

۱-عن ابی عبدالله جابر بن عبدالله الانصاری قال کنا مع النبی صلی الله علیه وسلم فی غزاة فقال ان بالمدینة لرجالاً ماسرتم مسیرا ولا قطعتم وادیا الا کانوا معکم حبسهم المرض وفی روایة الا شرکوکم فی الاجر

۲-عن ابی موسیٰ عبدالله بن قیس الاشعری عن النبی صلی الله علیه وسلم قال ان الله تعالیٰ یبسط یده باللیل لیتوب مسیء النهار ویبسط یده بالنهار لیتوب مسیئ اللیل حتی تطلع الشمس من مغربها: رواه مسلم

۳-عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال یضحك الله سبحانه و تعالیٰ الی رجلین یقتل احدهما الأخر یدخلان الجنة یقاتل هذا فی سبیل الله فیقتل ثم یتوب الله علی القاتل فیسلم فیستشهد: متفق علیه

۴-عن انس رضی الله عنه قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یتمنین احدکم الموت لضر اصابه فان کان لابد فاعلا فلیقل اللهم احینی ما کانت الحیاة خیر الی وتوفنی اذا کانت الوفاة خیر الی

H-M-HASNAIN-ASADI

۵-عن ابی خالد حکیم بن حزام قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم البیعان بالخیار مالم یتفرقا فان صدقا وبینا بورك لهما فی بیعهما وان کتما وکذبا محقت برکة بیعهما: متفق علیه

٦-عن انس قال کان اخوان علی عهد النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم وکان احدهما یاتی النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم والآخر یحترف فشکا المحترف اخاه للنبی صلی اللّٰہ علیه وسلم فقال لعلك ترزق به: رواه الترمذی باسناد صحیح علی شرط مسلم

۷-عن انس عن النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم فیما یرویه عن ربه عزوجل قال اذا تقرب العبد الی شبرا تقربت الیه ذراعا واذا تقرب الی ذراعا تقربت الیه باعا واذا اتانی یمشی اتیته هرولةً

جواب: ترجمہ احادیث مبارکہ:

۱-حضرت ابوعبداللہ جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک جنگ میں شامل ہوئے تو آپ نے فرمایا: مدینہ میں پیچھے ایسے افراد بھی ہیں کہ تم لوگوں نے سفر کیا اور جس بھی وادی سے تم گزرے وہ تمہارے ساتھ ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں، جو مرض کی وجہ سے نہ آسکے۔ ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ وہ افراد تمہارے ساتھ ثواب میں شامل ہیں۔

۲-حضرت ابوموسیٰ عبداللہ بن قیس الاشعری رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں کہ بیشک اللہ تعالیٰ رات کے وقت اپنا دست پھیلاتا ہے کہ دن کے وقت خطا کرنے والا توبہ کرے۔ دن کے وقت اپنا دست قدرت پھیلاتا ہے کہ رات کے وقت خطا کرنے والا توبہ کرے حتیٰ کہ آفتاب مغرب سے طلوع ہوگا۔

۳-حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس طرح کے دو آدمیوں کے ساتھ تبسم فرماتا ہے جن میں سے قتل کرتا ہے ایک دوسرے کو اور وہ دونوں جنت میں ہوں گے۔ مارا جانے والا فی سبیل اللہ شہید ہوتا ہے جہاد کرتے ہوئے۔ پھر اللہ تعالیٰ مارنے والے کو موقعہ دیتا ہے کہ وہ توبہ کر کے مسلمان ہو کر شہادت پاتا ہے۔

۴-حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے سنا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے: تم میں سے کوئی ہرگز مرنے کی تمنا نہ کرے کسی اذیت پہنچنے کی وجہ سے، اگر لازمی طور پر اس نے اس طرح کرنا ہو تو یوں کہے: اے اللہ! مجھے زندہ رکھ جب تک میرا زندہ رہنا میرے لیے بہتر ہو، اور تو مجھے موت دے جب مرنا میرے لیے بہتر ہو۔

HM-HASNAIN-ASADI

۵- حضرت ابو خالد حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خریدنے والا اور بیچنے والا جب تک ایک دوسرے سے علیحدہ نہ ہوں انہیں اختیار ہے، سو اگر وہ سچ بولیں اور بات کی وضاحت کر دیں تو اللہ تعالیٰ ان کے سودے میں برکت عطا کرتا ہے۔ اگر وہ جھوٹ بولیں اور وہ بات کو چھپائیں تو ان کے سودے کی برکت ختم کر دی جاتی ہے۔

۶- حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں دو بھائی تھے، ان میں سے ایک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتا اور دوسرا معاش کے لیے کوئی کام کرتا، ایک دن کام کرنے والے نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنے بھائی کی شکایت کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شاید اسی کی وجہ سے تجھے رزق ملتا ہے۔

۷- ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے یوں نقل کیا جب بندہ ایک بالشت میری طرف بڑھتا ہے، تو میں ایک ہاتھ اس کی طرف بڑھتا ہوں، جب وہ ایک ہاتھ میری طرف بڑھتا ہے، تو میں دو ہاتھ اس کی طرف بڑھتا ہوں اور جب وہ میری طرف چل کر آتا ہے، تو میں دوڑتا ہوا اس کی طرف جاتا ہوں۔

سوال نمبر 2: درج ذیل حدیث مبارک پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کی لغوی تحقیق کریں؟

عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللهِ طَارِقِ بْنِ شِهَابِ الْبَجَلِیِّ الْاَحْمَسِیِّ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ وَضَعَ رِجْلَهٗ فِی الْغَرْزِ اَیُ الْجِهَادِ اَفْضَلُ؟ قَالَ كَلِمَةُ حَقٍّ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ

جواب: نوٹ: اعراب اوپر حدیث پر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ حسب ذیل ہے:

ترجمہ حدیث:

حضرت ابو عبداللہ طارق بن شہاب البجلی الحمسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا جبکہ اس وقت آپ نے اپنا پاؤں رکاب میں رکھا ہوا تھا کہ کونسا جہاد افضل ہے؟ آپ نے فرمایا: ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا۔

خط کشیدہ کی وضاحت:

۱- الغرز: رکاب، حالت سواری میں پاؤں رکھنے کی جگہ۔

۲- جائر: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل فعل ثلاثی مجرد سے بمعنی ظالم ہے۔

H-M-HASNAIN-ASADI

مطلب یہ ہے کہ ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا جہاد سے افضل ہے، کیونکہ اس بات کی وجہ سے ممکن ہے کہ بادشاہ کی اصلاح ہو جائے اور وہ ظلم و زیادتی سے باز آ جائے۔اس طرح پوری قوم کو فائدہ پہنچ سکتا ہے۔

سوال نمبر 3: درج ذیل الفاظ کے معانی تحریر کریں؟

(۱) خَآئِنَةُ الْاَعْيُنِ، (۲) مَسْئُوْلاً، (۳) تَقْصِيْرٌ، (۴) اَلْمِنْزَرِ، (۵) اَلْمُتَنَطِّعُوْنَ، (۶) مَتَبَذِّلَةٌ (۷) اَلنَّوَاجِذُ، (۸) اَلصَّيْدُ، (۹) كِفْلٌ، (۱۰) سَفِيْنَةٌ، (۱۱) اَلصَّعْبُ، (۱۲) خَشَبٌ

جواب: الفاظ کے معانی:

(۱) چوری چھپکے کی نظر، (۲) کاٹی ہوئی، (۳) کمی کرنا، (۴) خوب تیار ہونا، (۵) شدت پسند لوگ، (۶) گمراہی، (۷) داڑھیں، (۸) مٹی، (۹) حصہ، بیٹا، (۱۰) کشتی، (۱۱) سخت، (۱۲) خوف، ڈر۔

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

تیسرا پرچہ: صرف

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: (الف) سہ اقسام لکھ کر ان کی تعریف کریں اور ہر ایک کی مثال دیں؟ ۳×۶=۱۸

(ب) مصدر، مشتق اور جامد میں سے ہر ایک کی تعریف کریں؟ ۴×۳=۱۲

سوال نمبر 2: (الف) مصدر سے کل کتنی اور کون کونسی چیزیں نکلتی ہیں؟ ۳+۱۲=۱۵

(ب) حروف علت لکھیں اور مہموز کی تینوں اقسام کی تعریف کر کے مثال دیں؟ ۳+۱۲=۱۵

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل میں سے پانچ اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ قلمبند کریں؟

۳×۵=۱۵

مضاعف، رباعی مجرد، فعل جحد، اسم زماں، لفظ موضوع، مرکب، ناقص

(ب) ثلاثی مجرد مطرد اور شاذ کے کل کتنے اور کون کون سے ابواب ہیں؟ (صرف نام لکھیں)

۱۰+۵=۱۵

سوال نمبر 4: (الف) درج ذیل کے بارے میں بتائیں کہ کون سے صیغے ہیں؟ ۴×۵=۲۰

ضُرِبْتَا، نَاصِرَةٌ، مَفْتُوحَاتٌ، اِسْمَعْنَ

(ب) درج ذیل صیغوں کے بارے میں بتائیں کہ یہ کس طرح بنتے ہیں؟ ۴×۵=۲۰

ضَارِبٌ، ضَرَبْنَ، ضُرِبَ، اِضْرَبُوْا

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

درجہ عامہ (برائے طالبات) سال دوم 2019ء

تیسرا پرچہ: صرف

سوال نمبر 1: (الف) سہ اقسام لکھ کر ان کی تعریف کریں اور ہر ایک کی مثال دیں؟

(ب) مصدر، مشتق اور جامد میں سے ہر ایک کی تعریف کریں؟

جواب: (الف) سہ اقسام کی تعریف اور امثلہ:

کلمہ کی تین اقسام ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱- اسم: وہ کلمہ ہے، جو اکیلا اپنا معنیٰ بتائے اور اس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے جیسے: زَیْدٌ۔

۲- فعل: وہ کلمہ ہے، جو اکیلا اپنا معنیٰ بتائے اور تینوں زمانوں میں سے کوئی زمانہ اس میں پایا جائے مثلاً ضَرَبَ، یَضْرِبُ۔

۳- حرف: وہ کلمہ ہے، جو اکیلا اپنا معنیٰ نہ بتائے جیسے: مِنْ، اِلٰی۔

(ب) مصدر، مشتق اور جامد کی تعریف:

اسم کی تین اقسام ہیں:

۱- مصدر: وہ اسم ہے، جو خود تو نہ کسی سے بنا ہو مگر اس سے دوسرے کلمات بنیں جیسے: ضَرْبًا۔

۲- مشتق: وہ اسم ہے، جو مصدر سے بنایا گیا ہو جیسے: یَضْرِبُ، ضَارِبٌ وغیرہ۔

۳- جامد: وہ اسم ہے، جو نہ خود کسی سے بنا ہو اور نہ اس سے کوئی لفظ بنے جیسے: حَجَرٌ، زَیْدٌ۔

سوال نمبر 2: (الف) مصدر سے کل کتنی اور کون کونسی چیزیں نکلتی ہیں؟

(ب) حروف علت لکھیں اور مہموز کی تینوں اقسام کی تعریف کر کے مثال دیں؟

جواب: (الف) مصدر سے نکلنے والی چیزیں:

ایک مصدر سے بارہ چیزیں نکلتی ہیں، جن میں سے چھ افعال اور چھ اسماء ہیں اور وہ حسب ذیل ہیں:

(۱) فعل ماضی، (۲) فعل مضارع، (۳) فعل جحد بلم، (۴) فعل امر، (۵) فعل نہی، (۶) فعل نفی، (۷) اسم فاعل، (۸) اسم مفعول، (۹) اسم زمان، (۱۰) اسم مکان، (۱۱) اسم تفضیل، (۱۲) اسم آلہ۔

(ب) حروف علت:

حروف علت تین ہیں:

(۱) واوٗ، (۲) الف، (۳) یاء

H-M-HASNAIN-ASADI

مہموز کی تعریف واقسام:

مہموز وہ کلمہ ہے، جس کے فاء، عین اور لام کے مقابلہ میں ہمزہ ہو، اس کی تین اقسام ہیں:

۱- مہموز الفاء: جس کے فا کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو، جیسے: اَمَرَ، اَمْرٌ۔

۲- مہموز العین: جس کے عین کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو، جیسے: سَئَلَ، سُؤَالٌ۔

۳- مہموز اللام: وہ ہے، جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو، جیسے: قَرَأَ، قَرْءٌ۔

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل اصطلاحات کی تعریف کریں؟

مضاعف، رباعی مجرد، فعل جحد، اسم زمان، لفظ موضوع، مرکب، ناقص

(ب) ثلاثی مجرد مطرد اور شاذ کے کل کتنے اور کون کون سے ابواب ہیں؟ (صرف نام لکھیں)

جواب: (الف) اصطلاحات کی تعریفات:

مضاعف: وہ کلمہ ہے، جس میں ایک جنس کے دو حروف ہوں جیسے: مَدَّ، مَدٌّ۔

رباعی مجرد: وہ کلمہ ہے، جس میں چار حروف اصلی ہوں جیسے: دَحْرَجَ، جَعْفَرٌ۔

فعل جحد: وہ فعل مضارع ہے، جس کے شروع میں لَمْ لگا کر بنایا جائے جیسے: لَمْ یَضْرِبْ۔

اسم زمان: وہ اسم ہے، جو کام کرنے کے زمانہ کو ظاہر کرے جیسے: مَضْرِبٌ۔

لفظ موضوع: وہ لفظ ہے، جو معنیٰ پر دلالت کرے جیسے: زَیْدٌ (ذات زید پر دلالت کرتا ہے)

مرکب: جو دو لفظوں سے مل کر بنے جیسے: قَامَ زَیْدٌ، زَیْدٌ قَائِمٌ۔

ناقص: وہ لفظ ہے، جس کے لام کلمہ میں حرف علت ہو، جیسے: دَعَا، دَعْوٌ۔

(ب) ثلاثی مجرد مطرد اور شاذ کے ابواب:

۱- ثلاثی مجرد مطرد پانچ ابواب ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) فَعَلَ یَفْعِلُ جیسے: ضَرَبَ یَضْرِبُ۔

(۲) فَعَلَ یَفْعُلُ جیسے: نَصَرَ یَنْصُرُ۔

(۳) فَعِلَ یَفْعَلُ جیسے: سَمِعَ یَسْمَعُ۔

(۴) فَعَلَ یَفْعَلُ جیسے: فَتَحَ یَفْتَحُ۔

(۵) فَعُلَ یَفْعُلُ جیسے: کَرُمَ یَکْرُمُ۔

۲- ثلاثی مجرد شاذ کے تین ابواب ہیں:

۱- فَعِلَ یَفْعِلُ جیسے: حَسِبَ یَحْسِبُ۔

۲- فَعُلَ یَفْعُلُ جیسے: فَضُلَ یَفْضُلُ۔

H-M-HASNAIN-ASADI

۳-فَعَلَ يَفْعُلُ جیسے: كَادَ يَكَادُ۔

سوال نمبر 4: (الف) درج ذیل کے بارے میں بتائیں کہ کون سے صیغے ہیں؟

ضُرِبَتَا، نَاصِرَةٌ، مَفْتُوحَاتٌ، اِسْمَعْنَ

(ب) درج ذیل صیغوں کے بارے میں بتائیں کہ یہ کس طرح بنتے ہیں؟

ضَارِبٌ، ضَرَبْنَ، ضُرِبَ، اِضْرِبُوْا

جواب: (الف) صیغوں کی وضاحت:

۱-ضُرِبَتَا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی مطلق مجہول صحیح از باب فَعَلَ يَفْعِلُ۔

۲-نَاصِرَةٌ: صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ يَفْعُلُ۔

۳-مَفْتُوحَاتٌ: صیغہ جمع مؤنث اسم مفعول ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ يَفْعَلُ۔

۴-اِسْمَعْنَ: صیغہ جمع مؤنث فعل امر حاضر معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعِلَ يَفْعَلُ۔

(ب) صیغوں کی ساخت:

۱-ضَارِبٌ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل، یہ يَضْرِبُ سے بنا، مضارع کی علامت یاء کو حذف کیا، فاکلمہ کو فتح دیا، فاء اور عین کلمہ کے درمیان اسم فاعل کی علامت الف لائے، عین کلمہ کو اپنی حالت پر چھوڑا اور لام کلمہ کو تنوین دی تو ضَارِبٌ ہوگیا۔

۲-ضَرَبْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مطلق معروف ضَرَبَتْ سے بنا ہے، فاء اور عین کلمہ کو اپنی حالت پر چھوڑا، تاء وحدت کو حذف کیا، عین کلمہ کو اپنی حالت پر چھوڑا اور نون مفتوح علامت جمع مؤنث غائب آخر میں لائے تو ضَرَبْنَ۔

۳-ضُرِبَ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مجہول، یہ ضَرَبَ سے بنا ہے، فاء کلمہ کو ضمہ دیا، عین کلمہ کو کسرہ دیا اور لام کلمہ کو اپنی حالت پر چھوڑا، تو ضُرِبَ ہوگیا۔

۴-اِضْرِبُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف، یہ تَضْرِبُوْنَ سے بنا ہے، قاعدہ کے مطابق علامت مضارع تاء کو حذف کیا، فاء کلمہ ساکن ہونے کی وجہ سے ہمزہ مکسورہ شروع میں لائے، نون اعراب کو گرادیا تو اِضْرِبُوْا ہوگیا۔

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشھادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

چوتھا پرچہ: نحو

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی تین سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ میں سے ہر ایک کی تعریف کر کے مثال دیں؟ ۲×۵=۱۰

سوال نمبر 2: (الف) مرکب غیر مفید کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ وضاحت کریں؟ ۱۵

(ب) فعل کی تعریف کر کے اس کی کوئی تین علامات لکھیں؟ ۴+۶=۱۰

(ج) جملہ میں کم از کم کتنے کلمات کا ہونا ضروری ہے اور کیوں؟ ۵

سوال نمبر 3: (الف) معرب کی تعریف کر کے مثال دیں؟ ۵

(ب) مرفوع متصل کی ضمیریں تحریر کریں؟ ۱۰

(ج) اسمائے موصولہ اور اسمائے ظروف تحریر کریں؟ ۷+۸=۱۵

سوال نمبر 4: (الف) معرفہ کی تعریف اور اقسام قلمبند کریں؟ ۱۰

(ب) جمع تکسیر اور جمع تصحیح میں سے ہر ایک کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ ۵+۵=۱۰

(ج) ظُلْمَةٌ، شَمْسٌ، قُوَّةٌ، هِنْدٌ، حُبْلٰى، مذکورہ الفاظ میں مؤنث کی اقسام واضح کریں؟ ۲×۵=۱۰

سوال نمبر 5: (الف) مضارع کو نصب دینے والے حروف تحریر کر کے ہر ایک کی مثال لکھیں؟ ۱۰

(ب) مندرجہ ذیل کی تعریف کریں؟ ۵×۴=۲۰

فاعل، مفعول مطلق، تمیز، حال

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

درجہ عامہ (برائے طالبات) سال دوم 2019ء

چوتھا پرچہ: نحو

سوال نمبر 1: جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ میں سے ہر ایک کی تعریف کر کے مثال دیں؟

جواب: جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ کی تعریف وامثلہ:

جملہ کی دو اقسام ہیں:

۱- جملہ خبریہ: وہ جملہ ہے، جس کے قائل کو سچا یا جھوٹا کہا جائے جیسے: زَيْدٌ قَائِمٌ، قَامَ زَيْدٌ۔

۲- جملہ انشائیہ: وہ جملہ ہے، جس کے قائل کو سچا یا جھوٹا قرار نہ دیا جائے جیسے: اِضْرِبْ۔

سوال نمبر 2: (الف) مرکب غیر مفید کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ وضاحت کریں۔

(ب) فعل کی تعریف کر کے اس کی کوئی تین علامات لکھیں؟

(ج) جملہ میں کم از کم کتنے کلمات کا ہونا ضروری ہے اور کیوں؟

جواب: (الف) مرکب غیر مفید اور اس کی اقسام:

مرکب غیر مفید: جب قائل خاموش ہو جائے تو سامع کو خبر یا طلب حاصل نہ ہو، اس کی تین اقسام:

۱- مرکب اضافی: یہ وہ مرکب غیر مفید ہے، جو دو اسموں سے ملکر بنے، پہلے کو مضاف کہتے ہیں اور دوسرے کو مضاف الیہ کہتے ہیں جیسے: غُلَامُ زَيْدٍ۔

۲- مرکب بنائی: وہ مرکب ہے کہ دو اسموں کو ملا کر ایک بنایا جائے اور دونوں کے درمیان حرف پوشیدہ ہو اس کی دونوں جزیں مبنی بر فتح ہوتی ہیں جیسے: اَحَدَ عَشَرَ۔

۳- مرکب منع صرف: یہ وہ مرکب ہے، جو دو اسموں سے ملکر بنے اور دونوں کے درمیان کوئی حرف پوشیدہ نہ ہو، اس کی پہلی جز مبنی اور دوسری معرب ہوتی ہے جیسے: بَعْلَبَكَّ۔

(ب) فعل کی تعریف اور اس کی علامات:

فعل وہ لفظ ہے، جو اکیلا اپنا معنی بتائے اور اس میں تینوں زمانوں میں سے کوئی زمانہ بھی پایا جائے جیسے: ضَرَبَ، يَضْرِبُ۔

فعل کی چند مشہور علامات حسب ذیل ہیں:

(۱) قَدْ شروع میں ہو جیسے: قَدْ ضَرَبَ، (۲) سین شروع میں ہو جیسے: سَيَضْرِبُ، (۳) سَوْفَ شروع میں ہو جیسے: سَوْفَ يَضْرِبُ، (۴) امر ہو جیسے: اِضْرِبْ، (۵) نہی ہو جیسے: لَا تَضْرِبْ، (۶) ضمیر مرفوع متصل آخر میں ہو جیسے: ضَرَبْتُ۔

H-M-HASNAIN ASADI

(ج) جملہ میں کم از کم کلمات کی تعداد:

جملہ میں کم از کم کلمات کی تعداد دو ہونی چاہیے تاکہ ایک کلمہ مسند اور دوسرا مسند الیہ ہو کر جملہ بن جائے جیسے: زَیْدٌ قَائِمٌ، قَامَ زَیْدٌ۔

سوال نمبر 3: (الف) معرب کی تعریف کر کے مثال دیں؟

(ب) مرفوع متصل کی ضمیریں تحریر کریں؟

(ج) اسمائے موصولہ اور اسمائے ظروف تحریر کریں؟

جواب: (الف) اسم معرب کی تعریف ومثال:

اسم معرب وہ ہے، جو غیر کے ساتھ مرکب ہو اور مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھے جیسے: زَیْدٌ اس مثال میں: جَاءَ نِی زَیْدٌ، رَأَیْتُ زَیْدًا، مَرَرْتُ بِزَیْدٍ۔

(ب) ضمائر مرفوع متصل:

وہ ضمیر ہے، جو رفع کی حالت پر دلالت کرے اور اپنے عامل کے ساتھی سے ملی ہوئی ہو۔ وہ تعداد میں چودہ ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

(۱) ضَرَبْتُ، (۲) ضَرَبْنَا، (۳) ضَرَبْتَ، (۴) ضَرَبْتُمَا، (۵) ضَرَبْتُمْ، (۶) ضَرَبْتِ، (۷) ضَرَبْتُمَا، (۸) ضَرَبْتُنَّ، (۹) ضَرَبَ، (۱۰) ضَرَبَا، (۱۱) ضَرَبُوْا، (۱۲) ضَرَبَتْ، (۱۳) ضَرَبَتَا، (۱۴) ضَرَبْنَ

(ج) اسماء موصولہ:

اسم موصولہ وہ ہے، جس کے بعد ایک جملہ ہوتا ہے، جو اس کا صلہ کہلاتا ہے اور موصول وصلہ ملکر جملہ کی جز تام بنتے ہیں۔ اسماء موصولہ حسب ذیل ہیں:

اَلَّذِیْ، اَلَّذَانِ اَلَّذَیْنِ، اَلَّذِیْنَ، اَلَّتِیْ، اَللَّتَانِ، اَللَّتَیْنِ، اَللَّاتِیْ، اَللَّوَاتِیَ، مَا، مَنْ، اَیّ، اَیَّۃٌ اور اسم فاعل واسم مفعول پر الف، لام اَلَّذِیْ کے معنیٰ سے آتے ہیں۔

اسماء ظروف:

اسماء ظروف وہ ہیں، جو کام کرنے کے وقت یا جگہ کو ظاہر کریں۔ اس طرح ظرف کی دو اقسام ہوئیں:

(۱) ظرف زمان: جس کا تعلق کام کرنے کے وقت کے ساتھ ہو، وہ درج ذیل ہے:

اِذْ، اِذَا، مَتٰی، کَیْفَ، اَیَّانَ، اَمْسِ، مُذْ، مُنْذُ، قَطُّ، عَوْضُ، قَبْلُ اور بَعْدُ جب مضاف ہوں اور مضاف الیہ محذوف منوی ہو تب یہ مبنی ہوں گے۔

H-M-HASNAIN-ASADI

۲-ظرف مکان: حَیْثُ، قُدَّامُ، تَحْتُ، فَوْقُ ۔جب یہ مضاف ہوں اور مضاف الیہ محذوف منوی ہوتب یہ مبنی بر رفع ہوں گے۔

سوال نمبر 4: (الف) معرفہ کی تعریف اور اقسام قلمبند کریں؟

(ب) جمع تکسیر اور جمع تصحیح میں سے ہر ایک کی تعریف کریں اور مثال دیں؟

(ج) ظُلْمَۃٌ، شَمْسٌ، قُوَّۃٌ، هِنْدٌ، حُبْلٰی، مذکورہ الفاظ میں مؤنث کی اقسام واضح کریں؟

جواب: (الف) اسم معرفہ کی تعریف اور اقسام مع امثلہ: اسم معرفہ وہ ہے' جو کسی خاص چیز کے لئے وضع کیا گیا ہو۔اس کی سات اقسام ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) ضمائر (۲) اعلام مثلاً زید وغیرہ (۳) اسماء اشارات مثلاً ذا وغیرہ (۴) اسماء موصولہ مثلاً اَلَّذِیْ وغیرہ (۵) معرفہ الف لام سے مثلاً اَلرَّجُلُ (۶) نکرہ جب ان پانچ قسموں کی طرف مضاف ہو' مثلاً غُلَامُ الَّذِیْنَ، غُلَامُ هٰذَا، غُلَامُ زَیْدٍ، عِنْدِیْ غُلَامُ الرَّجُلِ ۔(۷) معرفہ بحرف ندا مثلاً یَارَجُلُ ۔

(ب) جمع تکسیر و جمع تصحیح:

۱-جمع تکسیر: وہ جمع ہے' جس کے واحد میں تبدیلی کرکے جمع بنائی جائے جیسے: رَجُلٌ سے رِجَالٌ، کِتَابٌ سے کُتُبٌ۔

۲-جمع تصحیح: وہ جمع ہے' جس کے واحد کے آخر میں حروف کا اضافہ کر کے جمع بنائی جائے۔اس کی دو اقسام ہیں:

جمع صحیح مذکر: وہ ہے کہ واحد کے آخر میں واؤ نون یا یاء نون لگا کر جمع بنائی جیسے: مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمِیْنَ۔

جمع صحیح مؤنث: وہ ہے' جس کے واحد کے آخر میں الف، تاء لگا کر جمع بنائی جائے جیسے: مُسْلِمَۃٌ سے مُسْلِمَاتٌ۔

(ج) الفاظ کی تانیث کی وضاحت:

ظُلْمَۃٌ: مؤنث بتائے لفظی و مؤنث غیر حقیقی

شَمْسٌ: مؤنث غیر حقیقی

قُوَّۃٌ: مؤنث بتائے لفظی و مؤنث غیر حقیقی

هِنْدٌ: مؤنث بتائے تقدیری

حُبْلٰی: مؤنث بعلامت الف مقصورہ

سوال نمبر 5: (الف) مضارع کو نصب دینے والے حروف تحریر کر کے ہر ایک کی مثال لکھیں؟

(ب) مندرجہ ذیل کی تعریف کریں؟

فاعل، مفعول مطلق، تمییز، حال

جواب: (الف) فعل مضارع کو نصب دینے والے حروف اور ان کی امثلہ:

(۱) اَنْ: اُرِیْدُ اَنْ تَقُوْمَ

(۲) لَنْ: لَنْ اُکْرِمَكَ

(۳) کَیْ: اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ

(۴) اِذَنْ: اِذَنْ اُکْرِمَكَ، اس شخص کے جواب میں کہا جائے جو کہے: اَنَا اٰتِیْكَ غَدًا۔

(ب) اصطلاحات کی تعریفات:

۱۔ فاعل: وہ اسم ہے، جو ایسی ذات کو بتائے جس سے پہلے فعل یا شبہ مسند اس کی طرف اس طریقہ سے کہ اس کے ساتھ قائم ہو اور اس پر واقع نہ ہو، جیسے: قَامَ زَیْدٌ۔

۲۔ مفعول مطلق: وہ مفعول ہے، جو فعل مذکور کا ہم معنی ہو، جیسے: ضَرَبْتُ ضَرْبًا۔

۳۔ تمییز: وہ اسم ہے، جو ابہام کو دور کرے جیسے: طَابَ زَیْدٌ نَفْسًا۔

۴۔ حال: وہ اسم ہے، جو فاعل یا مفعول یا دونوں کی حالت پر دلالت کرے جیسے: جَاءَنِیْ زَیْدٌ رَاکِبًا، ضَرَبْتُ زَیْدًا مَشْدُوْدًا، لَقِیْتُ زَیْدًا رَاکِبَیْنِ۔

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN ASADI

اِدَارۂ ضِیَاءُ السُّنَّۃ
ہر قسم کی اسلامی کتب دستیاب ہیں
نزد مسجد پیپل والی اندرون بوہڑ گیٹ ملتان
0306-6521197, 0333-6142767

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

پانچواں پرچہ: عربی ادب

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے جبکہ ہر سوال میں جزوی رعایت موجود ہے۔

